کچھ عرصہ ہوا ایک صاحب کا علاج کیا تھا جو اپنی شادی کے ایک برس بعد سردیوں میں شام کو تنہا کر موٹر سائیکل پر گھومنے نکل گئے تھے۔ اس وقت جو ہوا لگی اس کے اثرات آہستہ آہستہ بڑھتے چلے گئے۔ چند برس بعد وہ دمہ کا شکار ہوئے۔ دس سال تک تکلیف اٹھاتے رہے۔ بالآخر مسلسل پانچ ماہ کے علاج کے بعد مکمل صحت یاب ہوئے۔ سرد موسم میں احتیاط بہت لازم ہوتی ہے۔ ورنہ بات کہاں کی کہاں پہنچ جاتی ہے۔ بالخصوص یہ موسم چھوٹے بچوں اور بوڑھے افراد کیلئے نقصان دہ ہوسکتا ہے۔ بوڑھے افراد تو پھر بھی خود احتیاط کر سکتے ہیں مگر بچوں کو کرانا پڑتی ہے۔ بوڑھے افراد خاص طور پر سانس اور کھانسی کی تکلیف میں مبتلا ہوا کرتے ہیں اور اگر ایسے افراد سگریٹ نوش بھی ہوں تو سونے پر سہاگہ ہوجاتا ہے۔ کھانسی کسی پل قرار نہیں لینے دیتی۔ کھانسی ہوتی رہتی ہے۔ سینہ پر بلغم جما ہوا ہوتا ہے مگر بمشکل خارج ہوا کرتا ہے اسی وجہ سے سانس میں دشواری ہوجاتی ہے۔ اس عمر میں آکر سگریٹ نوشی چھوڑنا دشوار ترین کام ہوجاتا ہے اور وہ گزرا زمانہ یاد آیا کرتا ہے۔ جب یہ نشہ شروع کیا تھا اب اگر آج کے نوجوانوں کو یہ بات سمجھائی بھی جائے تو سمجھنا بہت مشکل ہے پہلے پہل تو شوق میں ایک آدھ سگریٹ پی لی جاتی ہے پھر یہ بتدریج بڑھتی جاتی ہے حالانکہ پیکٹ پر وزارت صحت کی وارننگ موجود ہوتی ہے مگر اس طرف توجہ ہی نہیں دی جاتی۔ بوڑھے افراد کی مندرجہ بالا کیفیت کیلئے دو تین گھریلو نسخے پیش خدمت ہیں ان پر عمل پیرا ہو کر وہ اپنی کیفیات میں کافی کمی محسوس کریں گے۔ رات کے کھانے کے بعد آدھ کپ بغیر چینی کا قہوہ بنوائیں اور اس میں ایک چمچ شہد کا ملا کر پی لیا کریں۔ عصر و مغرب کے درمیان معمول بنالیں کہ ایک کپ گرم پانی میں دو چمچ شہد ملا کر پینا ہے۔ انشاء اللہ اس پر عمل کر کے ان کا موسم سرما بہت بہتر گزر سکے گا۔ روزانہ صبح نو سے دس بجے کے درمیان دھوپ میں بیٹھنے کی عادت ڈالیں۔ سورج کی گرم شعاعیں جو فائدہ پہنچائیں گی وہ کمبل یا لحاف کی گرمائی نہیں پہنچا سکتی۔ اگر خدانخواستہ رات کو کھانسی کی شدت کی وجہ سے سانس میں دشواری ہو تو کسی برتن میں گرم پانی لے کر دونوں ہاتھوں کو ڈبوئے رکھیں، انشاء اللہ بہتری ہوگی۔ ٹھنڈی تاثیر والے پھل انگور، انار، کیلا، امرود، کینو ان کے لیے نقصان کا باعث ہوں گے۔ قطعی استعمال نہ کریں۔ اسی طرح چاول یا دہی کا استعمال بھی نقصان دہ ہوگا۔ دو تین دہائی قبل تک بڑے بزرگ گڑ کا استعمال کیا کرتے تھے جس کی وجہ سے اس قسم کی صورتحال سے واسطہ نہیں پڑتا تھا مگر آج کل تو دیکھنے میں بھی نہیں آتا ممکن ہے کہ چھوٹے شہروں یا گاؤں میں اب بھی استعمال ہوتا ہو، سالانکہ اس کو استعمال کرنے سے سینہ صاف ہوجاتا ہے۔

ناشتہ: ناشتہ میں اپنے مزاج اور حالات کے مطابق نیم گرم دودھ استعمال کریں۔ یاد رکھیں! شیرگرم طبیعت میں چستی پیدا کرتا، قبض کشا اور جسم کیلئے بہت مفید ہے۔ چائے کی عادت ہو تو چائے کے ساتھ دو انڈے ابلے ہوئے کھائیں۔ دائمی قبض و خشکی ہو تو روزانہ انجیر خشک پانچ پانچ دانے دونوں وقت کھانے کے بعد کھائیں۔ دو تین ماہ کھانے سے دس میں مالی کی تبخیر دور ہوجائے گی اور اجابت با آسانی آئے گی۔ انجیر دوا اور غذا دونوں کا کام دیتی ہے۔ باطنی بیماریوں سے بچاتی ہے۔ دودھ کے ساتھ ایک پراٹھا جس میں نصف آٹا گندم نصف بیسن پانی کی بجائے دودھ، معمولی نمک اور سیاہ مرچ اور گھی دیسی ملا کر گوندھ لیں مزید ایک دو انڈے ملالیں تو یہ پراٹھا بہترین غذائیت سے بھرپور خوراک کا کام دے گا۔ اس کے مقابلہ میں ڈبل روٹی، بسکٹ، مٹھائیاں کھانا بالکل فضول ہے۔ پراٹھا کھا کر اوپر سے دودھ پی لیں۔ جن لوگوں کو دودھ پینے سے ریشہ، بلغم بنتا ہو اور جوڑوں میں درد ہوتا ہو تو وہ دار چینی پیس کر رکھ لیں اور دودھ ایک کلو ابالتے وقت تین گرام سفوف دارچینی ڈال دیا کریں۔ یہ دودھ چائے سے زیادہ مفید، جلد ہضم ہوگا۔ جسم میں حرارت پیدا کرے گا۔ ریشہ، بلغم ختم کرے گا۔

دوپہر کا کھانا: اس مہینے میں دوپہر کا کھانا ایک بجے تک کھالیجئے۔ شلغم، چقندر، گاجر، آلو، گوبھی وغیرہ سبز ترکاریاں تنہا یا گوشت کے ساتھ پکائی ہوئی چپاتی کے ساتھ کھائیں۔ اگر سبز ترکاریاں اکیلی پکائی جائیں تو ان کو گھی اور مصالحے کے ساتھ بھون کر تھوڑے پانی کا چھینٹا دے کر پکائی جائیں۔ یہاں تک کہ وہ بالکل گل جائیں اور ان میں فالتو پانی نہ رہے اس طرح پکائی ہوئی سبزیاں نہایت لذیذ ہوتی ہیں۔ ان کو گوشت کے ساتھ پکایا جائے تو اس صورت میں بھی شوربا برائے نام رکھا جائے۔ کھانا کھانے کے بعد کوئی مناسب پھل کھائیے۔ انار، جاپانی پھل، سیب وغیرہ۔

رات کا کھانا: رات کو آٹھ نو بجے کے درمیان کھانا کھالیجئے۔ کھانے میں موسمی ترکاریاں شلغم، چقندر، آلو، گوبھی، گاجر وغیرہ۔ ان کو گوشت کے ساتھ پکوا کر روٹی کے ساتھ کھائیے یا دال چاول، شوربا چاول کھائیں۔ بریانی، پلاؤ بھی مناسب ہے۔ ان کے ساتھ شامی کباب، مچھلی، مرغی بھی اس مہینے میں بہترین سالن ہے۔ ہفتہ میں ایک دن مرغی اور مچھلی ضرور کھائیں۔ مرغی اور مچھلی متواتر کھانا نقصان دہ ہے۔ احتیاط کریں۔ بھنا گوشت اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔

سستی اور کاہلی دور

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس سستی اور کاہلی دور کرنے کا نہایت آسان طریقہ ہے۔ 1۔ صبح اٹھ کر غسل کریں۔ 2۔ پانچ وقت نماز کی پابندی کریں۔ 3۔ روزمرہ کاموں کا ٹائم ٹیبل بنائیں اور اس پر سختی سے عمل کریں۔ ان نکات پر عمل کرنے سے انشاء اللہ سستی دور ہوجائے گی۔ (مستغیث الرحمٰن رحمانی، بھکر)

WWW.PAKSOCIETY.COM

ذی الحج کا خاص عمل جو مانگو گے ملے گا (انشاء اللہ)

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد خلق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

ذی الحجہ اسلامی سال کا بارہواں مہینہ ہے۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ تمام مہینوں کا سردار رمضان المبارک کا مہینہ ہے اور تمام مہینوں میں حرمت والا مہینہ ذی الحجہ ہے۔

وظائف:۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ وقوف عرفہ میں اس دعا سے افضل اور کوئی قول یا عمل نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ اس دعا کو پڑھنے والے کی طرف توجہ فرماتا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ عرفات میں قبلہ رو ہو کر دعا مانگنے والے کی طرح دونوں دست مبارک پھیلا کر تین مرتبہ لبیک فرماتے پھر ایک سو مرتبہ یہ فرماتے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَ يُمِيْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ پھر ایک سو مرتبہ یہ (مبارک کلمات ارشاد) فرماتے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا۔ اس کے بعد تین مرتبہ یہ فرماتے اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ پھر تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھتے۔ ہر مرتبہ سورۃ فاتحہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سے شروع فرماتے اور آمین پر ختم کرتے اس کے بعد پھر ایک سو مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھتے۔ پھر ایک مرتبہ یہ پڑھتے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ اس کے بعد آپ ﷺ جو چاہتے دعا فرماتے۔ حضور نبی کریم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص اس طرح دعا کرتا ہے فرشتوں سے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندہ کو دیکھو اس نے میرے گھر کی طرف رخ کیا۔ میری بزرگی بیان کی تسبیح و تہلیل میں مشغول ہوا اور جو سورۃ مجھے سب سے زیادہ محبوب تھی وہی پڑھی اور میرے رسول پر درود بھیجا۔ میں تم کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے اس کے عمل کو قبول کیا اس کے اجر کو واجب کر دیا اس کے گناہ بخش دیئے اور اس نے جو کچھ مانگا میں نے اس کی سفارش قبول کی۔ (غنیۃ الطالبین)

عیدالاضحیٰ کی شب:۔ جو کوئی عیدالاضحیٰ کی شب چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت کے بعد ستر مرتبہ درود پاک پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کی معافی عطا فرمائے گا۔ جو کوئی عیدالاضحیٰ کے دن نماز عشاء کے بعد دس رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورۃ والضحیٰ اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد ایک سو مرتبہ استغفار اور ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ ثواب عظیم حاصل ہو جو کوئی عیدالاضحیٰ کی شب بارہ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر مرتبہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ سلام کے بعد ایک مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ پڑھے پھر دس مرتبہ سورۃ اخلاص ایک مرتبہ سورۃ الناس پڑھے تو انشاء اللہ اس کو دس شہیدوں کا ثواب عطا ہوگا اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے جنت الفردوس میں جگہ عنایت فرمائے گا۔

عیدالاضحیٰ کے دن:۔ جو کوئی عیدالاضحیٰ کے دن نماز عید کی ادائیگی کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد پانچ پانچ مرتبہ سورۃ والشمس پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ اس کو حج کا ثواب عطا ہوگا۔ جو کوئی عیدالاضحیٰ کی نماز کے بعد چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ واللیل ایک مرتبہ پڑھے دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ والشمس، تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ والضحیٰ اور چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ نماز پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو پروردگار عالم اس کے گناہوں کی معافی فرمائے گا۔ پھر جب عیدگاہ سے نماز پڑھ کر گھر میں آئے تو دو رکعت نفل نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھے اگر مفلس ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ قربانی کرنے کا ثواب حاصل ہوگا۔ عیدالاضحیٰ کے دن جو کوئی ظہر کی نماز کے بعد بارہ رکعت نفل (باقی صفحہ نمبر 12 پر)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل "مرکز روحانیت و امن" میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 11 اکتوبر بروز ہفتہ رات 9 بجے سے 10 بجکر 23 منٹ تک۔ 21 اکتوبر بروز منگل عصر تا مغرب۔ 31 اکتوبر بروز جمعہ صبح 10 بجکر 11 منٹ سے لیکر 11 بجکر 23 منٹ تک۔ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھیں۔ یہ ذکر یکسوئی بن کر خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور ہوتی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی ہلکی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کیساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آ جائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔

(ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفی عنہ)

روحانی محفل سے فیض پانے والے

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! پچھلے چند سالوں سے میں کاروبار کے سلسلے میں بہت پریشان تھا میرا کاروبار دن بدن تنزلی کا شکار تھا عبقری رسالہ میں پچھلے تقریباً دو سال سے مسلسل پڑھ رہا ہوں تقریباً ایک سال پہلے اس میں سے دیکھ کر میں نے روحانی محفل کرنا شروع کی۔ الحمدللہ! باقاعدگی سے روحانی محفل کرتا ہوں اب میرا کاروبار دن بدن ترقی کر رہا ہے رزق میں بھی برکت ہے اور گھر میں بھی بے سکونی کی جگہ سکون نے لے لی ہے۔ (محمد مجید، کراچی)

WWW.PAKSOCIETY.COM

حضرت شاہ جمال الدین غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

اگر کوئی شخص چاہے کہ وہ دنیا میں ہر دل عزیز ہو اور دنیا کے لوگوں سے ہر لحاظ سے بے نیاز ہو تو اس کیلئے روزانہ کسی بھی نماز کے بعد اکتالیس بار یَاعَزِیْزُ پابندی سے پڑھے۔ ناغہ نہ کرے ہمیشہ پابندی سے پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ تمام دنیا سے بے نیاز ہو جائے گا۔

زبان کی سوجن کے لیے

اکتالیس مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کیا جائے زبان کی سوجن ختم ہو جائے گی۔ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ (فاطر 41)

لقوہ کا روحانی علاج

جس شخص کو لقوہ ہو گیا ہو تو یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالا جائے انشاء اللہ شفا ہو گی۔ قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۚ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ۔ (بقرہ 144) یا اسی آیت کو ایک سو ایک مرتبہ پانی پر دم کر کے لقوہ کے مریض کو پلائیں۔

جن و آسیب کی بندش

جب کسی مریض کے سر پر عامل نے کسی آسیب و جن کو حاضر کیا ہو یا بذات خود آسیب یا جن حاضر ہوا ہو اور اس کو قید کرنا ہو تو سرخ ریشم کا دھاگہ لے اور پھر سات تار کے پانچ گنڈے بنائے اور ہر گنڈے پر سات گرہ لگائے ہر گرہ پر مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر دم کر کے پھر گرہ کو بند کرے بوقت ضرورت ایک گنڈا مریض کے گلے میں باندھے دوسرا داہنے بازو پر باندھے تیسرا بائیں بازو پر باندھے چوتھا گنڈا داہنے پیر میں باندھے اور پانچواں گنڈا بائیں پیر میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب و جن قید ہو گا اور راہ فرار اختیار نہ کر سکے گا جب تک گنڈے بندھے رہیں گے قید میں رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے: خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ۖ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۖ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ۔ (بقرہ 7)

حلق کی خراش اور درد کیلئے

حلق کی خراش اور درد کیلئے ایک سو ایک بار یہ آیت گوند کے کچھ حصہ پر دم کر کے حلق کے اندر لگائیں اور اسی آیت کو سات بار نمک پر بھی پڑھ کر لگائیں۔ مجرب ہے۔ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿۸۳﴾ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿الواقعۃ ۸۴﴾

گلے کی تمام بیماریوں کیلئے

یہ آیت لکھ کر پہننا گلے کی تمام بیماریوں کیلئے مفید ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يَامُغِيْثًا بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

ہچکی بند کرنے کیلئے

تین سانس میں پانی پئیں اور ہر سانس پر سات مرتبہ یَاحَفِیْظُ پڑھا جائے انشاء اللہ ہچکی بند ہو جائے گی۔

سحر سے نجات

سحر اور آسیبی اثرات سے نجات کیلئے حروف مقطعات بہت موثر ہیں اسی طرح دشمنوں پر غلبہ اور فتح پانے کیلئے بھی حروف مقطعات تیر بہدف تاثیر رکھتے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت خضر علیہ السلام نے دشمنوں پر غلبہ اور فتح حاصل کرنے کیلئے یہ دعا بتائی تھی۔ جو شخص روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اس کے درمیان میں یہ دعا اور حروف مقطعات ایک سو بار پڑھے گا اسے کوئی دشمن کسی طرح بھی زیر نہیں کر سکے گا۔ وہ دعا یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الٓمٓ۔ الٓمٓصٓ۔ الٓرٰ۔ كٓهٰيٰعٓصٓ۔ طٰهٰ۔ طٰسٓمٓ۔ طٰسٓ۔ يٰسٓ۔ صٓ۔ حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔ حٰمٓ۔ قٓ۔ نٓ۔ يَامَنْ هُوَ يَامَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اغْفِرْلِىْ وَانْصُرْنِىْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ۔

آسیب سے نجات

اگر کسی پر آسیبی اثرات ہوں اور وہ اس کے سبب اول فول بکتا ہو اور بہکی بہکی باتیں کرتا ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ سورۃ جن کی آیات ابتدا سے شَطَطًا تک چھ مرتبہ باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر دیں اور مریض کو دن میں چار مرتبہ پلائیں۔ 1۔ اول صبح ناشتہ سے پہلے۔ 2۔ دوم دوپہر کھانے سے پہلے۔ 3۔ تیسرے بعد نماز عصر۔ 4۔ چوتھے بعد نماز عشاء جب تک آسیبی عمل کی شکایت ہو یہ عمل مسلسل کریں انشاء اللہ تعالیٰ آسیب سے نجات حاصل ہو گی۔ سورۃ جن کی آیات یہ ہیں: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ اُوْحِىَ اِلَىَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝١ يَّهْدِىْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۖ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝٢ وَّاَنَّهُ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝٣ وَّاَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝٤

رزق میں برکت

یہ عمل رزق میں برکت اور ترقی کیلئے بہت موثر اور مفید ہے۔ اس کے پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے روزی کا انتظام ہو جائے گا اگر آمدنی کم ہے تو آمدنی میں اضافہ ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے: ایک وقت مقرر کر کے باوضو قبلہ رخ ہو کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر گیارہ گیارہ مرتبہ یَامُغْنِیُ پڑھے۔ پھر گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن تک مسلسل بلاناغہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے امداد ہو گی۔

ہر دل عزیزی کیلئے

اگر کوئی شخص چاہے کہ وہ دنیا میں ہر دل عزیز ہو اور دنیا کے لوگوں سے ہر لحاظ سے بے نیاز ہو تو اس کیلئے روزانہ کسی بھی نماز کے بعد اکتالیس بار یَاعَزِیْزُ پابندی سے پڑھے۔ ناغہ نہ کرے ہمیشہ پابندی سے پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ تمام دنیا سے بے نیاز ہو جائے گا۔ اس کی عزت و عظمت لوگوں کے دلوں میں بیٹھ جائے گی۔

ہر حاجت پوری ہونے کیلئے

اگر کوئی حاجت پیش آ گئی ہو تو آدھی رات کو اٹھ کر وضو کر کے تین سجدے کرے۔ پھر ہاتھ اٹھا کر ایک سو بار یَاوَهَّابُ پڑھے۔ تین روز مسلسل بلاناغہ یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے ہر حاجت پوری ہو جائے گی۔

اولاد نرینہ کیلئے کامیاب عمل

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! ناچیز ایک آزمودہ اور مجرب عمل اولاد نرینہ کیلئے ارسال کر رہا ہے جس نے کبھی کیا وہ مایوس نہیں ہوا۔ عمل: دوران حمل تیسرے ماہ کے شروع میں فجر یا عشاء کی نماز کے بعد ایک مقررہ وقت میں شوہر نے اپنی بیوی کی ناف پر انگلی سے حلقہ بناتے ہوئے گیارہ مرتبہ کوئی درود شریف اور ستر مرتبہ یَامَتِیْنُ سات روز تک پڑھنا ہے۔ انشاء اللہ اولاد نرینہ ہی پیدا ہو گی۔ (ظفر اقبال جاوید، سرگودھا)

WWW.PAKSOCIETY.COM

حضرت علیؓ نے فرمایا: جب میری دعا قبول ہوتی ہے تو میں خوش ہوتا ہوں کہ یہ میری مرضی ہے، جب میری دعا قبول نہیں ہوتی تو میں اور خوش ہوتا ہوں کہ یہ اللہ کی مرضی ہے۔

دنیا کے مشہور ترین معالج سے ملاقات

سیب اپنی غذائیت کے لحاظ سے دنیا کا مشہور پھل ہے۔ بچے، بوڑھے، صحت مند، مریض سب اسے رغبت سے کھاتے ہیں۔ یہ پھل زود ہضم اور بہت سے فوائد کا حامل ہے۔ قدیم مذہبی کتابوں میں سیب کا ذکر کیا جاتا ہے۔ پتھر کے زمانے کی جو تصاویر دستیاب ہوئی ہیں ان پر بھی اس پھل کی تصویر نقش ہے۔ سیب کے فوائد: ہائیڈل برگ یونیورسٹی مغربی جرمنی کے پروفیسر معور کہتے ہیں کہ سیب استعمال کرنے سے کئی بیماریاں دور ہوتی ہیں۔ ننھے بچوں کے پیٹ کے امراض کیلئے سیب خاص طور پر فائدہ مند ہے۔ سیب کھانے سے بدن میں ایک نئی طاقت کا احساس ہوتا ہے۔ فاسفورس اور فولاد کی موجودگی کے باعث یہ پھل ایک بہترین غذا ہے۔ دماغی صلاحیتوں کو تیز کرتا ہے۔ یونانی طبیب بھی سیب کی اہمیت تسلیم کرتے ہیں۔ ضعف قلب اور کمزوری کیلئے سیب کا مربہ کثرت سے استعمال کیا جاتا ہے۔ خواص الادویہ میں لکھا ہے "سیب فرحت پیدا کرتا ہے دل و دماغ اور جگر و معدہ کو قوت بخشتا اور ہو کے جسم کو فربہ کرتا ہے۔" شہد، پودینہ، گلقند اور دارچینی سیب کے مصلح ہیں۔ بے خوابی کے مریض میٹھے سیب کا تین چھٹانک رس نکال کر اس میں تین ماشے بہی دانہ پوٹلی باندھ کر جوش دیں اور ٹھنڈا ہونے پر پی لیں۔ ایک سے ڈیڑھ ہفتے تک استعمال کریں۔ کچھ لوگوں کا کام ہر وقت بیٹھے رہنے کا ہوتا ہے۔ اس سے جگر میں سستی پیدا ہوجاتی ہے اور جسمانی و ذہنی صلاحیتیں زنگ آلود ہونے لگتی ہیں۔ جسم کمزور ہونے لگتا ہے۔ یہ مرض دور کرنے کیلئے ایک میٹھا سیب لیں اور قاشیں کاٹ کر چینی کی پلیٹ میں ایسی جگہ رکھیں جہاں چاندنی کی روشنی پڑتی ہو۔ صبح اٹھ کر یہ قاشیں کھائیں۔ ایک ڈیڑھ ماہ باقاعدہ کھانے سے آپ اپنے اندر حیرت انگیز تبدیلی اور چستی محسوس کریں گے۔ آشوب چشم کے لیے ایک تولہ سیب کا عرق نکال لیں اور اس میں چھان کر چار رتی پھٹکری بریاں ملا دیں۔ ڈراپر سے دو تین قطرے آنکھوں میں ڈالیں آرام آئے گا۔ اشتہا بند ہوگئی ہو معدہ کمزور ہو اور کھانے پینے کو دل نہ چاہتا ہو کمزوری بڑھ رہی ہو تو ایک سیب ترش کا پانی نکال کر اسے آٹے میں ملا کر ٹکیہ پکا کر کھائیں۔ کمزور معدے والے لوگ ایک سیب بھوبل میں دبا کر بھرتا کرکے ہر روز کھائیں۔ تازہ سیب کے رس میں سیاہ مرچ، زیرہ اور نمک کا سفوف ملا کر پینے سے بھوک لگتی ہے اور معدے کو تقویت ملتی ہے۔ وہم کا علاج تو کہتے ہیں لقمان کے پاس بھی نہ تھا لیکن ایک ٹوٹکہ سیب کا ہے جس کے مسلسل استعمال سے بیماری دور ہوجاتی ہے۔ صبح و شام کے کھانے تک میٹھے سیب شامل کرلیں۔ انشاء اللہ مرض آہستہ آہستہ دور ہوجائے گا۔ ایک سیب روز کھانے سے آپ اپنی صحت کو محفوظ کرسکتے ہیں۔ اس طرح جسم میں کیلشیم کی مقدار زیادہ نہیں بڑھے گی۔ چونا پاخانے کے راستے جسم سے خارج ہوتا رہے گا۔

سیب صالح خون پیدا کرتا ہے۔ چہرے کی جلد کیلئے اس سے بہتر ٹانک کوئی نہیں۔ عارضی میک اپ تھوڑی دیر کیلئے چہرے کو حسن بخشتا ہے مگر یہ قدرتی حسن کا بدل نہیں ہوتا۔ سیب کے استعمال سے چہرے کا رنگ خوش نما ہے اور جلد ملائم ہوجاتی ہے۔

سیب صالح خون پیدا کرتا ہے۔ چہرے کی جلد کیلئے اس سے بہتر ٹانک کوئی نہیں۔ عارضی میک اپ تھوڑی دیر کیلئے چہرے کو حسن بخشتا مگر یہ قدرتی حسن کا بدل نہیں ہوتا۔ سیب کے استعمال سے چہرے کا رنگ خوش نما اور جلد ملائم ہوجاتی ہے۔ سیب کی سرخی رخساروں کو بھی سرخ کردیتی ہے۔ مربہ بنانے کا طریقہ: موٹے اور بے داغ سیب لے کر بیج نکال لیں اور چھیل کر اچھی طرح دھولیں پھر کانٹے سے گود لیں اور نمکین پانی میں ڈالتے جائیں تاکہ ہوا لگنے سے پھل کا رنگ خراب نہ ہو۔ ایک سیر چھلے ہوئے سیب کے لیے ایک سیر چینی میں چار چھٹانک پانی ڈال کر قوام تیار کریں اور اس میں سیب کی قاشیں ڈال کر دس منٹ پکائیں۔ رات بھر پڑا رہنے دیں اور اگلے روز پھر پکائیں خوب گاڑھا ہوجائے تو اتار لیں۔ چاندی کے ورق لگا کر حسب خواہش استعمال کرسکتے ہیں۔ مقوی قلب اور مقوی دماغ ہے۔

(بقیہ: ذوالحجہ کا خاص عمل جو مانگو گے ملے گا)

نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ فلق اور گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ ناس پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو بفضل باری تعالیٰ اس کو قیامت کے دن آسانی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ گناہوں کو معاف فرمادیں گے اور نامۂ اعمال میں نیکیاں لکھی جائیں گی۔

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد یَاحَافِظُ یَاحَفِیْظُ پڑھیں اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ "آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کررہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں" یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور جاتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات، فوائد اور اور تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

مراقبہ سے فیض پانے والے

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں رسالہ تقریباً دو سال سے پڑھ رہی ہوں اور مراقبہ بھی ہر ماہ کرنے کی کوشش کرتی ہوں۔ ابھی پچھلے ماہ میں نے عشاء کی نماز کے بعد مراقبہ کیا تو میری یہ کیفیت تھی کہ مراقبے میں بیٹھنے کے کچھ دیر کے بعد میں نے اپنے جسم کو ہلتا محسوس کیا پھر اچانک میں نے بہت زیادہ روشنی دیکھی بادل دیکھے اور چمکتے ہوئے ستارے دور سے میرے دل کی طرف آئے تو میرے دل سے اللہ اللہ کا ورد تیز ہوگیا اور اس دوران میں نے ایک چہرہ بھی دیکھا جس کے بال کھلے ہوئے اور سیدھی مانگ تھی اور گھنگھریالے بال تھے بڑی بڑی پیاری آنکھیں تھیں مجھے دیکھ کر ان کے ہونٹوں پر مسکراہٹ تھی پھر وہ اچانک نظروں سے اوجھل ہوگئے پھر بادل نظر آئے اور روشنی تیز ہوگئی اور ستارے چمکتے ہوئے نظر آئے اور پھر میرا رابطہ ٹوٹ گیا اور میری آنکھیں کھل گئیں۔ (ر،ج)

WWW.PAKSOCIETY.COM

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج

طبی مشورے

- کمر میں شدید درد
- نوجوانوں کیلئے لاجواب نسخہ
- پچکے گال چہرہ خراب
- گھٹنوں کے درد کا علاج

توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلر ہرگز استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

نوٹ: وہی غذا کھائیں جو آپ کیلئے تجویز کی گئی ہے۔ مضمون مختصر لکھیں تاکہ جواب دینے میں آسانی ہو۔

کمر میں شدید درد

میری عمر 52 سال ہے۔ اٹھتے بیٹھتے کمر میں شدید درد ہوتا ہے جو برداشت نہیں ہوتا۔ کندھوں میں بھی درد ہے۔ براہ کرم کوئی آسان سا نسخہ بتادیں۔ (ش، خ)

جواب: اسگندھ ناگوری ایک عام بوٹی ہے۔ اگر نہ ملے تو پنساری سے لے لیں اور کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ اس میں ہم وزن شکر اور دیسی گھی ملا کر رکھ لیں۔ روزانہ صبح وشام نہار منہ ایک ایک چھوٹی چمچ دودھ سے کھائیں۔ انشاء اللہ العزیز پندرہ دن میں مکمل فائدہ ہوگا۔ ایک تولہ پاؤڈر اسگندھ ناگوری' دو تولہ سوجی' تین تولہ چینی شامل کر کے حلوہ بنائیں اور صبح نہار منہ لے لیں۔ ایک ہفتہ کا علاج کافی ہے۔ غذا نمبر 2 استعمال کریں۔

نوجوانوں کیلئے لاجواب نسخہ

میری عمر 21 سال ہے' پیشاب کے ساتھ قطرے آتے ہیں' دو بھی لیس دار۔ میں نے اس کے علاج کیلئے بہت دھکے کھائے ہیں مگر سوائے وقتی فائدہ کے اور کچھ حاصل نہ ہوا۔ اس کا مستقل علاج تجویز فرمادیں۔ (عبدالقیوم خان' ملتان)

جواب: ایک نسخہ بہت اعلیٰ قسم کا بزرگوں سے ملا تھا وہی پیش کررہا ہوں' شفاء من جانب اللہ ہے۔ **ھوالشافی:** الائچی خورد اور سرو چینی ہم وزن لے کر کوٹ کر باریک پیس لیں اور کپڑ چھان کرلیں اور اتنی مقدار میں ہی شکر شامل کر کے نصف چمچ چائے والی صبح وشام نہار منہ دیں۔ دو ہفتہ میں مکمل فائدہ ہوگا۔ اس نسخہ کو لیکوریا کیلئے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ غذا نمبر 1 استعمال کریں۔

فارغ البالی کا علاج

میرے ایک دوست فارغ البال ہونے والے ہیں۔ یعنی ان کے بال تیزی سے گررہے ہیں اور آدھا سر گنجا ہوچکا ہے۔ کیا ان کا علاج بھی ممکن ہے؟ وہ اس حوالے سے بہت پریشان ہیں' طرح طرح کے شیمپو اور آئل استعمال کر کر کے تھک چکے ہیں۔ (چوہدری بشیر احمد)

جواب: میرے پاس گنجاپن دور کرنے کا ایک نسخہ ہے امید ہے اس سے آپ کے دوست کو فائدہ ہوگا۔ **ھوالشافی:** اندرائن جسے پنجابی میں کوڑتمہ کہتے ہیں کی بیل کے پتوں کو لے کر کوٹ لیں اور کپڑے سے نچوڑ کر پانی نکال لیں اور روزانہ رات سر پر لگایا کریں۔ ہر روز نیا پانی نکال کر استعمال کریں۔ انشاء اللہ چالیس روز کے استعمال سے نئے بال نکل آئیں گے۔

ہائی بلڈ پریشر اور بیل

مجھے ہائی بلڈ پریشر ہے' سر چکراتا ہے' ہر وقت طبیعت میں بے چینی سی رہتی ہے' مزاج میں چڑچڑاپن بہت زیادہ ہے' اس چڑچڑے پن کی وجہ سے میرے اپنے اب مجھ سے دور ہورہے ہیں۔ کسی بیل کے استعمال کے بارے میں بتائیں۔ (زیب النساء' اٹک)

جواب: آپ اس طرح کریں کہ پانچ عدد بیلوں لے کر ان کا پانی نکالیں اور اس میں دو چمچ چینی شامل کر کے صبح وشام پی لیں۔ ایک ہفتہ کے بعد صرف ایک وقت ہی روزانہ پی لیں۔ ہائی بلڈ پریشر کیلئے کافی ہے۔ غذا نمبر 1 استعمال کریں۔

چھاتی کا سرطان

محترم حکیم صاحب! میری ہمشیرہ کو چھاتی کے سرطان کی وجہ سے شدید قسم کا درد ہے' وہ سارا سارا دن اور ساری رات کراہتی رہتی ہے۔ ہم سے اس کی یہ کیفیت دیکھی نہیں جاتی۔ کوئی ایسی چیز بتائیں جس سے درد میں افاقہ ہو۔ (عبدالودود' راولپنڈی)

جواب: آپ چکوترا اور سرخ سیاہ ہم وزن لے کر پیس لیں اور صبح وشام دو دو رتی دودھ کے ہمراہ ہمشیرہ کو دیں۔ درد رفع ہوجائے گا۔ غذا نمبر 1 استعمال کریں۔

چہرے پر دانے

میرے چہرے پر دانے ہیں' دھبے اور چھائیاں ہیں' رنگت صاف نہیں ہے۔ آپ اس کا علاج بتائیں۔ (عائشہ' کراچی)

جواب: عزیزہ بیٹی! خون کی خرابی کی وجہ سے اس طرح کی تکلیف ہوجاتی ہے' اس کے دفعیہ کیلئے کشتہ سنگ' سماق' ہلدی۔ آم کی چھال ہم وزن پیس کر کسی بھی معیاری ہربل کریم میں ملائیں اور رات کو چہرہ پر لگائیں۔ چار ہفتہ کا استعمال کافی ہے۔ غذا نمبر 1 استعمال کریں۔

ہیپاٹائٹس سی کا مریض

جناب! میرا شعبہ حکمت کا ہے' میرا ایک مریض ہے جو عرصہ تین سال سے ہیپاٹائٹس سی کا مریض ہے۔ اس کا ایس جی پی ٹی بہت بڑھا ہوا ہے۔ طبی نقطۂ نگاہ سے چالیس ہونا چاہیے لیکن اسے 970 ہے۔ کوئی ایسا علاج بتائیں کہ وہ نارمل ہوجائے۔ (حکیم ناصر الدین)

جواب: ایس جی پی ٹی کو نارمل کرنے کیلئے مندرجہ ذیل نسخہ بہت مفید ہے۔ نوشادر اور نارٹری ہم وزن باریک پیس لیں اور صبح وشام بعد از غذا چار چار رتی لیں۔ پندرہ دن بعد رپورٹ کروائیں۔ غذا نمبر 1 استعمال کریں۔

پچکے گال چہرہ خراب

میرا پہلا مسئلہ یہ ہے کہ چہرے پر بہت زیادہ داغ' دھبے اور دانے ہیں۔ ان سے مواد بھی نکلتا ہے اور تکلیف بھی ہوتی ہے۔ بہت سی کریمیں' دوائیاں اور جڑی بوٹیاں استعمال کیں' لیکن محض وقتی فائدے کے بعد چہرہ اور بھی خراب ہوگیا۔ دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے گال بہت پچکے ہوئے ہیں۔ عمر 19 سال ہے۔ وزن 40 کلوگرام ہے۔ کھانا پینا بہت اچھا ہے۔ (تہمینہ' اوکاڑہ)

جواب: پوست ہلیلہ زرد' شاہترہ' گندھک آملہ سار' گوند ببول ہموزن لیکر کوٹ چھان کر ذرا سے پانی کی مدد سے کالی چنے سے ذرا بڑی گولیاں بنا کر خشک کرلیں اور صبح وشام ایک گولی پانی سے کھائیں۔ غذا دیسی گھی میں پکائیں۔ دیسی گھی گرم گرم چپاتی روٹی پر ڈال کر کھائیں۔ غذا نمبر 2 استعمال کریں۔

گھٹنوں کے درد کا علاج

میری عمر 50 سال ہے' سترہ سال سے گھٹنوں میں درد ہے' نماز بھی کرسی پر بیٹھ کر ادا کرتا ہوں' اٹھنے اور بیٹھنے

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہوئے شدید قسم کی درد ہوتی ہے کہ میں بیان نہیں کر سکتا۔ پچیس سو روپے کا ایک ٹیکہ لگتا ہے جس سے کچھ دنوں کیلئے عارضی آرام آجاتا ہے۔ (عبدالرزاق لاہور)

جواب: آک کے پتوں کو کوٹ کر اس کی پوٹلی بنائیں۔ اس پوٹلی کو گھی سے تر کر کے گرم کریں اور گھٹنوں کی ٹکور کریں۔ یا پھر آک کے پتے کو گھی سے چپڑ کر اوپر باندھ دیں۔ چالیس روز یہ عمل کریں۔ غذا نمبر 3 استعمال کریں۔

کمر درد اور قبض

میری عمر 19 سال ہے۔ پیشاب کے بعد لیسدار مادہ خارج ہوتا ہے جس کی وجہ سے کمر میں درد رہتا ہے نیز قبض بھی ہے۔ علاج کروا کروا کر تھک چکا ہوں' مستقل اور آسان علاج کے بارے میں بتائیے۔ (محمد یاسین' کراچی)

جواب: ایک معمولی سا نسخہ عرض کر رہا ہوں۔ کیکر کے پتے' کیکر کی پھلیاں' کیکر کے پھول' کیکر کی چھال اور گوند کیکر ہم وزن لے کر سایہ میں خشک کریں اور ان سب کے برابر چینی شامل کر کے صبح و شام بعد از غذا ایک ایک تولہ (بڑا چمچ کے ساتھ) استعمال کریں۔ غذا نمبر 1 استعمال کریں۔

پیشاب نکل جاتا ہے

زوردار چھینک' کھانسی یا زیادہ ہنسی آنے سے پیشاب نکل جاتا ہے۔ پانچ وقت کی نمازی ہوں' بہت تکلیف ہوتی ہے۔ اس کا حل بتائیں۔ دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ سات سالہ بیٹا ہے جسے بواسیر ہیں۔ صحت کمزور ہے اس کا علاج بتائیں۔ (مسز شکیل' کوئٹہ)

جواب: صبح و شام بعد از غذا جوارش زرعونی چھ چھ ماشہ پوست بیضہ مرغ دو روتی ملا کر ایک ماہ استعمال کریں۔ بیٹے کے بواسیر کیلئے سفوف (دارچلد) کا ایک ماشہ کا ٹکڑا کاٹ کر بچے کے منہ میں کچھ دیر کیلئے رکھ دیں۔ تین دن کافی ہے۔ دونوں غذا نمبر 1 استعمال کریں۔

دائمی بلڈ پریشر کا علاج

مجھے کافی عرصہ سے ہائی بلڈ پریشر ہے اس کی وجہ سے میں کافی پریشان ہوں مجھے اس کا کوئی سستا سا علاج بتائیں۔ (محمد رمضان' گجرات)

جواب: پانچ دانے آلو بخارے کو ایک کپ پانی میں بھگو دیں اور صبح مل چھان کر پی لیں۔ دو ہفتہ میں بلڈ پریشر نارمل ہو جائے گا۔ غذا نمبر 1 استعمال کریں۔

ٹانگیں سن ہو جاتی ہیں

دو سال سے بائیں کولہے کے اوپر پٹھوں میں درد رہتا ہے۔ ٹانگیں سن ہو جاتی ہیں۔ کوئی اچھا سا نسخہ بتائیں۔ (عمران احمد' اسلام آباد)

جواب: کڑا چھال یا کوڑ سنگ باریک پیس لیں اور چھوٹی چمچ صبح نہار منہ گرم پانی سے لیں جتنی روٹی گھی سے چپڑ کر استعمال کریں۔ غذا نمبر 2 استعمال کریں۔

گیس پرابلم

مجھے معدہ میں تیزابیت بہت زیادہ ہے' بھوک بہت کم لگتی ہے اور گیس اوپر کو چڑھتی ہے۔ کوئی نسخہ بتائیں۔ (اخلاق احمد' بہاولپور)

جواب: سونف' سونٹھ' دانہ الائچی کلاں' سنا مکی' مرچ سیاہ' نمک ایک ایک تولہ' نمک سیاہ ڈیڑھ ماشہ نوشادر چھ ماشہ باریک پیس کر تین تین ماشہ صبح' دوپہر' شام بعد از غذا استعمال کریں۔ غذا نمبر 1 استعمال کریں۔

مثانہ کی گرمی

مجھے یرقان ہوا تھا۔ علاج سے ٹھیک ہو گیا لیکن پیشاب کی رنگت زرد ہے۔ پیشاب میں جلن ہے۔ مثانہ میں گرمی ہے کوئی دوا بتائیں۔ (حفیظ الرحمٰن' گوجرانوالہ)

جواب: پیشاب کی جلن اور مثانہ کی کمزوری کیلئے آپ کشتہ قلعی ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری ایک ماہ استعمال کریں۔ غذا نمبر 1 استعمال کریں۔

آئیں ٹوٹکے آزمائیں!

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے نکسیر کا کافی پرانا عارضہ لاحق تھا۔ جب نکسیر پھوٹتی تو اتنا خون نکلتا ہے کہ دیکھنے والے کو بھی چکر آجاتے۔ میری صحت دن بدن ختم ہوتی جارہی تھی۔ ایک دن میرے ابو کے دوست نے مجھے بتایا کہ جب بھی نکسیر پھوٹے تو "سرکہ" میں روئی بھگو کر سونگھ لیا کرو نکسیر فوراً بند ہو جائے گی۔ ایک دن نکسیر پھوٹی تو میں نے ایسا ہی کیا میری نکسیر فوراً بند ہو گئی۔ (ظفر شاہ' ملتان)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام
اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہو جاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** نہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

مریضوں کی منتخب غذاؤں کا چارٹ

غذا نمبر 1

کدو، گھیا توری، ٹینڈے، جو کا دلیہ، ساگو دانہ، کھچڑی، دہی، ڈبل روٹی، کھیرے، کھیرے کا سالن، مونگ کی پتلی دال، بغیر چھنے آٹے کی سادہ روٹی، بکری کا گوشت شوربے والا، دیسی مرغی کا گوشت شوربے والا، خرفہ کا ساگ، دہی میٹھا، براؤن بریڈ، سلاد، امرود، گنڈیری، انار، تربوز، گرما، سردا، خربوزہ، حلوہ کدو، پپیتہ، کیلا، چھلکا اسپغول، مربہ آملہ، مربہ ہریڑ، مربہ گاجر، پیٹھے کا حلوہ، خمیرہ گاؤزبان، عرق گاؤزبان، عرق سونف، عرق پودینہ، دودھ سوڈا، آڑو، انگور، ماء العسل (شہد میں پانی ملا ہوا) شکر، پالک، چینا، خرفہ کا ساگ، بکری کا دودھ۔

غذا نمبر 2

چھوٹا گوشت، سادہ روٹی، دیسی مرغی کا گوشت، سبزیاں ہر قسم کی، دیسی انڈے، آملیٹ، پرندوں کا گوشت، ہریسہ، نہاری، پائے، دال مونگ، دیسی گھی کی چوری، دودھ یا دودھ سے بنی ہوئی چیزیں، کھجور تازہ، چھوہارے، روغن زیتون، انجیر، شہد، چنے بھنے، کباب، پیاز کی سلاد، ناریل، مختی، روغن زیتون کا پراٹھا، بادام، پستہ، چلغوزہ، کاجو، مچھلی، گاجر کا حلوہ، پیٹھے کا حلوہ، دال کا حلوہ، لونگ کا قہوہ، کلونجی، خوبانی خشک، مربہ تمام قسم، جو کا ستو، اونٹ کا گوشت، کشمش، انگور، آم، گھنے دودھ میں ملا ہوا۔

غذا نمبر 3

جو کا دلیہ، گندم کا دلیہ، ساگو دانہ، کھچڑی، ماء العسل، (شہد میں پانی ملا ہوا) ایک بیس پر ہوئے، ڈبل روٹی، شہد، براؤن بریڈ، کیلے کا ملک شیک، گاجر کا جوس، گنے کا تازہ رس، ابلا ہوا پانی، ابالے ہوئے چاول، تلکین دلیہ، دیسی مرغی کی یخنی، انار، تخم ریحان، مسمی، میٹھا چکی، امرود، اچھا پکا کدو، ناریل کا پانی

شوگر کے مریضوں کیلئے

گھیا توری، گھیا کدو، ٹینڈے، چھوٹا گوشت، کریلے، دال مونگ، دیسی مرغی کا گوشت، پرندوں کا گوشت، بغیر چھنے ہوئے آٹے کی روٹی، جو کا دلیہ، ساگودانہ، ہریسہ، کھچڑی، عرق سونف، عرق پودینہ، انجیر تھوڑی مقدار میں، ڈبل روٹی سادہ، براؤن بریڈ، دہی، میتھی، خرفہ کا ساگ، پائے، نہاری، آملیٹ، پشاوری قہوہ، کلونجی، خوبانی خشک تھوڑی مقدار میں، ڈرائی فروٹ، زیتون کا پھل، پھیکا دودھ، چنے بھنے، روغن زیتون، دیسی انڈے کی زردی، چھوٹا مغز

WWW.PAKSOCIETY.COM

شیرازی قہوہ

فٹنس قائم، موٹاپا دور، جلد روشن و چمکدار

گھر پر تیار ہونے والی ہربل کاسمیٹکس کے نایاب ٹوٹکے

(شازیہ لغاری)

آپ کیلئے قطعی ضروری نہیں کہ آپ ازحد مہنگی قیمت پر ملنے والی کاسمیٹکس کا استعمال ہی کریں بلکہ اگر آپ ہربل (دیسی) طریقوں سے گھر پر موجود اشیاء سے مختلف حسن بخش کاسمیٹکس بنائیں تو خوبصورتی کو نکھارنے میں قیمتی کاسمیٹکس سے بھی کئی گنا زیادہ اچھا کام یہ روزانہ استعمال میں آنے والی مختلف چیزیں کرتی ہیں۔ ان میں زیادہ تر یہ چیزیں آپ کو اپنے گھر میں ہی مل جائیں گی۔ اس طرح آپ کے وقت اور پیسے دونوں کی بچت ہوگی۔

گھریلو شیمپو بنانے کا طریقہ: ریٹھے آملے اور سیکا کائی کی پھلیاں تینوں سو سو گرام لے کر باریک پیس لیں۔ اس چورن کو دو گلاس پانی میں آدھا گھنٹہ ابالیں۔ آخر میں برتن کو آگ سے اتار کر رکھ دیں۔ ٹھنڈا ہو جانے پر پانی کو چھان کر بوتل میں بھر لیں اور ضرورت کے مطابق شیمپو کی طرح استعمال میں لائیں۔

مہاسوں کیلئے منہ ماسک: ایک چمچ ملتانی مٹی ایک چمچ بیسن (کسی بھی قسم کا) لیموں کے چند قطرے۔ اگر اسکن ذرا بھی ہو تو لیموں کا استعمال مت کریں۔ ان سب اشیاء کو مکس کر کے چہرے پر ماسک کے طریقے سے لگا دیں اور بیس منٹ کے بعد منہ دھو لیں۔ اس ماسک کو روزانہ استعمال کرنے سے مہاسوں کے ساتھ ساتھ ان کے نشانات بھی ختم ہو جاتے ہیں۔

پلکیں لمبی کرنے کرنے کا طریقہ: شہد اور کیسٹر آئل (ارنڈی کا تیل) دونوں برابر مقدار میں لیں اور رات کو سونے سے قبل پلکوں پر لگائیں۔ پلکیں لمبی اور گھنی ہو جائیں گی۔

چہرے پر جھریاں ختم کرنے کا نسخہ: زیتون کا تیل اور بادام روغن ہم وزن لے کر ملائیں اور رات کو سونے سے قبل چہرے پر لگائیں۔ آزمودہ ہے اور یہ نسخہ ایک بہت پرانی کتاب سے لیا گیا ہے۔

داغ دھبے دور: دانوں اور مہاسوں کی وجہ سے چہرے پر گڑھے پڑ جائیں تو روغن زیتون اور روغن کدو ہم وزن ملا کر لگائیں۔ اس سے چیچک کے داغ تک دور ہو جاتے ہیں مگر شرط یہ ہے کہ مستقل مزاجی سے کام لیا جائے۔

سیاہ رنگت کو سفید کرنا: چرونجی (پنساری کی دکان سے مل جاتی ہے) دودھ میں پیس کر ہلکا گرم کریں اور رات کو سونے سے پہلے اس کی مالش کر کے سو جایا کریں۔ صبح اٹھ کے صابن سے چہرہ دھو لیں۔

ہونٹوں پر لائے قدرتی لالی: زعفران باریک پیس کر رات کو بالائی میں تھوڑی سی زعفران ملا لیں اور ہونٹوں پر ملیں۔ کچھ دنوں کے بعد ہونٹوں پر قدرتی لالی آ جائے گی۔

اس کے علاوہ چقندر ہونٹوں کیلئے بہترین چیز ہے۔ یہ قدرتی لپ اسٹک کا کام بھی دیتا ہے یعنی اس کو ٹکڑے کر کے ہونٹوں پر رگڑیں۔ ہونٹوں پر سرخی آ جائے گی۔ ان ٹکڑوں کے ملنے سے ہونٹ جو پھٹ جاتے ہیں یا ان پر جھریاں پڑ جاتی ہیں تو وہ ٹھیک ہو جاتی ہیں۔

بال لمبے کرنے کیلئے: رات پانی میں املی ڈال کر بھگو دیں اور پھر صبح اس پانی سے بال دھو لیں۔ بال اس طرح دھونے کا عمل کم از کم ایک ہفتہ ضرور کریں۔ اس کے ساتھ ناریل یا بادام کے تیل کی مالش بھی کرتے رہیں۔ بال لمبے ہو جائیں گے۔

پاؤں کی انگلیوں میں خارش: لمبی سیر یا چلنے کے بعد آپ کے پاؤں پسینے سے گیلے ہو رہے ہوں تو آپ کے پاؤں کی انگلیوں کے درمیان خارش سی ہونے لگتی ہے۔ اس کیلئے بزرگوں کا بتایا ہوا ٹوٹکہ یہ ہے کہ پیاز کی ایک قاش لے کر پاؤں کے تلوؤں اور انگلیوں پر لگائیں تاکہ اس کا رس اندر جذب ہو سکے پھر ٹھنڈے پانی سے پاؤں دھو لیں۔

سر کی جوئیں اور پھٹکری: عورتوں کا ایک بڑا مسئلہ سر کی جوئیں بھی ہیں اور وہ اس کیلئے طرح طرح کے صابن اور شیمپو استعمال کرتی ہیں مگر جوئیں پھر بھی ختم نہیں ہوتیں۔ پھٹکری کو پانی میں حل کر کے بالوں کو دھونے سے سر کی جوئیں مر جاتی ہیں۔

فٹنس کیلئے: مارکیٹ میں فٹنس کو قائم اور موٹاپے کو دور کرنے کیلئے شور اور دوایات سے بھرے پڑے ہیں۔ ہر شخص بغیر محنت اور ورزش کے فٹ رہنا چاہتا ہے جو کہ ناممکن ہے اگر تھوڑی محنت اور پرہیز کے ساتھ آپ گرین ٹی پئیں تو آپ فٹ رہ سکتے ہیں۔ **ھوالشافی:** سبز چائے (گرین ٹی) ایک چمچ۔ لیموں ایک عدد۔ شہد (ضروری نہیں) حسب ذائقہ۔

چاہے گرمی ہو یا سردی ہلکے ہلکے گھونٹ سے پئیں انشاء اللہ اس کا استعمال آپ کو ہمیشہ فٹ و تندرست رکھے گا۔

گنٹھیا اور پائے کا درد: گنٹھیا اور پائے کے دردوں کو دور کرنے کیلئے درج ذیل تیل بنا کر مالش کرنے سے بہت فائدہ پہنچتا ہے۔ **ھوالشافی:** ادرک کا رس پانچ سو گرام تلوں کا تیل پانچ سو گرام۔ تلوں کے تیل میں ادرک کا رس ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں کہ صرف تیل رہ جائے ضرورت کے وقت اس کی مالش کریں۔

شیرازی قہوہ: شیرازی قہوہ مارکیٹ میں ملنے والا قہوہ نہیں بلکہ یہ آپ کے کچن میں موجود چند مصالحہ جات کو ملا کر بنایا جا سکتا ہے۔ ان سب مصالحہ جات کو اگر اس ترکیب سے کوٹ کر لیا جائے تو یہ ایک بہترین قہوہ بن جائے گا جو نہایت خوش ذائقہ اور مفید جنرل ٹانک ہے۔ **ھوالشافی:** بادیان خطائی دو گرام، لونگ دو عدد، پودینہ ایک گرام، دارچینی ایک گرام، چھوٹی الائچی دو عدد، بڑی الائچی ایک عدد۔ سب مصالحہ جات کو باریک کر کے محفوظ کر لیں اور پھر چائے کی طرح ابالیں بس قہوہ تیار ہے۔ یہ قہوہ معدہ اور اعصاب کیلئے بہترین چیز ہے۔ اس کے علاوہ بند ناک اور سینہ کی جکڑن دور کرتا ہے۔ دل کی دھڑکن، گیس، غذا کا ہضم نہ ہونا، پیشاب کا بار بار آنا یا زیادہ آنا، سستی، کاہلی، بدن کا دکھنا، غنودگی، نزلہ زکام، لقوہ، فالج اور نمونیہ کو مفید ہے۔ نسیان میں بھی مفید ہے اور منہ کے ذائقہ کی خرابی کو بھی دور کرتا ہے۔ (حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی تحریر سے استفادہ)

اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں

عبقری کی ویب سائٹ کا سٹیکر اپنی گاڑیوں پر لگا کر دکھی انسانیت کو پریشانیوں کے حل اور دکھوں کے مداوے کی طرف متوجہ کریں۔ نوٹ: ایسے سٹیکر جو رات کو اندھیرے میں لائٹ پڑنے پر چمکے گا لائف ٹائم گارنٹی بارش سردی گرمی سے خراب نہ ہونے والا۔ گاڑی کی زینت اور خوبصورتی کو بڑھانے والا۔ اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں۔

قیمت 200/- روپے (علاوہ ڈاک خرچ)

(چھوٹا سٹیکر اب صرف 20 روپے)

موٹر سائیکل کا سٹیکر صرف 10 روپے میں دستیاب

WWW.PAKSOCIETY.COM

(مسز ساجد منڈی بہاؤالدین)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ دو سال سے عبقری کی قاری ہوں اور تقریباً چار ماہ سے آپ کا درس باقاعدگی سے سن رہی ہوں۔ درس ایک ایسا نشہ ہے جس کا سرور میں بیان نہیں کرسکتی میری خداوند کریم سے دعا ہے کہ میں اسی طرح آپ کا درس سنتی رہوں اور عمل کی توفیق بھی مجھے اللہ نصیب کرتا رہے۔

یاحفیظ یاسلام کے معجزے

اللہ نے بڑے نقصان سے بچالیا

گزشتہ فروری کی بات ہے میں اور میرے بچے اسلام آباد گئے بچوں کا پروگرام مری جانے کا تھا۔ جب ہم گھر سے مری کیلئے نکلے تو میں نے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نصیحت کے مطابق ایک تسبیح یاحفیظ یاسلام پڑھی۔ ابھی ہم اسلام آباد سے مری روڈ پر جا رہی رہے تھے کہ میں نے دعا حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (توبہ۱۲۹) پڑھی اور اللہ سے دعا کی کہ باری تعالیٰ اگر ہمارے لیے یہ بہتر ہے تو ہم جائیں ورنہ ہم نہ جائیں۔ ابھی میں نے دعا مانگی ہی تھی کہ اسی وقت تیز بارش شروع ہوگئی اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ سڑک پانی سے بھر گئی۔ میں نے اپنے بچوں کو منع کیا کہ لگتا ہے کہ ہمارا وہاں جانا ٹھیک نہیں چلو واپس چلیں لیکن وہ نہ مانے اور ضد شروع کردی جس سے میں خاموش ہوگئی۔ پھر ان کے والد گاڑی چلاتے ہوئے اس پانی میں سے گزرنے لگے جہاں گھٹنوں تک پانی جمع ہوچکا تھا جب گاڑی درمیان میں پہنچی تو وہ بند ہوگئی۔ اوپر سے بارش بھی کہ موسلا دھار برس رہی تھی ہماری گاڑی بند ہوچکی تھی آس پاس کوئی مددگار نہیں تھا اور سخت سردی سے جان نکلی جارہی تھی۔ میں درج بالا سورۂ توبہ کی آیت مسلسل پڑھتی رہی۔ اسی دوران میرے شوہر خود اترے بڑی مشکل سے گاڑی کو دھکا لگا کر سڑک جہاں پانی کم تھا پہنچایا تقریباً ایک گھنٹے کے بعد وہاں اور گاڑیاں بھی پھنس چکی تھیں جس کی وجہ سے چک مکینک آئے انہوں نے بڑی مشکل سے ہماری گاڑی کھولی اور اس کا پانی صاف کیا جس کی وجہ سے تین گھنٹوں کے بعد گاڑی چلنے کے قابل ہوئی۔ اسی دوران میں اسی آیت کا ورد کرکے اللہ سے دعا کرتی رہی۔ تین گھنٹوں کے بعد پھر بچوں کو سمجھایا کہ ایسے موسم میں مری جانا ٹھیک نہیں اور مری جانے کے بجائے گھر واپس آئے اور شکرانہ کے دو نفل ادا کیے کہ یااللہ تیرا شکر ہے تو نے کسی بڑی مصیبت سے بچالیا۔ نہ جانے ہم مری جاتے تو کیا ہوتا۔۔۔؟؟؟

یاحفیظ یاسلام نے ذلت سے بچالیا

محترم حکیم صاحب! میرے خاوند جس محکمہ میں کام کرتے ہیں وہاں ایک افسر ہیں اگر اس کی بیوی کو کچھ گھر میں پسند نہ آئے تو وہ سارا گھر اکھیڑ دیتے ہیں اور نیا بنوانے کا آرڈر دیتے ہیں۔ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ ان کے گھر کا گیزر خراب تھا اس کا فالٹ سمجھ میں نہیں آرہا تھا ان کے دفتر سے جو بھی اس گیزر کو ٹھیک کرنے کیلئے گیا اس افسر کی بیوی کے ہاتھوں ٹھیک ٹھاک ذلیل ہوکر آیا وہ خوب بے عزتی کرتی اور گالیوں کے ساتھ رخصت کرتی۔ آخر میں میرے شوہر گیزر کو دیکھنے کیلئے گئے کیونکہ دفتر والے ان کو کسی بڑے آدمی کے گھر کام کیلئے نہیں بھیجتے وہ جب بھی کسی ایسے شخص کے گھر جاتے ہیں تو بعد میں وہ بڑے افسر آرڈر کرتے ہیں کہ صرف یہی مذکورہ آدمی ہمارے گھر کام کرنے کیلئے آئے کوئی دوسرا نہ آئے مگر۔۔۔!!! اس دفعہ معاملہ کچھ اور تھا محکمہ کی عزت کا سوال تھا میرے خاوند گئے انہوں نے پورا دن محنت سے اس کا فالٹ سمجھ لیا اور اس کو ٹھیک کرکے افسر کی بیوی کو بلایا اور چیک کروایا تو وہ بالکل ٹھیک ہوچکا تھا۔

جب میں ان کے گھر گیا تو اللہ سے دعا کی یااللہ! عزت دینے والا تو ہی ہے مجھے اس "مائی" کے شر سے بچانا اور ساتھ میں سارا دن یاحفیظ یاسلام کا ورد کرتا رہا تو اس دن نہ صرف ان کا کام ہوگیا بلکہ الٹا انہوں نے میرے شوہر کی چائے اور بسکٹ وغیرہ سے تواضع بھی کی

جب انہوں نے مجھے یہ بات بتائی تو کہنے لگے کہ جب میں ان کے گھر گیا تو اللہ سے دعا کی یااللہ! عزت دینے والا تو ہی ہے مجھے اس "مائی" کے شر سے بچانا اور ساتھ میں سارا دن یاحفیظ یاسلام کا ورد کرتا رہا تو اس دن نہ صرف ان کا کام ہوگیا بلکہ الٹا انہوں نے میرے شوہر کی چائے اور بسکٹ وغیرہ سے تواضع بھی کی اور کہا کہ آئندہ کوئی اور شخص ان کا کام کرنے کیلئے نہ آئے سوائے مذکورہ شخص کے۔۔۔

مولانا وحید الدین خاں

ترقی کا راز

اس دنیا میں سب سے زیادہ قیمت علم کی ہے۔ سو میں ایک اگر محنت کی قیمت ہو تو سو میں ننانوے علم کی قیمت قرار پائے گی۔

جناب عبدالرحمٰن اتوے (بیرسٹرایٹ لاء) نے ایک ملاقات میں ایک واقعہ بتایا۔ غالباً 1954ء کی بات ہے۔ اس وقت وہ لندن کی کونسل آف لیگل ایجوکیشن میں قانون کے طالب علم تھے۔ ایک لیکچر کے دوران ایک قانونی مسئلہ کی وضاحت کرتے ہوئے ان کے انگریز پروفیسر نے انہیں یہ واقعہ سنایا تھا۔ پروفیسر نے بتایا کہ ایک بڑا صنعتی کارخانہ چلتے چلتے اچانک بند ہوگیا۔ کارخانہ کے انجینئر اس کو دوبارہ چلانے کی کوشش میں کامیاب نہ ہوسکے۔ آخر ایک بڑے ایکسپرٹ کو بلایا گیا۔ وہ آیا تو اس نے کارخانہ کا ایک راؤنڈ لیا۔ اس نے اس کی مشینیں دیکھیں۔ اس کے بعد وہ ایک جگہ رک گیا اس نے کہا کہ ایک ہتھوڑا لے آؤ۔ ہتھوڑا لایا گیا تو اس نے ایک مقام پر ہتھوڑے سے مارا۔ اس کے بعد مشین حرکت میں آگئی اور کارخانہ چلنے لگا۔

مذکورہ ایکسپرٹ نے واپس جاکر ایک سو پونڈ کا بل بھیج دیا۔ کارخانہ کے منیجر کو یہ بل بہت زیادہ معلوم ہوا۔ اس نے ایکسپرٹ کے نام اپنے خط میں لکھا کہ آپ نے تو کوئی کام کیا نہیں یہاں آکر آپ نے صرف ایک ہتھوڑا مار دیا۔ اس کیلئے ایک سو پونڈ کا بل ہماری سمجھ میں نہیں آیا۔ براہ کرم! آپ ہمارے فائدہ کو مزید اور زیادہ بہتر تفصیلات عطا فرمائیں۔ اس کے جواب میں مذکورہ ایکسپرٹ نے لکھا کہ میں نے جو بل روانہ کیا تھا وہ بالکل صحیح ہے۔ اصل یہ ہے کہ 99 پونڈ اور 99 شیلنگ تو یہ جاننے کیلئے ہیں کہ مشین میں غلطی کیا ہے اور کہاں ہے اور ایک شیلنگ ہتھوڑا اٹھا کر مارنے کیلئے۔

اس دنیا میں سب سے زیادہ قیمت علم کی ہے۔ سو میں ایک اگر محنت کی قیمت ہو تو سو میں ننانوے علم کی قیمت قرار پائے گی۔ علم ہر قسم کی ترقی کا راز ہے فرد کیلئے بھی اور قوم کیلئے بھی جس کے پاس علم ہو اس کے پاس گویا ہر چیز موجود ہے۔

کلونجی کھائیں شوگر سے نجات پائیں

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک قیمتی نسخہ قارئین تک پہنچا رہا ہوں۔ ھوالشافی: نہار منہ خالی پیٹ پانچ یا چھ دانے کلونجی کھانے سے شوگر ختم ہوجاتی ہے حتیٰ کہ انسولین اور گولیاں کھانے سے نجات مل جاتی ہے۔ مستقل مزاجی سے نسخہ استعمال کریں۔ (محمد اقبال، کلورکوٹ)

WWW.PAKSOCIETY.COM

بھنے ہوئے چنوں کا چھلکا اتار کر رات ایک چمچی شہد میں بھگو کر حسب طبیعت چینی ملا کر روزانہ صبح کھانے اور بعد میں ایک کپ نیم گرم دودھ پینے سے مادہ تولید بڑھتا ہے قوت باہ میں اضافہ ہوتا ہے۔

چار چیزیں استعمال میں لائیں لاجواب قوت پائیں

(حکیم فاروق مظفر گڑھ)

غذا کا قوت مردمی سے گہرا تعلق ہے جو غذا ہم روزمرہ کھاتے ہیں وہی معدہ میں ہضم ہو کر خون پیدا کرتی ہے۔ پھر خون سے مادہ تولید تیار ہوتا ہے جو زندگی کا جوہر خاص اور لذتوں کا سرچشمہ ہے۔ لہٰذا ایسی غذاؤں کا اہتمام رکھنا چاہیے جن سے قوت مردمی ہمیشہ قائم رہے۔ کچھ مقوی باہ غذائیں تحریر کی جاتی ہیں۔

کھجور: کھجور کھانے سے قوت باہ میں اضافہ ہوتا ہے جو بچہ پیدا ہو اس کیلئے تازہ کھجور سے بہتر کوئی غذا نہیں اگر تازہ کھجور نہ مل سکے تو خشک ہی سہی اگر کھجور سے بہتر کوئی اور چیز ہوتی تو اللہ تعالیٰ حضرت مریم علیہ السلام کو ولادت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وقت وہی چیز کھلاتا۔ سورۂ مریم میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت مریم علیہ السلام کو حکم فرمایا کہ کھجور کا تنا پکڑ کر اپنی طرف ہلاؤ تم پر تازہ پکی کھجوریں گر پڑیں گی۔ اس سے معلوم ہوا کہ زچہ کیلئے کھجور سے بہتر کوئی غذا نہیں۔ کھجور مزاج میں گرمی اور قوت پیدا کرتی ہے۔ ابونعیم نے کتاب الطب میں لکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کھجور کو مکھن کیساتھ بہت عزیز رکھتے تھے۔ علماء نے لکھا ہے کہ اس کو کھانے سے قوت باہ زیادہ ہوتی ہے۔ بدن بڑھتا ہے آواز صاف ہوتی ہے۔

دودھ: ابونعیم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کیا ہے کہ پینے کی چیزوں میں رسول کریم ﷺ کے نزدیک دودھ بہت عزیز تھا۔ یہ قوت باہ پیدا کرتا ہے معدہ میں جلد ہضم ہو جاتا ہے بدن کی خشکی کو دور کرتا ہے منی پیدا کرتا ہے چہرہ کا رنگ سرخ کرتا ہے دماغ کو قوی کرتا ہے۔

شہد: ابونعیم نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے نزدیک شہد بہت پیارا اور عزیز تھا۔ حضور ﷺ کو شہد اس لیے زیادہ محبوب تھا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اس میں شفاء ہے شہد کے بے شمار فائدے ہیں نہار منہ چاٹنے سے بلغم دور کرتا ہے معدہ صاف کرتا ہے معدہ کو اعتدال پہ لاتا ہے دماغ کو قوت دیتا ہے قوت باہ میں تحریک پیدا کرتا ہے مثانہ کیلئے مفید ہے مثانہ اور گردے کی پتھری کو خارج کرتا ہے پیشاب کے بند ہونے کو کھولتا ہے نافع لقوہ کیلئے فائدہ مند ہے۔ ریاح خارج کرتا ہے بھوک زیادہ لگاتا ہے مکھن اور شہد ملا کر کھایا جائے تو جوڑوں کیلئے مفید ہے اور جسم کو موٹا کرتا ہے۔

فلفل دراز: جس کو چھوٹی پیپل بھی کہتے ہیں مقوی دماغ، مقوی معدہ اور محرک باہ ہے۔ بلغم کو دور کرتی ہے نگاہ کو تیز کرتی ہے دودھ میں جوش دیکر پینا بے حد مفید ہے۔

دارچینی لونگ کالی مرچ: بڑی زبردست مقوی و محرک باہ ہیں۔ خصوصاً بوڑھے شخص کیلئے فائدہ مند ہیں۔ اعصاب اور جوڑوں کے درد کیلئے مفید ہیں۔

زعفران: زبردست مقوی باہ ہے دل و دماغ اور بصارت کیلئے بھی بے حد مفید ہے۔ دوسری ادویات میں شامل کرنے سے ان کے اثرات کو تیز اور سریع الاثرات بناتا ہے مقوی معدہ مقوی قلب و جگر ہے۔

ہریسہ: ہریسہ جسم میں زبردست قوت پیدا کرتا ہے اور مقوی باہ ہے۔ ہریسہ میں کٹے ہوئے گیہوں گوشت گھی اور مصالحہ ڈال کر پکایا جاتا ہے۔ بعض حکماء کے نزدیک ہریسہ میں چالیس مردوں کے برابر قوت ہے۔ بڑے بڑے حکماء مردانہ کمزوری کے مریضوں کو صرف ہریسہ کھانے کی تلقین کرتے ہیں۔

پشت کا گوشت: ابونعیم بن عبداللہ جعفر سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ہے کہ پشت کا گوشت تمام گوشت سے بہتر ہے۔ علماء نے لکھا ہے کہ حکمت کی رو سے اس گوشت میں قوت باہ زیادہ ہوتی ہے۔ (طب نبوی)

خوشبو: خوشبو کا روح انسانی سے خصوصی تعلق ہے۔ اس کا اثر دل و دماغ پر فوراً بجلی کی مانند ہوتا ہے خوشبو اور باہ میں گہرا تعلق ہے۔ سفر السعادۃ میں لکھا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں جب کوئی خوشبو پیش کرتا تو آپ ﷺ اس کو رد نہ فرماتے اور آپ ﷺ کا فرمان ہے کہ اگر کوئی شخص خوشبو دے تو اس کو رد نہ کرے۔

چار چیزیں: امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ چار چیزیں قوت باہ کو بڑھاتی ہیں۔ 1۔ چڑیوں کا کھانا۔ 2۔ اطریفل کھانا۔ 3۔ فرپستہ کھانا۔ 4۔ تر دیزک کھانا۔ (احیاء العلوم)

انڈے: بعض حکماء کے نزدیک انڈے بھی قوت باہ کو بڑھانے کا موثر ذریعہ ہیں خاص طور پر جن کو جراثیم کی کمی کی وجہ سے بے اولادی جیسے مرض کا سامنا ہے اگر وہ دیسی انڈے کا استعمال جاری رکھیں تو اس مرض سے چھٹکارا مل جاتا ہے۔

حسیس: بعض روایات میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے منقول ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کو حسیس بہت پسند تھا۔ حسیس تین چیزوں سے مل کر بنتا ہے۔ کھجور مکھن اور جما ہوا دہی۔ اس غذا سے بدن قوی ہوتا ہے اور قوت باہ میں اضافہ ہوتا ہے۔ روغن زیتون کا کھانا اور مالش کرنا تل اور کھجور ملا کر استعمال کرنا کلونجی لوبیہ وغیرہ قوت باہ کو بڑھاتے ہیں اور محرک باہ ہیں۔

بالوں کا دور کرنا: حضرت جزئی بن الحکیم کہتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ بدن سے بالوں کا جلد دور کرنا قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ (طب نبوی) اس سے اطباء کے نزدیک زیر ناف (ناف کے نیچے) بال مراد ہیں۔

لہسن: امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے جمع الجوامع میں دیلمی سے روایت نقل کی ہے اور دیلمی نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اے لوگو! لہسن کھایا کرو کیونکہ اس میں بیماریوں سے شفاء ہے۔ لہسن میں بہت فوائد ہیں۔ یہ ورم کو تحلیل کرتا ہے تنگی کو کھولتا ہے پیشاب کو جاری کرتا ہے معدہ سے ریاح نکالتا ہے مرطوب مزاج والوں میں قوت باہ پیدا کرتا ہے منی کو زیادہ کرتا ہے اور گرم مزاج والوں میں منی کو خشک کرتا ہے معدہ اور جوڑوں کے درد کو فائدہ پہنچاتا ہے۔

قارئین کی موصول شدہ منتخب تحریریں

حکیم محمد ارشاد۔ ظفر اقبال آزاد کشمیر۔ فاضل حسین۔ مسعود الحسن پاکپتن۔ راحیلہ شان لاہور۔ محمد ادریس ایبٹ آباد۔ ف کوہاٹ۔ زیب النساء۔ حافظ بلال الطاف صوابی۔ بندہ خدا راولپنڈی۔ میجر محمد اسلم راولپنڈی۔ مسز محمد عارف محمود۔ حاجی منظور احمد کراچی۔ رابعہ لاہور۔ حافظ محمد اظہر محمود بہاولنگر۔ ملک آصف اعوان۔ احمد جبار گل لاہور۔ عظمت جان۔ محمد اکرم۔ محمد لطیف اسلام آباد۔ عطاء الرحمان لاہور۔ عائشہ۔ ذیشان نور راولپنڈی۔ محمد یٰسین۔ محمد اظہر عظیم کراچی۔ عبداللہ گوجرانوالہ۔ شمشاد کوثر ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ شبانہ نور۔ ہاشم۔ محمد جاوید اکرم۔ ن۔ ساہیوال۔ خدیجہ حیدرآباد۔ رفیق ملتان۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

ایسے لوگوں کو جن سے برائی ختم کرنی ہو ان کو اسم یا حمید روزانہ 6100 مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے پلائیں اور اکتالیس دن تک یہ عمل کریں ان شاء اللہ وہ برائی چھوڑ دیں گے۔

جلتی ہوئی برف کی دنیا

سنت نبویؐ اور جدید سائنس

(راشدہ حسین، خیر پور میرس، سندھ)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "اللہ تعالیٰ کا ایک ملائک ہے جس کا آدھا جسم آگ کا ہے اور آدھا جسم برف کا ہے۔ وہ یہ دعا کرتا ہے: (اے اللہ!) تیری ذات پاک ہے اے برف کو آگ سے الفت پیدا کرنے والے (جس سے) آگ برف کی ٹھنڈک کو اور برف کی ٹھنڈک آگ کی گرمی کو نہیں بجھاتی۔ اپنے مومن بندوں کے دلوں میں الفت اور محبت قائم فرما" (ابوالشیخ) (بحوالہ: امام جلال الدین سیوطیؒ کی کتاب "الحبائک فی اخبار الملائک" کا ترجمہ "ملائکوں کی عجیب دنیا") خلاصہ: یہاں "نور" کا ترجمہ "آگ" سے کیا گیا ہے۔ اس کی وجہ یہ بھی معلوم ہوتی ہے کہ برف نور کو نہیں بجھا سکتی، نور کو کوئی بھی چیز نہیں بجھا سکتی جبکہ برف آگ کو بجھا سکتی ہے مگر نور کو نہیں۔ واللہ اعلم۔

آگ اور برف ایک ساتھ ہوں اور پھر دونوں کا وجود باقی رہے اس بات پر غور کرنا آج سے 1400 سال قبل عقل انسانی کیلئے مشکل تھا مگر زمانہ گزرنے کے ساتھ ساتھ اس خبر کی کیفیت ظاہر ہو چکی ہے۔ نیشنل جیوگرافک میگزین کے مئی 2007ء کے ایڈیشن میں یہ خبر شائع کی گئی تھی کہ ایک سرخ رنگ کا بے حد ٹھنڈا ستارہ سورج کے گرد گردش کرتا ہے وہ بھی صرف 2.5 ملین میل کے فاصلے سے ایک سیارہ ڈھونڈا گیا ہے جس کا سائز نیپچون سیارہ جتنا ہے "گلیز ہے 436 بی" (GJ 436B) نامی یہ سیارہ دکھوتا ہوا لیکن ٹھوس پانی ہے۔ یہ سیارہ پہلے 2004ء میں ڈھونڈا گیا تھا اس سیارے کی برف وہ عام برف نہیں جو ہم جانتے ہیں بلکہ پانی بہت زیادہ والی حالت میں رہنے سے ٹھوس بن چکا ہے۔ یوں سمجھنے میں آسان رہے گا کہ یہ برف انتہائی سخت "جیلی" کی طرح ہے۔ یہ برف ضرور ہے مگر ٹھنڈی ہرگز نہیں--- بلکہ یہ اس قدر تپتی ہوئی برف ہے کہ جو کبھی ایک لمحے میں پگھلا سکتی ہے لیکن خود ہرگز نہیں پگھلتی--- یہ برف بہت ہی زیادہ ٹمپریچر پر جل رہی ہے۔ جیسا کہ وہ فرشتہ دعا میں کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے برف کی آگ سے ایسی الفت قائم کر دی ہے جس سے کہ آگ برف کی ٹھنڈک کو اور برف کی ٹھنڈک آگ کی گرمی کو نہیں مٹا سکتی۔ سبحان اللہ! اس الفت کو ہم سائنس کی رو سے کیمیکل بانڈنگ کہہ سکتے ہیں۔ "جلتی ہوئی برف کی یہ دنیا" ہمارے ستارے سورج سے تیس نوری سال کے فاصلے پر ہے اور ایک نوری سال میں اندازاً اسی کروڑ کے قریب سال ہوتے ہیں۔ سات ملائکہ روزانہ سورج پر برف ڈال کر ٹھنڈا کرتے ہیں: حضرت امام باجلی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ سات ملائکہ سورج پر مقرر کر دیے گئے ہیں جو کہ اس پر برف ڈالتے ہیں۔ اگر وہ اس طرح نہ کریں تو سورج کی گرمی جس چیز تک پہنچے اس کو جلا دے" (بحوالہ: ملائکوں کی عجیب دنیا' امام جلال الدین سیوطیؒ)

اس حدیث مبارکہ کا ایک ایک لفظ علم کا ایک بہت بڑا درجہ ہے۔ برف جو کہ پانی کی ایک صورت ہے یعنی "H_2O" (ہائیڈروجن اور آکسیجن)۔ سورج پر جو گیس موجود ہیں ان میں 73.46% فی صد ہائیڈروجن ہے۔ 24.85% فیصد ہیلیئم اور 0.77% فیصد آکسیجن ہے۔ اس بات پر دھیان دینا کہ آکسیجن کی تعداد بے حد کم ہے جبکہ ہائیڈروجن کے دو ایٹمز کے ساتھ آکسیجن کا ایک ایٹم ہو تبھی پانی بنتا ہے--- یہ بالکل لایعنی بات ہوگی کیونکہ اب ہم نے جلتی ہوئی برف بھی دیکھ لی ہے تو یہ بات بالکل بحث نہیں ہے ہیلیئم اور ہائیڈروجن کے پروٹونز آپس میں ٹکراتے ہیں اور ہائیڈروجن کا پروٹون ہیلیئم کے پروٹون میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اس عمل کی وجہ سے (یعنی پروٹونز کے ٹکراؤ کی وجہ سے) ہی آگ کے شعلے بنتے ہیں۔ پروٹونز کے اس عمل کو "کیمیکل ری ایکشن" کہتے ہیں۔ مستقل کیمیکل ری ایکشن سے گرمی اور توانائی پیدا ہوتی ہے جس کے ہماری دھرتی پر مثبت اثرات ہیں۔ تقریباً چار ملین ٹن ہائیڈروجن ہر سیکنڈ سورج پر خرچ ہوتی ہے جب سورج سے ہائیڈروجن پوری طرح ختم ہو جائے گی۔ (یعنی اگر ملائک سورج پر برف نہ ڈالیں) تو سورج ہیلیئم میں ہی جلتا رہے گا۔ 130 ملین یا اس سے زیادہ سالوں تک--- اسی دوران ایک وقت ایسا آئے گا کہ جب سورج اپنے قریب کے ہر ایک سیارے کو جھلسا کر خود میں شامل کرتا جائے گا۔ اس سے یہ بالکل واضح ہے کہ اسلام ہی ایک واحد حقیقت پسند مذہب ہے۔

روحانی کیفیت

(پوشیدہ)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا درس آن لائن سننے کا شرف حاصل ہوتا ہے۔ میں جب سے آپ سے منسلک ہوئی ہوں تب سے درج ذیل اعمال کر رہی ہوں اور ان اعمال کی جو کیفیات ہوئیں وہ بھی آپ کو لکھ رہی ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے اہل خانہ کو اپنی حفاظت میں رکھے۔ آمین۔ اعمال جو میں کر رہی ہوں:۔ بسم اللہ کی دس تسبیح دن میں ایک بار۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ والی دعا صبح و شام تین تین بار۔ چاروں قل شریف تین بار صبح و شام۔ آج کل درود ابراہیمی سوا لاکھ بار شروع کیا ہے دن میں پندرہ سو مرتبہ تک پڑھ رہی ہوں۔ صبح و شام ایک تسبیح تیسرے کلمہ کی۔ ہر نماز کے بعد حروف ابجد مات بار پڑھتی ہوں۔ عشاء کی نماز کے بعد سورۂ ملک' منزل اور حرف ق کا عمل۔ اس کے علاوہ يَا عَلِيْمُ سَلِّمْنِيْ اور يَا بَاعِثُ يَا نُوْرُ کی تسبیح اور تسبیحات فاطمہ سونے سے پہلے۔ میرے ان سب اعمال کی صرف ایک ہی نیت ہے کہ میں اللہ کے زیادہ قریب جاسکوں اور میرا خاتمہ ایمان پر ہو جائے اس کے علاوہ کوئی خواہش نہیں اللہ سے جو مانگنا چاہتی ہوں وہ مالک بغیر مانگے ہی عطا کر دیتا ہے۔ **محترم حکیم صاحب!** جب سے درج بالا اعمال شروع کیے اس کے بعد کچھ عجیب باتیں ہوگئیں۔ ان دنوں میرا روم نیچے سے شفٹ ہو کر اوپر والے پورشن میں ہو گیا۔ جب سے اس کمرے میں آئی' ساری رات ڈرتے ہوئے گزرتی' پھر حفاظت کیلئے آیت الکرسی کا حصار اور يَا حَفِيْظُ يَا سَلَامُ کا حصار کر لیتی تھی جس سے کچھ سکون ہوا

مسلسل بال گر رہے ہوں تو۔۔۔!!!

میری داڑھی کے بال متواتر چھ سات سالوں سے گر رہے تھے ماہنامہ عبقری میں دیے گئے ٹوٹکے کے مطابق میں نے ادرک کا پانی نکالا اور اس میں نیم گرم سرسوں کے تیل کو ہم وزن ملا کر یکجان کر لیا۔ بالوں کی جڑوں میں مالش کی تو اگلے دن سے ایک دو بال گرنے کے علاوہ باقی سب محفوظ ہو گئے۔ میں اب یہ عمل مہینے میں تین بار کرتا ہوں اور بال گرنے سے جان چھوٹ گئی ہے۔ نسخہ بھیجنے والوں اور شائع کرنے والوں کیلئے دعاؤں کا تحفہ۔ (پروفیسر (ر) غلام قادر ہراج' جھنگ)

WWW.PAKSOCIETY.COM

معاشرتی برائیوں کی روک تھام کا سنہری اصول

آپ کے اردگرد موجود لوگ بھی آپ سے ویسا ہی پیار کرتے ہیں جیسا آپ ان سے کرتے ہیں' اگر آپ اپنے جذبات کا اظہار زبان اور عمل سے نہیں کریں گے تو انہیں کیسے معلوم ہوگا کہ آپ ان کے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔

(ڈاکٹر مبشر حسین' لاہور)

انسان کو اللہ تعالیٰ نے احساسات اور جذبات دے کر پیدا کیا ہے۔ انسان تو انسان جانوروں میں بھی احساسات موجود ہوتے ہیں۔ جانداروں کی یہ اہم خصوصیت ہوتی ہے اور انسان کو اللہ نے اشرف المخلوقات بنایا ہے' ہر معاملے میں اسے دوسرے جانداروں پر فوقیت حاصل ہے۔ یہ جذبات ہی ہیں جن کا اظہار ہمارے رویوں کی صورت میں سامنے آتا ہے' ماہرین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اگر جذبات انسان کے اندر سے ختم ہوجائیں تو زندگی کی ساری خوبصورتیاں ہی جاتی رہیں۔ ہم سب کا زندگی میں متحرک ہونا انہی جذبات و احساسات کی مرہون منت ہے' ہم آپ کو بتائیں گے کہ خوف' غصہ' نفرت' پیار' محبت' خوشی' ناخوشی یہ سب ہماری صحت پر کیا اثرات مرتب کرتے ہیں اور ہم ان کا کیسے بہتر استعمال کرسکتے ہیں۔

جذبات پر قابو: بعض لوگ جذبات کو منفی انداز میں استعمال کرتے ہیں' کسی غلط حرکت کو جذبات کا نام دیتے ہیں' آپ نے اکثر کئی لوگوں سے یہ الفاظ سنے ہوں گے کہ ''میں جذبات کی رو میں بہہ گیا تھا'' یا یہ کہ ''میں اپنے جذباتی پن سے بہت نالاں ہوں'' ماہرین کہتے ہیں کہ جذبات سے چھٹکارا حاصل کرنا ایک قطعی لاحاصل کوشش ہے اور ایسی کوشش کا کوئی فائدہ بھی نہیں۔ اصل کوشش یہ ہونی چاہیے کہ انسان خوشی اور محبت کے جذبات کو پروان چڑھانا سیکھے اور طاقت ور احساسات جیسے غصہ' خوف' غم وغیرہ سے دانش مندی سے نمٹنے کی سعی کرے۔ اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ انسان بالکل غصہ کرنا چھوڑ دے' یہ فطری عمل ہے۔ انسانی زندگی میں غصے کا اظہار کرنا بھی ضروری ہوتا ہے۔ معاشرتی برائیوں کے خلاف غصے کا اظہار کرنا بھی ضروری ہوتا ہے' معاشرتی برائیوں کے خلاف غصہ معاشرتی برائیوں کی روک تھام میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ اسی طرح مناسب خوف آپ کو احتیاط کا درس دیتا ہے۔ ایک شخص کو معلوم ہونا چاہیے کہ وہ حد سے زیادہ تیز رفتاری کا مظاہرہ کرے گا تو اس میں اسے حادثہ بھی پیش آسکتا ہے اس طرح خوف اسے زندگی کو اعتدال میں رکھنے کیلئے معاون ہوتا ہے۔ اسی طرح خوشی کے لمحات میں آپ گم سم ہوکر نہیں بیٹھ سکتے اور نہ ایسا کرنا چاہیے۔ خوشی اور محبت کے جذبات انسانی زندگی میں خوبصورت رنگ بھرتے ہیں۔ یہی جذبات زندگی کو خوشگوار بناتے ہیں۔ خوشگوار جذبات کو کیسے پروان چڑھایا جاسکتا ہے۔ ماہرین اس کیلئے چند مشورے تجویز کرتے ہیں۔

1۔ آپ کے محبت کے جذبات دوسروں میں جذب ہوتے ہیں۔ لوگ ایسے جذبوں کے اظہار سے آپ کو پسند کرتے ہیں۔ والدین اور خاندان کے دوسرے افراد سے مختلف طریقوں سے اس کا اظہار کرتے رہیں۔ انہیں تحائف دے کر مسکرا کر اور اچھے الفاظ سے مخاطب کرکے ان سے لگاؤ ظاہر کرتے رہیں۔ آپ کی گفتگو سے معلوم ہونا چاہیے کہ آپ کو وہ بہت عزیز ہیں۔ 2۔ آپ کے اردگرد موجود لوگ بھی آپ سے ویسا ہی پیار کرتے ہیں جیسا آپ ان سے کرتے ہیں' اگر آپ اپنے جذبات کا اظہار زبان اور عمل سے نہیں کریں گے تو انہیں کیسے معلوم ہوگا کہ آپ ان کے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔ 3۔ ایسے مشاغل یا تفریحی ذرائع معلوم کرنے کی کوشش کریں جن کی انجام دہی سے آپ خوشی محسوس کرتے ہیں۔ ہر فرد کو ایسے مشاغل کی ضرورت ہوتی ہے جس میں اسے خوشی اور اطمینان حاصل ہوتا ہو۔ 4۔ دوسروں کیلئے ہمیشہ کچھ نہ کچھ کرنے کے مواقع تلاش کرتے رہا کریں۔ لوگوں کے کام آنے سے جو سکون ملتا ہے وہ زندگی کو خوشگوار بنانے میں بڑا اہم کردار ادا کرتا ہے۔

5۔ آپ کا موڈ صحیح نہ بھی ہو تو کوشش کریں کہ روزانہ کے معمولات کی انجام دہی میں فرق نہ آئے۔ ناموافق طبیعت کے باوجود زندگی کو بہتر طور پر گزارنے کی کوشش کرتے رہیں۔ 6۔ اداسی محسوس کریں تو اسے اپنے اوپر مسلط نہ ہونے دیں۔ خود سے کہیں کہ ''یہ کیفیت عارضی ہے' میں بنیادی طور پر ہمت والا ہوں' میں زندہ دل ہوں اور اس اداسی پر جلد ہی قابو پالوں گا''۔ 7۔ اگر آپ کو لگے کہ کوئی آپ کا حق مار رہا ہے۔ ایسی صورت میں اندر ہی اندر کڑھ سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ بہتر ہے کہ آپ اپنے دل کی بات کہہ دیں۔ متعلقہ شخص سے اپنے ساتھ ہونے والی ناانصافی پر بات کریں۔ اس سے آپ کے دل کا بوجھ ہلکا ہوجائے گا۔

8۔ اپنے احساسات کو رد نہ کریں۔ غصہ' ناراضگی اور اس قسم کے جذبات سے ہر شخص کو پالا پڑتا ہے پھر آپ ان سے بھرا کیسے رہ سکتے ہیں۔ بس آپ کی ایسے موقع پر یہ کوشش ہونی چاہیے کہ غصے یا ناراضگی کا اظہار آپ کو تہذیب کے دائرے سے باہر نہ نکال دے۔ 9۔ اگر آپ کا شمار ایسے افراد میں ہوتا ہے جنہیں بہت زیادہ اور معمولی معمولی باتوں پر غصہ آتا ہے تو خود سے پوچھیں کہ ''ایسا تو نہیں ہے کہ آپ سب پر اپنی مرضی مسلط کرنا چاہتے ہیں۔ اگر معاملات کو کبھی کبھار دوسروں کی مرضی پر چھوڑ دیا جائے تو آپ دیکھیں گے کہ دوسرا بھی آپ کی خواہش کا احترام کرنے لگے گا۔

جذبات انسانی صحت کو متاثر کرتے ہیں: ماہرین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ صحت کا جذبات سے گہرا تعلق ہوتا ہے بلکہ اکثر لوگوں سے آپ نے یہ سنا بھی ہوگا کہ ''آئے روز کی پریشانیوں نے تو مجھے بیمار کردیا ہے'' اور اس طرح کے دیگر کئی جملے بھی لوگوں کے منہ سے آپ نے سنے ہوں گے۔ یہ حقیقت ہے کہ جب ناخوشگوار باتیں اور ناموافق حالات انسان میں غصے' خوف اور فکر کو جنم دیتے ہیں اگر یہ کیفیت زیادہ عرصے رہے یا مستقل شکل اختیار کرلے تو کئی بیماریاں آپ پر حملہ آور ہوسکتی ہیں ان حالات میں سر درد' پیٹ میں تکلیف اور بھوک کا ختم ہوجانا' نیند کا نہ آنا بہت عام ہے۔

ہوسکتا ہے کہ آپ کو ایسے واقعات یاد ہوں جب اچانک کسی بڑی خوشی کی خبر سن کر آپ کے دل کی دھڑکن تیز ہوگئی ہو۔ شرم نے آپ کے چہرے پر سرخی پھیلادی ہو یا پھر ڈر اور خوف کی کیفیت میں آپ کی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا گیا ہو۔ منہ خشک ہوگیا ہو اور رنگ فق۔ یہ سب جذبات کا ہی کرشمہ ہے ان سب تجربات سے ظاہر ہوتا ہے کہ جذبات کا انسانی صحت سے بڑا گہرا تعلق ہے۔ ذہنی اور جذباتی پریشانیاں معدے پر بھی اثر انداز ہوتی ہیں۔ عام حالت میں معدہ اپنی معمول کی رفتار سے کام کرتا ہے اس کی جھلی گلابی مائل ہوتی ہے لیکن جب انسان غصے یا خوف کی کیفیت میں ہوتا ہے تو معدہ اپنا صحیح کام کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ نتیجے میں تیزابیت بڑھ جاتی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ جذبات کے دوران انسانی جسم میں ہونے والی عارضی تبدیلیاں شاید ضروری ہوتی ہیں کیونکہ یہ انسان کو ردعمل کا موقع فراہم کرتی ہیں لیکن اگر یہ حالات مستقل شکل اختیار کرلیں تو انسان کی صحت کو خطرات لاحق ہوجاتے ہیں جو یقیناً تشویشناک بات ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

سیلان الرحم کی مرض میں دار چینی ایک تولہ تال مکھانہ ایک تولہ کشتہ بیضہ مرغ ایک تولہ اور بتاشے تین تولہ کو باریک کوٹ کر سفوف بنا کر تین ماشہ ہمراہ گائے کے دودھ سے صبح و شام استعمال کرنا بے حد مفید ہے۔

سورۂ کہف کی عظمت اور برکات

محمد بابر علی سکھیرا، ملتان

جو شخص جمعہ کے دن سورۂ کہف کی تلاوت کرے گا اس کے قدم سے لیکر آسمان کی بلندی تک نور ہو جائے گا اور قیامت کے دن روشنی دے گا (پل صراط پر) اور پچھلے جمعہ سے اس جمعہ تک اس کے سارے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

سورۂ کہف کی عظمت کا اس سے بھی اندازہ ہوتا ہے کہ یہ پوری سورت ایک ہی وقت میں نازل ہوئی تھی اور ستر ہزار فرشتے اس کے ساتھ آئے تھے۔ **(روح المعانی ج5، ص199)** احادیث مبارکہ میں سورۂ کہف کی بڑی فضیلت آئی ہے اور تلاوت کی بہت سی برکات مذکور ہیں: فتنۂ دجال جس سے ہر نبی نے اپنی امت کو ڈرایا اور نبی آخر الزمان احمد مجتبیٰ ﷺ نے بھی اس فتنے سے پناہ مانگی اور اپنی امت کو اس فتنے سے پناہ مانگنے کی دعائیں سکھائیں۔ اس کے بارے میں حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا ''جس شخص نے سورۂ کہف کی پہلی دس آیتیں حفظ کر لیں وہ دجال کے فتنے سے محفوظ رہے گا۔ **(مسلم، ترمذی بحوالہ: تفسیر ابن کثیر ج3، ص70)** حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص جمعہ کے دن سورۂ کہف کی تلاوت کرے گا اس کے قدم سے لیکر آسمان کی بلندی تک نور ہو جائے گا اور قیامت کے دن روشنی دے گا (پل صراط پر) اور پچھلے جمعہ سے اس جمعہ تک اس کے سارے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔'' سبحان اللہ۔ **(تفسیر ابن کثیر ج3، ص70)**

عجیب فضیلت: حضرت اسحاق بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''کیا میں تمہیں ایسی سورۃ نہ بتاؤں جس کے ساتھ ستر ہزار فرشتے آئے تھے جس کی بڑائی نے آسمان و زمین کے درمیان کو بھر دیا تھا جس کی تلاوت کرنے والے کو اتنا ہی اجر ملتا ہے۔ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا کہ کیوں نہیں ضرور بتائیے۔ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ سورۂ کہف ہے جو شخص جمعہ کے دن اس کی تلاوت کرتا ہے اس کے اس جمعہ سے دوسرے جمعہ تک کے سارے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اور تین دن کے مزید بھی اور اسے ایک نور دیا جاتا ہے جو زمین سے آسمان تک پہنچتا ہے اور اسے دجال کے فتنے سے بچا لیا جاتا ہے۔'' **(بحوالہ الجامع الاحکام القرآن ج10، ص346)**

عذاب قبر سے نجات: علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں سورۂ کہف کی تلاوت کی برکت سے متعلق ایک واقعہ ذکر فرمایا ہے جس سے ان احادیث مبارکہ کی صداقت کا اظہار ہوتا ہے' یہ واقعہ نظر سے گزرا تو جی چاہا کہ قارئین کے گوش گزار کیا جائے۔ علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں'' صفد کے قاضی محمد بن عبدالرحمان عثمانی فرماتے ہیں کہ مجھے امیر سیف الدین بابان الحسامی نے کہا کہ ایک روز میں صحرا کی جانب نکلا کیا دیکھتا ہوں کہ ابن وقیق العید قبرستان میں ایک قبر پر کھڑے تلاوت قرآن اور دعا میں مشغول ہیں اور زارو قطار رو رہے ہیں' میں نے رونے کا سبب پوچھا تو کہنے لگے کہ یہ قبر والا میرے شاگردوں میں سے تھا' یہ میرے پاس قرآن پڑھتا تھا اس کا انتقال ہو گیا' رات میں نے اس کو خواب میں دیکھا میں نے اس کی حالت دریافت کی تو کہنے لگا کہ جب سے مجھے قبر میں رکھا تو میرے پاس ایک چیت کبری کتا درندے کی مانند آیا اور مجھے ڈرانے لگا' میں اس سے گھبرا گیا' کیا دیکھتا ہوں کہ اسی وقت ایک دراز قد خوبصورت شخص آیا اور اس نے کتے کو بھگا دیا۔ پھر میرے پاس آکر بیٹھ گیا اور مجھے مانوس کرنے لگا۔ میں نے کہا کہ آپ کون ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ میں تیری سورۂ کہف کی تلاوت کا ثواب ہوں جو تم جمعہ کے روز پابندی سے پڑھتے تھے'' **(بحوالہ: الدرر الکامنہ ص95، ج4)**

گمشدہ چیز فوری حاضر

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری پچھلے پانچ سال سے مسلسل پڑھ رہا ہوں اس رسالہ کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے اس میں سے مجھے ہر طرح کی رہنمائی با آسانی مل جاتی ہے۔ کچھ عرصہ قبل میری بیٹی گم ہو گئی تھی جس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھا میں نے دفتر ماہنامہ عبقری میں فون کیا اور انہیں اپنی پریشانی بتائی تو انہوں نے مجھے **یَاجَامِعُ یَامُعِیْنُ** کھلا پڑھنے کو کہا اور ساتھ بتایا کہ چند گھنٹوں یا چند دنوں میں بچی مل جائے گی۔ ہم سب گھر والوں نے فوراً ورد شروع کر دیا' صرف چند گھنٹے بعد ہی بچی دستیاب ہو گئی تو ہماری جان میں جان آئی۔ اس واقعہ کے بعد میں عبقری کے اور بھی زیادہ قریب ہو گیا ہوں۔ **(محمد شوکت)**

دعا کے ذریعے بارش سے حفاظت

شیزا امین

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک مرتبہ فرمایا کہ'' آؤ اپنی قوم کی زمین کی طرف چلتے ہیں'' (یعنی اپنے دیہاتوں میں لوگوں کی خبر گیری کیلئے چلتے ہیں) چنانچہ ہم لوگ چل پڑے میں اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کچھ پیچھے رہ گئے اتنے میں ایک بادل تیزی سے آیا اور برسنے لگا۔ حضرت ابی کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دعا مانگی کہ اے اللہ! اس بارش کی تکلیف ہم سے دور فرما دے'' چنانچہ ہم چلتے رہے لیکن ہماری کوئی چیز بارش سے نہیں بھیگی جب ہم حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس پہنچے تو ان کے جانور' کجاوے اور سامان سب بھیگا ہوا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ''ہمیں تو راستے میں بہت بارش ملی تو کیا آپ لوگوں کو نہیں ملی۔'' میں نے کہا حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اللہ سے یہ دعا کی تھی کہ'' اے اللہ! اس بارش کی تکلیف ہم سے دور فرما'' حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ''تم نے اپنے ساتھ ہمارے لیے دعا کیوں نہیں کی۔'' اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ دعا ہمیشہ انفرادی نہیں اجتماعی کرنا چاہیے۔

زیادہ ضرورت مند: لباس کے معاملے میں حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کسی وضع کے پابند نہیں تھے اور نہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ لباس کا اہتمام فرماتے تھے۔ جو مل جاتا ستر پوشی کے کام لاتے۔ ایک دن لوگوں نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نہایت خستہ کمبل اوڑھے دیکھا کسی نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو روکا اور کہا: ''اے ابوذر! (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کیا آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس اس گندے اور فرسودہ کمبل کے علاوہ کوئی اور لباس نہیں ہے؟ جو اس بدوضع حالت میں آپ بازاروں میں گھوم رہے ہیں'' حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میرے بھائی اگر اس سے اچھا لباس میرے پاس ہوتا تو میں ضرور استعمال کرتا'' اس شخص نے پھر کہا ''کل ہی تو ہم نے آپ کو نہایت صاف اور قیمتی لباس میں دیکھ چکے ہیں اس لباس کا کیا ہوا؟'' انہوں نے جواب دیا ''تم ٹھیک کہتے ہو کل میرے جسم پر ایک اچھا لباس تھا مگر میں نے وہ ایک ضرورت مند کو دے دیا'' اس شخص نے حیرت سے سوال کیا: ''کیا آپ سے زیادہ بھی کوئی ضرورت مند ہو سکتا ہے'' ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ''میرے پاس تو یہ کمبل ہے اس غریب کے پاس یہ بھی نہ تھا''

WWW.PAKSOCIETY.COM

اگر کسی شخص کی طبیعت میں حسد، بغض، بخل، خودنمائی اور بات بات پر غصہ کرنے کی بری عادات ہوں اسے چاہیے کہ یَامُغْنِیُ روزانہ 3125 مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے۔

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج

بعض لوگ خط لکھنے کے بعد جواب کا انتظار نہیں کرتے فوراً مزید لکھ دیتے ہیں کم از کم چالیس دن انتظار کریں۔ جو وظیفہ بتایا گیا ہے صرف اسی پر توجہ کریں بار بار وظائف ہرگز نہ بدلیں۔

براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں، توجہ طلب امور کیلئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ مختصر اور صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خطوط لکھتے ہوئے اضافی گوند، ٹیپ یا سٹیپلر پن کا استعمال نہ کریں کیونکہ خط کھولتے ہوئے پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ اپنا نام، شہر کا نام اور مکمل پتہ واضح کر کے جوابی خط پر ضرور لکھیں۔ ایڈریس نامکمل ہونے کی وجہ سے جواب نہیں دیا جائیگا۔

کہیں پاگل نہ ہو جاؤں!!!

میری عمر تیس سال ہو گئی ہے مگر ابھی تک شادی نہیں ہوئی میرا رشتہ میرے اپنے ہی خاندان میں طے تھا لیکن عین موقع پر لڑکے نے انکار کر دیا اور دوسری جگہ اس کو لڑکی پسند آ گئی اور اس نے شادی کر لی۔ اب وہ اپنی بیوی کے ساتھ خوش ہے بچے بھی ہیں لیکن اس نے مجھے تو تباہ کر دیا میرے اور میرے والدین کے ساتھ اس نے دھوکہ کیا۔ اب میں اس آس پر بیٹھی ہوں کہ شاید کوئی رشتہ آ جائے لیکن میری قسمت کے دروازے ایسے بند ہیں کہ کہیں سے امید نہیں ہے۔ میں ہر وقت کڑھتی رہتی ہوں اور اپنی تقدیر پر آنسو بہاتی رہتی ہوں۔ مجھے ڈر ہے کہ کہیں میں پاگل نہ ہو جاؤں کیونکہ میرا ذہن خراب ہو رہے چکا ہے۔ اپنی بیٹی سمجھ کر کچھ پڑھنے کیلئے دیں تا کہ میری پریشانی دور ہو۔ (ایک دکھی بیٹی)

جواب: زندگی تمہیں ہے اللہ کا نظام بھی اپنی جگہ جاری و ساری ہے لڑکیاں ماں باپ کی آنکھوں کا نور اور دل کا سرور ہیں مگر اسٹینس (معیار زندگی) کا ہزاروں کہ ہر ماں ہر باپ ہر لڑکی خود ساختہ معیار زندگی کے خول میں بند ہے۔ رشتے ناطے کاروبار بن گئے ہیں۔ آپ اور آپ جیسی بے شمار بیٹیاں جو اچھے بر کا انتظار کرتے کرتے والدین کے گھر پر بیٹھی بوڑھی ہو رہی ہیں آپ کو چاہیے کہ پانچ وقت نماز کی پابندی کریں اور 100 بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ پڑھ کر دعا کیا کریں۔ زندگی میں نشیب و فراز آتے رہتے ہیں مایوس نہیں ہونا چاہیے۔ اللہ کے اوپر یقین بندے کیلئے بڑی کامیابی کا سبب بن جاتا ہے۔ دن رات میں جب بھی وقت مل جائے وضو اور بغیر وضو یَا حَيُّ یَا قَيُّوْمُ پڑھا کریں۔ غریبوں کی مدد کریں اللہ تعالیٰ غیب سے مدد فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ۔

مرنے کی دعا

میں بہت حساس طبیعت کی مالک ہوں میری عمر 18 سال ہے لیکن دل بالکل بوڑھوں جیسا ہے کوئی خوشی خوشی نہیں لگتی۔ بہت مایوس رہتی ہوں اس دنیا میں زندہ رہنے کا جی نہیں چاہتا مرنے کی دعائیں کرتی ہوں ذہن پر ہر وقت ایک انجانا خوف طاری رہتا ہے۔ کسی سے بات کرتے ہوئے ڈر لگتا ہے کہ کہیں کوئی ایسا سوال نہ کر دے جس کا میں جواب نہ دے سکوں خوف کا یہ عالم ہے کہ منہ سے آواز نہیں نکلتی۔ اکثر ڈراؤنے خواب دیکھتی ہوں۔ (امینہ ظفر، کراچی)

جواب: رات سوتے وقت سو بار اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (یونس 62) پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھ تین بار چہرے پر پھیر لیں۔

امتحان کی تیاری

میرے فائنل ایئر کے پیپرز ہیں تیاری کرتا ہوں مگر جس طرح کرنی چاہیے اس طرح کر نہیں پاتا۔ پڑھنے بیٹھتا ہوں اور طبیعت میں عجب سی بے چینی شروع ہو جاتی ہے۔ مجھے ڈر ہے کہ کہیں میں فیل ہی نہ ہو جاؤں۔ براہ مہربانی اس کیلئے مجھے کوئی اچھا سا وظیفہ عنایت فرمائیں۔ (منیر احمد، ساہیوال)

جواب: میرے پاس اس طرح کے ڈھیروں خطوط آتے جس میں طالب علم اپنے مسائل بیان کرتے ہیں۔ ان تمام طالب علموں کو چاہیے کہ تعلیم پر بھرپور توجہ دیں اور محنت کے ساتھ ساتھ رات کو سوتے وقت سو بار یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ پڑھ کر آنکھیں بند کر کے دس منٹ تک یہ تصور کریں کہ آپ کے دماغ میں نیلی روشنیاں ذخیرہ ہو رہی ہیں۔ نتیجہ آنے تک یہ عمل جاری رکھیں۔ وہ خواتین و حضرات جو دماغی کمزوری کا شکار ہیں انہیں چاہیے کہ دن میں تین بار ایک ایک چمچ شہد پر نو بار یَا عَلِیْمُ پڑھ کر دم کر کے کھائیں۔ اس عمل سے ذہن تیز حافظہ روشن اور دماغ طاقتور ہو جاتا ہے۔

بالوں کے مسائل

میرے چہرے پر بال ہیں جس کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوں گھر میں مہمان وغیرہ آتے ہیں تو میں ان کے سامنے نہیں جاتی۔ چہرے پر بالوں کی وجہ سے میں نے اپنے رشتہ داروں کے گھر جانا چھوڑ دیا ہے۔ (نسرین اصغر، لیہ)

جواب: عورتوں کے اگر ماہانہ نظام میں اگر خرابی پیدا ہو جائے تو عورتوں کے چہرے پر بال نکل آتے ہیں۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ ماہانہ نظام کو بحال رکھا جائے۔ آپ ایک پاؤ کلونجی پانی سے دھو کر دھوپ میں سکھا لیں اور کھلے منہ کی صاف شفاف نیلے رنگ کی شیشی میں بھر لیں (اگر رنگین بوتل دستیاب نہ ہو تو کسی بک اسٹال سے نیلے رنگ کا سیلوفین پیپر خرید کر گوند سے شیشی پر چسپاں کر دیں) عشاء کی نماز کے بعد سو مرتبہ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ (اعراف 54) پڑھ کر کلونجی پر دم کریں اور شیشی کا ڈھکنا بند کر دیں اس طرح اکیس روز تک کریں۔ بائیسویں روز صبح نہار منہ چوتھائی چائے کا چمچ کلونجی منہ میں ڈال کر دو تین گھونٹ پانی کے ساتھ نگل لیں۔ کلونجی کھانے کے آدھے گھنٹے بعد تک کوئی چیز کھانا پینا منع ہے۔ ایک پاؤ کلونجی ختم ہونے تک یہ عمل جاری رکھیں۔

کان کی رگیں بند

میں ایک لاعلاج مرض میں مبتلا ہوں میرے کانوں میں چیں چیں کی آواز آتی رہتی ہے زور زور کھنے سے دونوں کان بند ہو جاتے ہیں دل گھبراتا ہے کسی کی بات سمجھ نہیں سکتی۔ روتی ہوں لیکن بے چینی نہیں جاتی۔ مگر خدا سے امید رکھتی ہوں کہ وہ میرا مسئلہ حل کر دے گا آٹھ ماہ ہو گئے ہیں پہلے کان اتنے زیادہ بند نہیں تھے بڑے بڑے ڈاکٹروں کو دکھایا ہے ان کا کہنا ہے کہ کان کی رگیں بند ہو گئی۔ (رقیہ، گجرات)

جواب: ایلوپیتھی علاج کے بجائے یونانی علاج کیجئے تا کہ نزلہ پوری طرح بہہ جائے۔ یہ سب بند نزلے کی وجہ سے ہے۔ نزلہ بہہ جانے سے دماغ اور کان کی بند رگیں کھل جائیں گی۔ کوئی خاص فکر کی بات نہیں ہے۔ آپ صبح و شام یَا بَصِیْرُ یَا سَمِیْعُ کی ایک ایک تسبیح نکال لیا کریں۔

بری صحبت

عرض ہے کہ میرا بھائی کوئی کام نہیں کرتا۔ گھر میں دوسرے بھائی بہن ملازمت کرتے ہیں ہم بہنیں سکول ٹیچر

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہیں' کمائی ہوئی رقم بھائی اپنی ملکیت سمجھتا ہے۔ تمام بہن بھائیوں پر اس کا رعب ہے۔ محنت سے جی چراتا ہے' کئی بار اس کی نوکری لگی لیکن اس نے چھوڑ دی باہر کے لوگوں سے لڑتا جھگڑتا ہے۔ کیا مجال کے گھر کا کوئی فرد اسے کچھ کہہ دے' گندی گالیاں بکتا ہے۔ والدہ یہ صدمہ اٹھاتے اٹھاتے انتقال کرگئیں۔ ہم بہن بھائی اس سے بہت تنگ ہیں۔ آپ اس کا روحانی علاج بتائیں کہ وہ نوکری میں دل لگا کر کام کرے اور بہن بھائیوں کی محنت سے کمائی ہوئی رقم کو اپنی ملکیت نہ سمجھے' بری صحبت سے بچے اور اپنے بہن بھائیوں سے محبت کرے۔ (ثمن' کراچی)

جواب: رات کو جب گہری نیند میں ہو تو اس کے سرہانے کھڑی ہو کر ایک بار بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ (بروج 22) پڑھ کر سر کی طرف پھونک مار دیا کریں۔ بلاناغہ چالیس دن تک یہ عمل کریں۔

شوہر کی محبت...!

میرے شوہر ہر وقت مجھ میں عیب نکالتے رہتے ہیں جبکہ میرے گھر والے اور رشتہ دار میرے حسن کی مثالیں دیتے ہیں مگر میرے شوہر کو دوسری عورتیں اچھی لگتی ہیں۔ انہوں نے شادی سے پہلے ایسے ایسے قصے سنائے کہ اگر میری جگہ کوئی اور عورت ہوتی تو پتہ نہیں کیا سے کیا کر لیتی۔ گھر میں کوئی عورت آتی ہے تو وہ ٹکٹکی باندھ کر اس عورت کو دیکھتے رہتے ہیں میں خود شرمندہ ہو جاتی ہوں کہ یہ عورت کیا سوچے گی۔ انگریز عورتیں اور ان کی فلمیں انہیں بہت پسند ہے' موبائل میں ہر وقت لے کر گھومتے ہیں۔ مجھے ان باتوں سے نفرت ہے۔ جناب عالی! میرے شوہر کو بیٹے کی بہت خواہش ہے' میری بیٹیوں سے وہ بالکل خوش نہیں ہیں اب پھر امید سے ہوں اب وہ پھر آس لگائے بیٹھے ہیں کہ بیٹا ہوگا۔ میں چاہتی ہوں کہ میرے شوہر مجھ سے محبت کریں' وہ غیر عورتوں کو دیکھنا چھوڑ دیں' صرف مجھے دیکھیں' مجھ سے بہت محبت کریں اور میری بیٹی سے اور آئندہ آنے والا بچہ چاہے بیٹا ہو یا بیٹی محبت کریں۔ (ایک دکھی بیوی)

جواب: سب کاموں سے فارغ ہونے کے بعد رات کو سونے سے پہلے اول آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ اکتالیس بار سورۂ اخلاص پڑھ کر بات کیے بغیر بستر میں چلی جائیں آنکھیں بند کر کے اپنے شوہر کا تصور کرتے کرتے سو جائیں۔ انشاء اللہ آپ کے علاوہ کوئی ان کی نظر میں نہیں آئے گا۔ بیٹے کیلئے عشاء کی نماز کے بعد 300 بار یَااَوَّلُ پڑھ کر پیٹ پر دم کریں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں' بیٹا ہونے پر دس غریب آدمیوں کو کھانا کھلا دیں۔

نماز اور فحاشی ایک ساتھ

میں پانچ وقت کا نمازی ہوں اور ہمیشہ پاک رہنے کی کوشش کرتا ہوں لیکن برے خیالات کی یلغار کی وجہ سے اکثر ذہن فعل بد کی طرف مائل رہتا ہے۔ اب تو سوچنے لگا ہوں کہ ایسی نمازوں کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ میں دو دفعہ اعتکاف میں بھی اسی وجہ سے بیٹھ چکا ہوں کہ شاید میرا ذہن کنٹرول میں آجائے مگر ایسا نہیں ہوا۔ (پوشیدہ)

جواب: اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا کہ: "بے شک! نماز فحاشات' منکرات اور برائیوں سے روکتی ہے" پھر کیا وجہ ہے کہ ہم نمازی ہونے کے ساتھ ساتھ برائیاں اور گناہ بھی کرتے ہیں۔ اس امر کو سمجھنا بہت ضروری ہے۔ صلوٰۃ (نماز) کا تعلق قائمیت سے ہے جبکہ ہم صلوٰۃ قائم نہیں کرتے بلکہ پڑھتے ہیں۔ پڑھنا یعنی کسی عمل کو عادتاً دہراتے رہنا ہے جبکہ قائم کرنا یعنی رابطہ پیدا کرنا ہوتا ہے یعنی جب ہم صلوٰۃ (نماز) قائم کریں تو اللہ تعالیٰ سے ویسا تعلق اور ایسا ربط قائم ہو جائے کہ اللہ اور بندے کے درمیان کوئی تیسری چیز دخیل اور حائل نہ ہو۔ ایسی نمازیں صلوٰۃ کی قائمیت میں آتی ہیں اور یقیناً برائیوں سے روکتی ہیں۔ آپ کیلئے میرا مشورہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد ایک سو ایک بار استغفار پڑھ کر بند آنکھوں سے "مرتبہ احسان" کا مراقبہ کریں۔ یعنی یہ تصور کریں کہ آپ خدا کو دیکھ رہے ہیں یا یہ کہ خدا آپ کو دیکھ رہا ہے۔ پندرہ منٹ روزانہ مرتبہ احسان کے اس مراقبہ سے امید ہے بہت کم مدت میں آپ گرگوں صورت حال سے نجات پالیں گے۔

معذوری سے نجات

میری عمر انیس سال ہے' میں جب سات سال کی تھی تو پنجوں پر چلتی تھی تب بہت سے ڈاکٹروں کو دکھایا انہوں نے طاقت کی دوائی اور ایکسرے وغیرہ لیتے رہے۔ میری خالہ کے تین چار بچے بھی ایسے ہیں۔ میں پیروں پر پنجوں تو سہارے کے بغیر اٹھ نہیں سکتی' تین سال پہلے میرے والد نے ایک بڑے ہسپتال میں دکھایا تو ڈاکٹر نے کہا کہ آپ دیر سے آئے ہیں' یہ نیورو فزیشن کا کیس تھا' دماغ سے کوئی نالی ریڑھ کی ہڈی سے ایڑی میں ہوتی ہے' وہاں شاید کمزوری ہے' کوئی تسلی بخش جواب نہیں ملا۔ مالش بہت کروائی' مختلف حکماء کے پاس بھی گئے افاقہ نہیں ہوا۔ میں بہت مایوس ہو چکی ہوں' میرے والدین کو میرا کتنا دکھ ہوگا یہ آپ جان سکتے ہیں کیونکہ آپ بھی ایک باپ ہیں۔ جب بھی اپنے متعلق باتیں سنتی ہوں تو جی چاہتا ہے کہ مر جاؤں میرے لیے دعا کیجئے گا کہ جلد از جلد مجھے اس معذوری سے نجات ملے۔ (سدرہ' بہاولپور)

جواب: علاج کافی طویل ہے لیکن آسان ہے پھر ایسے امراض میں جس کا علاج ڈاکٹری اور حکمت میں نہ ہو طب علاج کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ کالے تلوں کا تیل اپنے سامنے نکلوائیں زرد رنگ بوتل میں بھر کر دھوپ میں رکھ دیں بوتل کا اوپری گردن کا حصہ خالی رہنا چاہیے چالیس روز کے بعد یہ تیل صبح نہار منہ باسی روٹی پر چپڑ کر ناشتہ میں کھائیں اور یہی تیل متاثرہ اعضاء پر دائروں میں مالش کریں۔ پانچ ماہ مسلسل علاج کریں۔

شیر و شکر

ماں باپ گھر میں لڑتے رہتے ہیں۔ بہن بھائیوں کی بات بات پر لڑائی رہتی ہے۔ گھر کا ماحول کشیدہ رہتا ہے' ہر فرد ایک دوسرے کو کاٹ کھانے کی فکر میں رہتا ہے' گھر جہنم بنا ہوا ہے' بھائی والد سے لڑتے رہتے ہیں' بھوئی نے ادھم مچا رکھا ہے اور ہر وقت غصہ میں رہتے ہیں' آپس کی نااتفاقی کی وجہ سے ہمسائے اور محلے کے لوگ گھر میں آنے سے کتراتے ہیں' بہن بھائیوں کے سبب رشتے طے نہیں ہو پا رہے۔ یہ وہ مسئلے ہیں جو اکثر خواتین و حضرات کو لاحق ہیں۔ ان سب کا روحانی علاج یہ ہے کہ صبح سویرے سورج نکلنے سے پہلے پہلے ایک گلاس پانی پر تین بار وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿آل عمران ۱۳۴﴾ پڑھ کر پانی پر دم کر دیا کریں اور اس پانی کو اس پانی میں ملا دیا کریں جہاں سے گھر کے تمام افراد پانی پیتے ہیں۔ عمل کی مدت چالیس روز ہے۔ اس عمل سے غصہ ختم ہو کر گھر کے تمام افراد شیر و شکر ہو جاتے ہیں اور خوشیاں لوٹ آتی ہیں۔

روحانی پھکی سے موٹاپا ختم

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری کا پچھلے چار سال سے مسلسل قاری ہوں۔ ماشاء اللہ بہت زبردست رسالہ ہے۔ محترم حکیم صاحب! میں دن بدن موٹا ہوتا جا رہا تھا جس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھا' کھانے پر باوجود کوشش کے کنٹرول نہیں ہو رہا تھا۔ میں نے عبقری رسالہ میں روحانی پھکی کے بارے میں پڑھا اور منگوا کر استعمال شروع کر دیا۔ الحمدللہ! ابھی دو ماہ کی مسلسل استعمال کی تو موٹاپے میں کافی فرق پڑ گیا ہے' ابھی استعمال جاری ہے۔ (محمد اکرم' لاہور)

WWW.PAKSOCIETY.COM

دمہ اور کھانسی

کیلئے لاجواب شربت خاص

میں اکثر نوجوانوں کو دیکھتا ہوں کہ سارا چہرہ دانوں سے بھرا ہوا طرح طرح کی کریموں اور صابنوں سے چہرہ مسخ کر لیتے ہیں ان کو یہ نسخہ استعمال کرایا تو نوجوانوں کے چہرے صاف چمکدار ہو گئے۔ایک طالب علم یہ دوائی بار بار مجھ سے لے جاتا ہے۔

چہرے کے دانے اور خارش ہمیشہ کیلئے ختم

(حکیم ریاض حسین، گجروال)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے کہ آپ بخیر و عافیت ہوں گے اور خدمت خلق میں ساعی کوشاں ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے آمین۔ میرے پاس خارش کے دو نسخہ جات ہیں پہلے میں اپنے استاد محترم سے لیا ہوا نسخہ تحریر کروں گا۔اس کے بعد ماہنامہ عبقری میں ایک نسخہ خارش دار ایگزیما کی دوا کے بارے میں چھپا تھا اس کے بارے میں اپنے تجربات عرض کروں گا۔

نسخہ نمبر ایک: ھوالشافی: خشک پودینہ 80 گرام کلونجی 20 گرام مرچھو کا 40 گرام نا گیسر 100 گرام۔ ان سب کو اچھی طرح پیس لیں اور اس سفوف کا آدھا چمچ کھانے سے قبل پانی کے ساتھ تین دن استعمال کریں۔ خارش سے متاثرہ حصے پر کلونجی کا تیل لگائیں۔ ان شاء اللہ چند دن کے استعمال سے سخت سے سخت خارش ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائے گی۔

ماہنامہ عبقری فائل نمبر 2، رسالہ نمبر 17، صفحہ نمبر 22،17۔

نسخہ ھوالشافی: زنک آکسائیڈ، بورک ایسڈ، سیلی سلک ایسڈ 20،20 گرام۔ گندھک آملہ سار 10 گرام کاربالک ایسڈ پانچ گرام، ویزلین 200 گرام مرہم تیار کر لیں۔ تھوڑی سی مرہم لیکر جسم پر اچھی طرح مل لیں۔ مذکورہ نسخہ میں نے زحیت قسم کی خارش کے مریضوں کو استعمال کرایا۔ بفضل اللہ ٹھیک ہو گئے۔ ایسے ایک مریض جو خارش سے انتہائی پریشان تشریف لائے جو ہر طرح کا علاج کرا کے تھک چکے تھے مگر کسی طرح آرام نہ آتا تھا۔ ساری رات کھجاتے گزرتی تھی ایک پل چین نہ آتا تھا۔ خارش کی خراشوں کے خون آلود نشانات بدن پر آشکار ہوتے۔ مذکورہ نسخہ توجہ اور دھیان سے استعمال کرایا ایسے تندرست ہوئے جیسے خارش کبھی تھی ہی نہیں۔ اس نے کئی لوگوں کو بتایا۔ ایک بچی کی ٹانگوں پر سورائسز تھے مذکورہ نسخہ استعمال کرایا ابھی دو ہی ڈبیاں استعمال کیں بالکل تندرست ہو گئی۔ الحمدللہ!

چہرے کے دانوں میں نسخہ کا کمال: میں اکثر نوجوانوں کو دیکھتا ہوں کہ سارا چہرہ دانوں سے بھرا ہوا طرح طرح کی کریموں اور صابنوں سے چہرہ مسخ کر لیتے ہیں ان کو مذکورہ نسخہ استعمال کرایا تو نوجوانوں کے چہرے صاف چمکدار ہو گئے۔ایک طالب علم یہ دوائی بار بار مجھ سے لے جاتا ہے۔ میں نے پوچھا تو بتانے لگا مجھ سے اور لوگ مانگتے ہیں لوگوں کو اس سے شفاء ملی ہے چہرے کے دانوں کیلئے انتہائی مجرب المجرب ہے۔ میری سب سے زیادہ بکنے والی دوائی یہی ہے۔ ایک سٹور پر میں دوائی دیتا ہوں انہوں نے بتایا کہ خارش اور سورائسز کیلئے انتہائی موثر دوا ہے اور کئی واقعات ہیں مگر اسی پر اکتفا کرتا ہوں۔

دمہ اور کھانسی کیلئے لاجواب شربت خاص

(محمد سلیم شہزاد، صرا، دنیاپور)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو خوش رکھے اور اسی طرح آپ سے دین و دنیا کے کام لے (آمین) ماہنامہ عبقری کا مستقل قاری ہوں بہت اچھا اور بہترین رسالہ ہے اور اس کی ترتیب بھی بہت زبردست ہے۔ میرے پاس کچھ نہایت خاص نسخہ جات ہیں جن کو میں نے بہت سے لوگوں کو استعمال کروایا اور ہمیشہ سو فیصد رزلٹ ملا، یہ نسخہ جات میں قارئین عبقری کو ہدیہ کرتا ہوں۔ **شربت خاص:** دمہ اور کھانسی کیلئے لاجواب نسخہ حاضر خدمت ہے: **ھوالشافی:** گاؤ زبان سو گرام، عناب سو گرام، ملٹھی پچاس گرام، چھوٹا شہد خالص ایک کلو، پانی ڈیڑھ کلو، امرت دھارا دو تولہ۔ (امرت دھارا بنانے کا نسخہ: ست پودینہ ایک تولہ، ست اجوائن ایک تولہ، کافور دو تولہ) **ترکیب تیاری:** پہلی تینوں ادویہ کو ڈیڑھ کلو پانی میں خوب جوش دیں حتیٰ کہ باقی پانی ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو چھان لیں پھوک پھینک دیں اور پانی میں شہد ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں حتیٰ کہ پانی جل جائے اور شہد رہ جائے تو چھان کر بوتل میں رکھیں، ٹھنڈا ہونے پر امرت دھارا دو تولہ ملا لیں۔ **مقدار خوراک:** دو چمچ صبح و شام چاٹ لیں۔ کھانسی، چیسٹ الرجی، گلے میں خراش، انفیکشن، دمہ وغیرہ میں بہت مفید ہے۔ جناب اور محترم حکیم صاحب اور مجھے اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں جن کی طفیل یہ نسخہ خاص آج تمام کیا ہے۔

شربت کڑوا کی میٹھی شفاء

معقوی، معدہ، جگر، دافع قبض، خون کے سرخ ذرات میں اضافہ کرتا ہے، چہرہ کے رنگ کو نکھارتا ہے، پھوڑے پھنسی، چہرے پر داغ دھبے چھائیاں کو دور کرتا ہے، خارش، دھدر، چنبل اور جملہ امراض جلدی میں مفید و موثر ہے۔ **ھوالشافی:** برگ نیم، برگ حنا، برگ بکائن، چرائتہ نیپالی، خشب، منڈی بوٹی، گل زوفا، برہم ڈنڈی، مرچھو، گل نیلوفر، شیشم، گلو، پرسیاوشان، شاہترہ، چھال نیم، عناب، صندل سفید، افسنتین، دھماں، گرجوہ، گورکھ پان، برگ بانسہ ہر ایک بیس گرام۔ ترپھلہ ساٹھ گرام، پتری فولاد پچیس گرام۔ دس کلو پانی میں رات کو بھگو دیں صبح کو ابالیں جب باقی پانی نصف رہ جائے تو چھان لیں پھوک پھینک دیں اور پانی نتھار لیں۔ چار کلو چینی ڈال کر شربت بنائیں۔ **مقدار خوراک:** دو تا چار چمچ آدھا گلاس پانی میں ملا کر صبح و شام استعمال کریں۔ ہیپاٹائٹس، صفراء اور جگر کی گرمی کیلئے خاص کر بہت مفید ہے۔ **میری ہر مشکل کا حل:** مجھے جب بھی کوئی مشکل آتی ہے تو میں درود ابراہیمی ایک ہزار بار پڑھتا ہوں اللہ پاک کے کرم سے کتنی بھی مشکل ہو چند یوم میں بالکل ختم ہو جاتی ہے۔

(بقیہ: الحسیبتم اور اذان کے کرشمات)

نظر کوئی شئی نہیں آتی تھی، میری آنکھ کھل جاتی مجھے محسوس ہوتا کہ کوئی میرے کمرے میں ہے مگر نظر نہ آتا اور میرے ساتھ جسمانی طور پر زبردستی ہوتی۔ کئی روز یہ سلسلہ چلتا رہا، بعض اوقات دروازے کھڑکیاں اونچی طرح بند کر کے بلکہ تالے لگا کر سوتی، میرے ساتھ یہی سلوک ہوتا۔ پھر مجھے برائی کرنے والے کا چہرہ نظر آنا شروع ہو گیا۔ وہی کالا دودھ والا بال (...) تھا لیکن یہ سب خواب میں ہوتا مگر اس کے جسم پر اثرات ہوتے کہ میرے ساتھ برائی کی گئی ہے۔ مجھے بہت تکلیف ہوتی۔ میں روتی دھوتی رہتی ...!!! میں بھی ٹھیک ہو جاؤں میں بھی اپنی سہیلیوں کے ساتھ کھیلوں ان کو پیار کروں۔ پھر...!!! ایک دن میرے بھائی پاکپتن آئے ہوئے تھے وہ ایک دن عبقری رسالہ گھر لے آئے اور میری بہن سے کہا کہ میں تمہاری بہن کیلئے ایک تحفہ لے کر آیا ہوں وہ اسے پڑھے گی تو ٹھیک ہو جائے گی۔ میں نے اور میری بہن ہم دونوں نے عبقری پڑھا اس میں سے ہم نے الحسیبتم اور اذان کے کرشمات کی کتاب کا تعارف پڑھا اور یہ کتاب دفتر ماہنامہ عبقری سے منگوائی۔ پھر عمل پڑھنا شروع کر دیا میں خود بھی پڑھتی اور میری بہن بھی میرے لیے پڑھتی رہی (سات دفعہ اذان اور سات دفعہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات پہلے دائیں کان میں پھر بائیں کان میں اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں یا دم سے کا تصور کر کے دم کریں) ہم جب سے پہلے مجھے مشاہدہ ہوا کہ خواب میں کیا دیکھتی ہوں کہ شادی والا گھر ہے اور ہم کہیں جانے لگے ہیں کوئی کہتا ہے کہ جو تم پر جادو کرتے تھے ان کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے۔ میری ذہنی اور جسمانی حالت پہلے سے بھی بہتر ہونا شروع ہو گئی۔ پہلے میں نماز کی صورت بھی پڑھ سکتی تھی میرا دماغ پھٹنے لگتا تھا مگر اب میں پانچ وقت کی پرسکون طریقے سے نماز پڑھتی ہوں۔ دوسری تمام ادویات چھوٹ گئی ہیں جو ادویات کھا کھا کر بیماری معدہ کو لگ گئی ہے اس کیلئے عبقری کی ادویات استعمال کرتی ہوں۔ ڈاکٹری ادویات بھی چھوٹ گئی ہیں۔ اذان والا عمل جب کرتی ہوں خواب دیکھتی ہوں کہ تمام عامل جن جن کے پاس میں گئی تھی بہت پریشان ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم نے تمہارا کیا بگاڑا ہے تم ہمیں کیوں تنگ کر رہی ہو ہماری جان چھوڑ دو۔ محترم حکیم صاحب اللہ تعالیٰ آپ کو بھی مزید ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے آپ کے بتائے ہوئے عمل الحسیبتم اور اذان کے کرشمات کے کرنے سے میری حالت بدل گئی اور مجھے ظالم عاملوں سے نجات مل گئی اور میری بیماری بھی ختم ہو گئی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

ابوظہبی ملٹری میڈیکل ہسپتال کا ایک راز

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

بے شمار مریضوں کی کمر کی بیلٹیں اتر گئیں' شاٹیکا اور لنگڑی کا درد ختم ہوا' ایسے لوگ جو زندگی بھر کے لیے تھکے رہتے تھے اور بیماریوں میں ہر وقت ڈوبے رہتے تھے انہیں ایسی شفایابی ملی کہ وہ خود حیران.....!

پچھلے سال دوران ملاقات ابوظہبی ملٹری میڈیکل ہسپتال کے ایک بہت بڑے ڈاکٹر اپنے مشورے کیلئے تشریف لائے۔ جب انہوں نے مجھے اپنا تعارف کرایا' تحفے ہوئے میں نے ان سے عرض کیا کہ آپ ابھی بتا رہے تھے کہ جڑی بوٹیوں کے علاج سے آپ بہت زیادہ متاثر ہیں اور آپ خود مجھ سے جڑی بوٹیاں کا علاج کرانے آئے بیٹھے ہیں۔ یقیناً جڑی بوٹیوں سے آپ کی شناسائی بے تعارف بے پسندیدگی ہے۔ مسکرا کر کہنے لگے یقیناً میں جڑی بوٹیوں کے علاج بہت زیادہ پسند کرتا ہوں پھر کچھ دیر سوچ کر کہنے لگے کہ میں آپ کو ایک چیز بتاتا ہوں پھر ٹھنڈی سانس بھر کر کہنے لگے یہ چیز دراصل خود میری نہیں بلکہ مجھے ایک بدو نے بتائی تھی۔ ہوا یہ کہ وہ میرے ہسپتال میں آیا میں نے بڑی توجہ اور دھیان سے اس کا علاج کیا' علاج کے بعد مجھ سے کہنے لگا کہ ڈاکٹر میں تمہیں ایک تحفہ دیتا ہوں لیکن تحفہ سے پہلے اس کے فائدے سن لو۔ کہنے لگا کہ تم جس طرح بھی جتنے بھی پرانے مریض ہو جوڑوں کے' کمر کی درد' شیاٹیکا' پرابلم اعصابی کھچاؤ' پٹھوں کا کھچاؤ' جسمانی کمزوری' دماغی اعصابی کمزوری اور خاص طاقتوں کی بہت زیادہ کمی۔۔۔ ان سب کیلئے یہ ٹوٹکا نہایت بہترین اور لاجواب ہے۔ موسم گرما میں استعمال کرنا ہے تو بہت کم کر لیکن موسم سرما میں کھلے دل سے استعمال کریں۔ ہاں اس دوران مکھن دودھ زیادہ استعمال کرنا یہ نہ سمجھنا کہ مکھن دودھ میرے خون میں چربی یا کوئی فاسد اجزا جس سے نقصان دہ اثرات پیدا ہو پڑ جائیں یہ دوائی خود ایسی چیز ہے جو ان چیزوں کو ختم کر دیتی ہے۔ پھر سینہ تان کر کہنے لگے میری چار شادیاں ہیں اور چاروں بیویاں مطمئن ہیں کیونکہ میں تندرست ہوں' میری اولاد بھی تندرست ہے۔ پھر اس بدو نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ایک واقعہ سنایا۔ کہنے لگا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس ایک کیس آیا۔ کیس یہ تھا کہ ایک صاحب نے بڑھاپے میں شادی کی کچھ عرصہ بیوی کے ساتھ رہے فوت ہو گئے بچہ پیدا ہو گیا اس بیوی نے جائیداد میں سے حصہ مانگا' بڑی بیوی کی اولاد نے دعویٰ کا جواب یہ دیا کہ یہ تو ہمارے والد کی بیوی تھی ہی نہیں اور نہ یہ بچہ ہمارے والد کا ہے اب فیصلہ یہ کرنا تھا کیا یہ بچہ اس عورت میں سے اسی بوڑھے کا ہے؟ آخر یہ کیس حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سونپا گیا۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا یہ فیصلہ کچھ مشکل نہیں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے چند بچے اکٹھے کیے اس بچے کو بھی ان بچوں کے ساتھ شامل کر لیا۔ سب بچوں کو دوڑایا یہ بچہ پیچھے رہ گیا۔ پھر بچوں کو اکٹھا کیا' سب کو کہا بیٹھ جاؤ بچے بیٹھ گئے اچانک کہا کہ اٹھو یک دم سب بچے اٹھے یہ بچہ بھی اٹھا لیکن سہارا لیکر۔ آپ نے فرمایا یہ بچہ واقعی اس بوڑھے کا ہے کیونکہ بڑھاپے کی اولاد ہے اسی وجہ سے دوسرے بچوں سے کم چست ہے۔ لہٰذا فیصلہ ہوا کہ اس کو جائیداد میں حق ملنا چاہیے بعد میں مزید تحقیقات ہوئیں تو نکاح کے گواہ ملے اور حقیقت کھل کر سامنے آ گئی۔ اس بدو نے واقعہ سنانے کے بعد کہا کہ میری بڑھاپے کی اولاد اس نسخے کی وجہ سے بوڑھی نہیں ہے' میری بڑھاپے کی اولاد توانا اور تندرست ہے۔ اس کی وجہ یہی نسخہ ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے اس بدو کے حوالے سے یہ طاقت کا انوکھا فارمولا بھی دیا۔ میں نے فوراً کاغذ پر یہ فارمولا لکھ لیا۔

چونکہ روزانہ مریضوں کے ساتھ واسطہ ہے میں نے بے شمار مریضوں کو لکھ لکھ کر یہ ٹانک دینا شروع کر دیا۔ قارئین! یقین جانیے یہ ٹانک واقعی لاجواب ہے اب تک مجھے جو اس کے تجربات ملے پہلے وہ ساعت فرمائیں: بے شمار مریضوں کی کمر کی بیلٹیں اتر گئیں' شاٹیکا اور لنگڑی کا درد ختم ہوا' ایسے لوگ جو زندگی بھر کے لیے تھکے رہتے تھے اور بیماریوں میں ہر وقت ڈوبے رہتے تھے انہیں ایسی شفایابی ملی کہ وہ خود حیران ایڑیوں کا درد' پاؤں کا درد' پٹھوں کا درد' جوڑوں اور کندھوں کا کھچاؤ' یہ تمام درد اس بدو کے ٹوٹکے سے ایسے گئے جیسے بدو کی بیماری گئی بلکہ بعض لوگوں نے تو مجھے اس کے تجربات و مشاہدات یہ بھی بتائے کہ اس کے استعمال سے عینک اتر گئی' نظر تیز ہوگئی' یادداشت لوٹ آئی' پرانی بھولی ہوئی باتیں بہت زیادہ ازبر ہوئیں اور طبیعت ایسی ہشاش بشاش ہوئی کہ خود ہماری عقل بھی حیران کہ اس دوائی سے اتنا فائدہ ہوا تو کیسے ہوا اور اتنا نفع ہوا تو کیسے ہوا۔ جو لوگوں نے مجھے اس کے تجربات بتائے وہ تجربات بھی واقعی بہترین اور لاجواب تھے ان میں ایک اضافہ یہ بھی تھا کہ ایسے لوگ جو کسی تشدد اور حادثہ کی وجہ سے اپنی خاص قوتیں ضائع کر چکے ہیں انہیں جب بھی یہ استعمال کرایا گیا تو انہیں بہت زیادہ فائدہ ہوا۔ قارئین! اعصاب کیلئے' جوڑوں کیلئے اور پٹھوں کیلئے میں نے بہت سے لوگوں کو دیا اور بہت ہوں نے آزمایا نہایت باکمال اور مفید پایا اور ہاں۔۔۔ اس بدو کو ایک اور فائدہ بھی ہوا تھا جس کی وجہ سے اولاد تندرست تھی وہ بھی یاد رکھیے گا "امید ہے سمجھ گئے ہوں گے" لاجواب فارمولا ہے۔ طاقتوں' قوتوں اور دردوں کیلئے ضرور آزمائیں۔ اب وہ فارمولا نوٹ کریں۔

ھوالشافی: ادرک جسے سونٹھ کہتے ہیں ایک چھٹانک' تازہ ہو (اور ہاں ایک ادرک قاری ہوتا دوسرا دیسی' (اگر دیسی مل جائے پھر تو کمال ہی ہو گیا) ایک چھٹانک باریک پیس لیں' دیسی گھی یا مکھن میں بہتر ہے مکھن۔ چار بڑے چمچ مکھن یا دیسی گھی ہو اس میں صرف تین چار منٹ ہلکا براؤن کریں۔ کالی مرچ پسی ہوئی تین مرچ اور دارچینی پسی ہوئی تین چمچ اس پر چھڑک کر چمچ ہلائیں' صرف تین منٹ۔ اس کے بعد چولہا بند کریں اور اس کو ہلاتے رہیں۔ ٹھنڈا ہونے پر محفوظ رکھیں جب بھی کھانا کھائیں' کھانے کے ساتھ ایک چمچ یہ بدوی مرکب ضرور کھائیں۔ چائے یا گرم دودھ کے ساتھ۔ دن میں چاہے تو ایک بار دو بار تین بار جتنی دفعہ بھی لیں اس کا بہت زیادہ فائدہ ہو گا۔ زیادہ مقدار میں بنا کر بھی رکھ سکتے ہیں۔ چاہیں تو روز ہی بنا لیں۔ چند دن' چند ہفتے' چند مہینے استعمال کریں آنکھوں سے اس کا کمال دیکھیں۔

پرانی سے پرانی چنبل کا آزمودہ علاج

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس پرانی سے پرانی خارش و چنبل کیلئے ایک آزمودہ گارنٹی شدہ نسخہ ہے۔

ھوالشافی: پرانی سے پرانی چنبل کیلئے رات کو لیموں کاٹ کر اس پر پلیس اور ذرموں وٹ ٹیوب لگا کر اس پر کپڑا باندھ لیں اس عمل سے چنبل میں شدید خارش ہوگی مگر دینی کپڑا کھولنا ہے اور خارش ہرگز نہیں کرنی۔ (شازیہ)

WWW.PAKSOCIETY.COM

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

نفسیاتی گھریلو الجھنیں

اور آزمودہ یقینی علاج

مکمل پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ضرور بھیجیں، جواب میں جلدی نہ کریں

مقصد کو مدنظر رکھیں

میں نے ہمیشہ لڑکوں میں ہی تعلیم حاصل کی یعنی سکول سے لے کر کالج تک صرف لڑکوں کے سکول اور کالج سے پڑھا۔ اب یونیورسٹی میں داخلہ لیا ہے۔ یہاں لڑکیاں لڑکوں سے زیادہ ہیں۔ مجھے تعلیم حاصل کرنے میں خاصی دشواری ہو رہی ہے۔ ہر وقت یوں لگتا ہے جیسے لوگ میرا مذاق بنا رہے ہیں۔ میں زیادہ وقت اکیلا ہی رہتا ہوں۔ گزشتہ دو ماہ سے زندگی میں بہت خوشگوار تبدیلی آئی ہے وہ اس طرح کہ میری ہی طرح ایک لڑکی بھی تنہا رہا کرتی تھی۔ اب وہ میرے ساتھ ہوتی ہے محبت کے اظہار میں بھی اس نے پہل کی۔ اب میں ہر روز یونیورسٹی جانے میں ایک انجانی سی خوشی محسوس کرتا ہوں مگر اس کے ساتھ دل میں ڈر بھی ہے کہ کہیں وہ میرا ساتھ نہ چھوڑ دے اور ہماری محبت حقیقت ہوتے ہوتے فسانہ ہی نہ ہو جائے۔ (حماد خالد، کراچی)

مشورہ: ذرا خود سے پوچھیں کہ یونیورسٹی میں کس مقصد کیلئے داخلہ لیا تھا۔ کیا آپ کا مقصد صرف یہی تھا جس پر بات کر رہے ہیں یا اعلیٰ تعلیم کا حصول تھا۔ اگر تعلیم حاصل کرنا مقصد تھا تو پھر یہی اہم مقصد مدنظر رکھنا ضروری ہے۔ محبتوں کی حقیقتوں یا افسانے کی بات قبل از وقت ہے جس طرح لڑکوں کے سکول میں پڑھا اسی طرح لڑکیوں اور لڑکوں کی موجودگی کو بھی عام سی بات سمجھیں۔

روح کی تکلیف

چند سال پہلے کی بات ہے میری خالہ کا بیٹا لندن سے آیا وہ ہم سب سے مختلف تھا، اس کا کھانا پینا، چلنا پھرنا اور باتیں کرنا ہمیں بہت عجیب لگا۔ ایک اور بات یہ تھی کہ وہ ہر وقت سگریٹ پیتا رہتا اور پورے گھر میں دھواں بھر جاتا۔ چائے اتنے بڑے گلاس میں پیتا جس میں ہم لسی یا شربت پیتے تھے۔ بہرحال گھر والے تو اس سے چند دن میں ہی اکتا گئے۔ ایک میں ہی۔۔۔ جو اس کا ہر طرح سے خیال رکھتی۔ سگریٹ ختم ہو جاتے تو منگوا کر دیتی اور وہ بھی اپنے جیب خرچ سے۔ والدہ کو تو اتنا برا نہ لگتا مگر والد اپنی ناراضگی کا اظہار کر دیتے۔ وہ کوئی دو ماہ رہا جبکہ بہت کم وقت کیلئے آیا تھا۔ اس دوران خالہ نے میرا رشتہ بھی مانگ لیا امی نے پہلے تو صاف انکار کر دیا پھر میری دلچسپی کو دیکھتے ہوئے پھر امی نے ہاں کر دی مگر اس وقت تک بہت دیر ہو چکی تھی نہ منگنی ہو سکی اور نہ کوئی تقریب ہوئی اور وہ چلا گیا۔ میرے ایک کزن لندن سے آئے تھے انہوں نے کہا کہ وہ لڑکا تو میرا نام تک نہیں لیتا' یہ سن کر غم اور بھی تازہ ہو گیا۔ (ن،ا، کوٹلی آزاد کشمیر)

مشورہ: انسان کی شخصیت کا اندازہ اس کے کردار اور عمل سے لگایا جا سکتا ہے اور یہ کوئی ایسی مستقل بات بھی نہیں۔ رشتہ دار تو آتے جاتے رہتے ہیں ان کے آنے جانے کو روح کا غم بنا لینا کہاں کی عقلمندی ہے؟! آپ خود کو اس قدر کمزور کیوں بنا رہی ہیں کہ اپنی خوشی اور اپنے غم کو کسی دوسرے کے ساتھ اس طرح محسوس کیا جائے کہ کچھ بھی اپنا 7 ہے۔ اگر وہ آپ کا ذکر نہیں کرتا تو اس میں برا ماننے یا غم کرنے کی کوئی بات نہیں۔ جو کچھ بھی ہوا بھول جائیں۔ اچھی زندگی گزارنے کیلئے اچھے ساتھ کی ضرورت ہوتی ہے۔

سانپ پکڑنے کا شوق

مجھے مختلف کیڑوں مکوڑوں سے بہت ڈر لگتا ہے۔ سانپ بچھو تو ہیں ہی خوف زدہ کرنے والے مجھے تو چھپکلی لال بیگ اور چیونٹیوں سے بھی ڈر لگتا ہے۔ چھوٹے بھائی ان چیزوں سے اور زیادہ ڈراتے ہیں' مجھے یاد ہیں دو واقعات جب میں چھوٹی تھی تو امی اور خالہ بھی ان چیزوں سے ڈرتی تھیں' سانپ کا بہت ذکر ہوتا تھا میں دیکھتی ہوں کہ سانپ والے تو اسے ہاتھوں میں اٹھائے پھرتے ہیں۔ میرا بھی دل چاہتا ہے کہ ان کا خوف ذہن سے نکال دوں اور کبھی انہیں ہاتھوں میں اٹھاؤں مگر پھر خوف حاوی آ جاتا ہے لیکن پھر بھی خطرات سے کھیلنے کا شوق ہے۔ (ثنا، لاہور)

مشورہ: بچوں کے ذہنی رجحانات اور رویے پر ان کے والدین کے رویوں کا بہت گہرا اثر ہوتا ہے وہ بچپن میں اپنی والدہ یا والد کو جن چیزوں اور جن صورتحال میں خوفزدہ ہوتے دیکھتے ہیں خود بھی ان سب سے خوف محسوس کرتے رہتے ہیں۔ شہر کے لوگ کیڑے مکوڑوں سے زیادہ ڈرتے ہیں لیکن ویرانوں اور جنگلوں میں سے گزرنے والوں کو اتنا ڈر نہیں ہوتا۔ جو کچھ انسان کے تجربے میں نہ ہو اور اچانک سامنے آ جائے تو اس سے خوفزدہ ہونا فطری سی بات ہے۔ چھپکلی لال بیگ اور کیڑے مکوڑوں کا خوف عموماً خواتین میں زیادہ پایا جاتا ہے اور اکثریت اس خوف کو نارمل سمجھتے ہوئے اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کی کوشش بھی نہیں کرتیں سانپ بچھو اور ایسے دیگر خطرناک کیڑوں اور جانوروں سے تو سب ہی خوفزدہ ہو سکتے ہیں۔ جو لوگ سانپوں کو اٹھاتے ہیں وہ ان کو پکڑنے کے فن سے آشنا ہوتے ہیں۔ انہیں معلوم ہوتا ہے کہ ان میں کس جگہ زہر ہے اور اسے کیسے نکالا جا سکتا ہے۔ آپ بھی بغیر معلومات کے سانپوں کو پکڑنے یا ان کے قریب جانے کا ارادہ ترک کر دیں۔

بلند مقاصد کی تکمیل

میں کیڈٹ کالج میں پڑھتا ہوں' بہت شریر تھا لیکن ذہانت بھی۔ گھر والے میری شرارتوں سے پریشان تھے۔ انہوں نے میری مرضی کیخلاف ایک مشکل جگہ داخلہ کروا دیا۔ جب بابا آتے ہیں میں ان سے کہتا ہوں کہ میں یہاں سے جانا چاہتا ہوں وہ کہتے ہیں آفیسر کی زندگی گزارو گے یہاں تربیت اور تعلیم دونوں ہیں۔ میں ان کی باتیں سن کر خاموش ہو جاتا ہوں مگر انہیں نہیں بتا سکتا کہ یہ راستہ بڑا کٹھن ہے صرف چھٹی میں گھر آ سکتا ہوں۔ (عرفان احمد، لاہور)

مشورہ: یہ تو اچھی بات ہے کہ آپ کے والد نے تعلیم کے حصول کیلئے ایک اچھے ادارے میں داخل کروا دیا' گھبرائیں نہیں! کٹھن راستوں پر چل کر بلند مقاصد کی تکمیل ہوتی ہے۔ زندگی سنوارنے کیلئے خواہشات کی قربانی تو دینا ہوتی ہے جو کچھ اچھا لگتا ہے اسے آنے والے وقت کیلئے اٹھا رکھیں جب کسی قابل ہو جائیں گے تو بہت موقع ملے گا۔

بانجھ پن کا علاج

میتھی کا سفوف چار ماشہ' کلونجی کا سفوف چار ماشہ' شہد خالص آدھا کپ تمام اجزاء کو مکس کر کے روزانہ آدھا یا ایک کپ دودھ کیساتھ پی لیں۔ اس کے علاوہ میاں بیوی کھجور پر 7 مرتبہ 21 دن درود تاج دم کر کے کھائیں۔ (خدیجہ عامر، گوجرانوالہ)

WWW.PAKSOCIETY.COM

روغن زیتون کا روزانہ استعمال کرنے والوں کو کبھی زکام اور نہ ہی نمونیا ہوتا ہے اگر کبھی نزلہ کسی موسمی خرابی کی وجہ سے ہو بھی جائے تو اس کا حملہ بہت معمولی ہوتا ہے۔

حسب منشاء رشتوں کیلئے قرآنی عملیات

(سید نورعالم شوکی شریف)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! قارئین عبقری کیلئے اپنے آزمودہ عملیات تحریر کر رہا ہوں۔

''حسب منشاء شادی'' آج کل لڑکیوں کی شادی کا مسئلہ ماں باپ کیلئے پریشانی کا سبب بنا ہوا ہے۔ گھر گھر شادی کے انتظار میں لڑکیاں بوڑھی ہو رہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ ماں باپ کی راتوں کی نیند حرام ہوگئی ہے۔ اس گھمبیر مسئلے کے حل کیلئے یَالَطِیْفُ کا عمل نہایت مجرب ہے۔ یَالَطِیْفُ کے اعداد 129 ہیں اور 16641 مرتبہ نام پڑھا جاتا ہے۔ پڑھنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ایک تسبیح میں 129 دانے ڈالے جائیں اور 129 مرتبہ تسبیح پڑھی جائے اور ہر تسبیح کے بعد لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿الانعام ۱۰۳﴾ کو تین مرتبہ پڑھ کر زبان سے مقصد بیان کرے اور پھر یَالَطِیْفُ کی تسبیح پڑھنا شروع کردے اسی طرح سارا عمل ختم کیا جائے مگر عمل پورا کرنے میں بہت زیادہ ہوشیاری کی ضرورت ہے اگر کبھی کمی یا زیادتی ہوجائے تو تاثیر باقی نہیں رہے گی۔

جلد شادی کا مجرب عمل: اگر کسی لڑکی کے نکاح کا پیغام نہ آتا ہو یا لڑکے والے لڑکی کو دیکھ کر چلے جاتے ہوں اور رشتہ نہ طے پاتا ہو تو اس عمل کو ضرور آزمائیں یہ بھی میرا مجرب عمل ہے اگر سچے دل اور پکی لگن سے کیا جائے تو انشاء اللہ کبھی ناکامی کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔ مدت عمل 11 دن ہے بعد کو بعد از نماز عشاء 11000 ہزار مرتبہ روزانہ اسم الٰہی یَامُعْطِیُ کا ورد کریں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ دوران عمل کھانا پینا بولنا نہیں ورنہ عمل باطل ہوجائے گا۔ روزانہ لباس، جگہ اور جائے نماز بھی ایک ہو خوشبو لگا کر بیٹھیں۔ انشاء اللہ نکاح کے پیغام کے علاوہ شادی کے اخراجات کا بھی بندوبست ہوجائے گا۔

حسب خواہش لڑکی کے رشتہ کیلئے: قرآن پاک کی سورۂ احزاب بغیر اعراب (یعنی زیر زبر پیش کے بغیر) سرخ روشنائی سے لکھیں اور کسی محفوظ اور اونچی جگہ مٹی کے خالی گھڑے یا کوزہ میں بند کرکے رکھیں۔ دن میں ایک مرتبہ کسی بھی نماز کے بعد لڑکی خود یا اس کی والدہ یا والد پڑھیں۔ اس عمل کا گھر کے علاوہ کسی اور کو علم نہ ہو۔ انشاء اللہ ہفتہ یا چند دن بعد اللہ تعالیٰ کے کرم سے حسب خواہش لڑکیوں کے رشتے آنے لگیں گے مقصد میں کامیابی کے بعد یہ لکھی ہوئی سورۂ کسی اور لڑکی کے کام بھی آسکتی ہے نہیں تو اس سورۂ کو مٹی کے برتن سمیت دریا یا نہر میں بہادیں۔

لڑکیوں کے رشتے کیلئے: عروج ماہ بروز جمعہ کو بعد از نماز جمعہ 21 مرتبہ سورۂ جمعہ پڑھیں اس عمل کو لگاتار تین جمعہ پڑھیں اللہ نے چاہا تو رشتے آنے شروع ہوجائیں گے۔ اگر یہ عمل لڑکی خود نہ پڑھ سکے تو اس کے والدین یا بھائی بہن بھی کرسکتے ہیں۔ ہر جمعے کو پڑھائی کا وقت ایک مقرر ہو چاہیے اور تصور رکھیں کہ رشتے آرہے ہیں۔ انشاء اللہ ایک ماہ کے اندر اندر لڑکی کی شادی ہوجائے گی۔ اگر کسی مخصوص جگہ پر رشتہ کرنا ہو تو عمل کے دوران اس رشتے کا تصور رکھیں۔ اگر مخصوص جگہ پر نہ ہو تو پھر ویسے ہی رشتے آنے کا تصور رکھیں۔ یہ سارے اعمال مجرب اور نہایت آزمودہ ہیں۔ آزمائش شرط ہے۔

انجکشن اب ری ایکشن کبھی نہ کریگا

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور زیادہ علم و حکمت عطا فرمائے آمین! یہ میرا چھوٹا سا تجربہ و مشاہدہ ہے کہ ڈاکٹر حضرات جب بھی کوئی انجکشن لگائیں تو انجکشن لگاتے وقت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ کم از کم تین مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ انجکشن کے مضر اثرات نہیں ہونگے اور انجکشن ری ایکشن کبھی نہ کریگا۔ میرا ذاتی معمول ہے۔

(ڈاکٹر جاوید اختر، شکرگڑھ)

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

دمہ کا کامیاب ٹوٹکہ

دمہ کا ایک مریض جو بہت ہی بے حال میرے والد صاحب مرحوم جو محکمہ تعلیم میں تھے ایک نسخہ اس کو بتایا۔ وہ آدمی اب بھی ٹھیک ہے اور دعائیں دیتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ تمہارے جنتی والد نے مجھے نسخہ بتایا مجھے اللہ نے شفاء دی۔ اس نے کہا کہ تمہارے والد نے مجھے کہا پیپل بھڑوں کا پرانا چھتہ لاؤ اس کے ہر خانہ میں لونگ بھیجو وہ اس کو ایک کوری مٹی کی ہانڈی ڈھکن دے کر رکھ کر کم از کم آٹھ دس کلو لکڑی اس کے نیچے جلاؤ۔ وہ جل جائیگے لونگ اور چھتہ پیس کر سفوف بنالو مصری لاکر اس کو گھول کر جتنا سفوف اس میں آسکے ڈال کر رات سوتے وقت لے لو میں نے ایسا ہی کیا تو ماشاء اللہ 20,15 سال کا دمہ اللہ کے فضل سے مکمل ٹھیک ہوگیا مگر ٹھنڈی چیزوں سے پرہیز کیا۔

کالا یرقان کا روحانی علاج

میرے مرحوم میجر رفیق صاحب کے ایک عمل کو میں نے اک ایسے طریقے سے آزمایا کہ میرے مریض دعا گو ہیں آج میں آپ سب کو بھی دعوت دیتی ہوں آپ بھی کیجئے اور اس کی نحوست کو جڑ سے ختم کیجئے گا میں ہر سال اٹ سٹ کا بیج لوگوں کو دیتی ہوں آپ وہ بیج حاصل کریں اور اپنے گملے میں لگائیں جب اس کا قد بالشت بھر کا ہو تو دو رکعت نفل حاجت برائے شفاء پڑھیں۔ الحمد کے بعد 15 مرتبہ سورۂ اخلاص ایک بار آیۃ الکرسی پڑھیں سلام پھیرنے کے بعد 100 مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿یٰسین ۵۸﴾ پڑھیں اور پودے سے مخاطب ہوں اے پودے تجھے بحکم الٰہی میں فلاں کی فلاں بیماری کیلئے لے کر جا رہا ہوں میرے اللہ کے حکم سے شفاء ہونی چاہیے۔ اب بِسْمِ اللّٰهِ اللّٰهُ شَافِيْ اَللّٰهُ كَافِيْ يَا كَفِيْلُ پڑھتے ہوئے پودا جڑ سمیت اکھاڑ لیں۔ اب مریض کے بستر کے اوپر اس طرح الٹا دھاگے سے باندھ کر لٹکائیں کہ دل کی جگہ پر ہو جب یہ پودا سوکھ جائے تو دوسرا پودا اکھاڑ کر لائیں اس پر سات مرتبہ کریں۔ ٹیسٹ کرائیں اور خدا کا شکر بجا لائیں ہمیں بھی یاد رکھیں۔ (بحوالہ: عبقری جلد 5)

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

گھریلو، دینی، قلبی، رزق کی تنگی پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور مخفی معلومات سے مکمل بھرپور

استفادہ ... عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی، جسمانی، نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔

(قیمت فی جلد -/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

WWW.PAKSOCIETY.COM

اگر کوئی بچہ یا بڑا آدمی سوکھتا چلا جائے اور بظاہر کوئی مرض نہ ہو تو سمجھئے کہ اسے مسان ہے۔ ایسے مریض کیلئے یَا مُعِیْدُ 13000 مرتبہ پڑھ کر تیل پر دم کریں اور اسے مالش کیلئے دیں۔

بادشاہ چیل اور مظلوم کبوتر

رفتہ رفتہ کبوتر اس کی اچھی اور میٹھی میٹھی باتوں پر یقین کرنے لگے۔ ایک دن کبوتروں نے آپس میں بہت دیر مشورہ کیا اور طے کر کے اسے اپنا بادشاہ مان لیا۔ اس کے دو دن بعد تخت نشینی کی بڑی شاندار تقریب ہوئی۔ چیل نے بڑی شان سے حلف اٹھایا اور سب کبوتروں کی آزادی، حفاظت اور ہر ایک سے انصاف کرنے کی قسم کھائی

ڈاکٹر جمیل جالبی

بچو! یہ اس چیل کی کہانی ہے جو کئی دن سے ایک بڑے سے کبوتر خانے کے چاروں طرف منڈلا رہی تھی اور تاک میں تھی کہ اڑتے کبوتر پر جھپٹا مارے اور اسے لے جائے لیکن کبوتر بھی بہت پھرتیلے، ہوشیار اور تیز اڑان تھے جب بھی وہ کسی کو پکڑنے کی کوشش کرتی وہ پھرتی سے بچ کر نکل جاتا۔ چیل بہت پریشان تھی کہ کیا کرے اور کیا نہ کرے۔۔۔؟

آخر اس نے سوچا کہ کبوتر بہت چالاک، پھرتیلے اور تیز اڑان ہیں کوئی اور چال چلنی چاہیے۔ کوئی ایسی ترکیب کرنی چاہیے کہ وہ آسانی سے اس کا شکار ہوسکیں چیل کئی دن تک سوچتی رہی۔ آخر اس کی سمجھ میں ایک ترکیب آئی۔ وہ کبوتروں کے پاس گئی۔ کچھ دیر اسی طرح بیٹھی رہی اور پھر پیار سے بولی: "بھائیو اور بہنو! میں تمہاری طرح دو پیروں اور دو پروں والا پرندہ ہوں۔ تم بھی آسمان پر اڑ سکتے ہو۔ میں بھی آسمان پر اڑ سکتی ہوں۔ فرق یہ ہے کہ میں بڑی ہوں اور تم چھوٹے ہو۔ میں طاقتور ہوں اور تم میرے مقابلے میں کمزور ہو۔ میں دوسروں کا شکار کرتی ہوں، تم نہیں کر سکتے۔ میں بلی کو حملہ کر کے زخمی کر سکتی ہوں اور اسے اپنی نوکیلی چونچ اور تیز پنجوں سے مار بھی سکتی ہوں۔ تم یہ نہیں کر سکتے۔ تم ہر وقت دشمن کی زد میں رہتے ہو۔ میں چاہتی ہوں کہ پوری طرح تمہاری حفاظت کروں تاکہ تم خوشی، آرام اور اطمینان کے ساتھ اسی طرح رہ سکو جس طرح پہلے زمانے میں رہتے تھے۔ آزادی تمہارا پیدائشی حق ہے اور آزادی کی حفاظت میرا فرض ہے۔ میں تمہارے لیے ہر وقت پریشان رہتی ہوں۔ تم ہر وقت باہر کے خطرے سے ڈرے سہمے رہتے ہو۔ مجھے افسوس اس بات پر ہے کہ تم سب مجھ سے ڈرتے ہو۔ بھائیو اور بہنو! میں ظلم کے خلاف ہوں۔ انصاف اور بھائی چارے کی حامی ہوں۔ میں چاہتی ہوں کہ انصاف کی حکومت قائم ہو۔ دشمن کا منہ پھیر دیا جائے اور تم سب ہر خوف سے آزاد اطمینان اور سکون کی زندگی بسر کر سکو۔ میں چاہتی ہوں کہ تمہارے میرے درمیان ایک سمجھوتا ہو۔ ہم سب عہد کریں کہ ہم مل کر امن کے ساتھ رہیں گے۔ مل کر دشمن کا مقابلہ کریں گے اور آزادی کی زندگی بسر کریں گے لیکن یہ اسی وقت ہوسکتا ہے جب کہ تم دل و جان سے مجھے اپنا بادشاہ مان لو۔ جب تم مجھے اپنا بادشاہ مان لو گے اور مجھے ہی حقوق اور پورا اختیار دے دو گے تو پھر تمہاری حفاظت اور تمہاری آزادی پوری طرح میری ذمہ داری ہوگی تم ابھی سمجھ نہیں سکتے کہ پھر تم کتنے آزاد اور کتنے خوش و خرم رہو گے۔ اس کے ساتھ آزادی چین اور سکون کی نئی زندگی شروع ہوگی۔ چیل روز وہاں آتی اور بار بار بڑے پیار محبت سے ان باتوں کو طرح طرح سے دہراتی۔ رفتہ رفتہ کبوتر اس کی اچھی اور میٹھی میٹھی باتوں پر یقین کرنے لگے۔ ایک دن کبوتروں نے آپس میں بہت دیر مشورہ کیا اور طے کر کے اسے اپنا بادشاہ مان لیا۔ اس کے دو دن بعد تخت نشینی کی بڑی شاندار تقریب ہوئی۔ چیل نے بڑی شان سے حلف اٹھایا اور سب کبوتروں کی آزادی، حفاظت اور ہر ایک سے انصاف کرنے کی قسم کھائی۔ جواب میں کبوتروں نے پوری طرح حکم ماننے اور بادشاہ چیل سے پوری طرح وفادار رہنے کی دل سے قسم کھائی۔

بچو! پھر یہ ہوا کہ کچھ دنوں تک چیل کبوتر خانے کی طرف اسی طرح آتی رہی اور ان کی خوب دیکھ بھال کرتی رہی۔ ایک دن بادشاہ چیل نے ایک بلے کو وہاں دیکھا تو اس پر اپنے ساتھیوں کے ساتھ ایسا زبردست حملہ کیا کہ بلا ڈر کر بھاگ گیا۔ چیل اکثر اپنی میٹھی میٹھی باتوں سے کبوتروں کو لبھاتی اور انہیں حفاظت اور آزادی کا احساس دلاتی۔

اسی طرح کچھ وقت اور گزر گیا۔ کبوتر اب بغیر ڈرے اس کے پاس چلے جاتے۔ وہ سب آزادی اور حفاظت کے خیال سے بہت خوش اور مطمئن تھے۔ ایک دن صبح کے وقت جب کبوتر دانہ چگ رہے تھے تو چیل ان کے پاس آئی۔ وہ کمزور دکھائی دے رہی تھی۔ معلوم ہوتا تھا جیسے وہ بیمار ہے۔ کچھ دیر وہ چپ چاپ بیٹھی رہی اور پھر شاہانہ آواز میں بولی:

"بھائیو اور بہنو! میں تمہاری حکمران ہوں۔ تم نے سوچ سمجھ کر مجھے اپنا بادشاہ بنایا ہے۔ میں تمہاری حفاظت کرتی ہوں اور تم چین اور امن سے رہتے ہو۔ تم جانتے ہو کہ میری بھی کچھ ضرورتیں ہیں۔ یہ میرا شاہی اختیار ہے کہ جب میرا جی چاہے میں اپنی مرضی سے تم میں سے ایک کو پکڑوں اور اپنے پیٹ کی آگ بجھاؤں۔ میں آخر کب تک بغیر کھائے پیے زندہ رہ سکتی ہوں؟ میں کب تک تمہاری خدمت اور تمہاری حفاظت کر سکتی ہوں؟ یہ صرف میرا ہی حق نہیں ہے کہ میں تم میں سے جس کو چاہوں پکڑوں اور کھاؤں بلکہ یہ میرے سارے شاہی خاندان کا حق ہے۔ آخر وہ بھی تو میرے ساتھ مل کر تمہاری آزادی کی حفاظت کرتے ہیں۔ اس دن اگر اس بڑے سے بلے پر میں اور میرے خاندان والے مل کر حملہ نہ کرتے تو وہ بلا نہ معلوم تم میں سے کتنوں کو کھا جاتا اور کتنوں کو زخمی کر دیتا۔ یہ کہہ کر بادشاہ چیل قریب آئی اور ایک موٹے سے کبوتر کو پنجوں میں دبوچ کر لے گئی۔ سارے کبوتر منہ دیکھتے رہ گئے۔

اب بادشاہ چیل اور اس کے خاندان والے روز آتے اور اپنی پسند کے کبوتر کو پنجوں میں دبوچ کر لے جاتے۔ اس تباہی سے کبوتر اب ہر وقت پریشان اور خوف زدہ رہنے لگے۔ ان کا چین اور سکون مٹ گیا تھا۔ ان کی آزادی ختم ہوگئی۔ وہ اب خود کو پہلے سے بھی زیادہ غیر محفوظ سمجھنے لگے اور کہنے لگے: "ہماری بے وقوفی کی یہی سزا ہے۔ آخر ہم نے چیل کو اپنا بادشاہ کیوں بنایا تھا؟؟ اب کیا ہوسکتا ہے؟

عذاب قبر سے نجات

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص جمعرات کو بعد نماز مغرب دو رکعت نماز ادا کرے، ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ اذا زلزلت الارض پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر موت کی سختی کو آسان کر دے گا، عذاب قبر سے نجات دے گا اور پل صراط پر گزرنا آسان کر دے گا۔ (احسن المبرات، شیخ احمد مکی رحمۃ اللہ علیہ)

حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جس شخص کو یہ بات خوش کرے کہ اس کیلئے اونچے محل بنائے جائیں اور اس کے درجات کو بلند کیا جائے پس اپنے ظالم کو معاف کر دیا کرے محروم کرنے والے کو عطا کرے اور قطع رحمی کرنے والے کے ساتھ صلہ رحمی کرے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو معاف فرمائے اور عمل کی توفیق دے۔ (محمد ایوب شاہد، تونسہ شریف)

WWW.PAKSOCIETY.COM

وہ جن تھا یا سانپ

(محمد عثمان ترک، ملتان)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری لاہور کا اندازاً 2007ء سے قاری ہوں۔ اتنا شاندار رسالہ ہے کہ جو بھی گھر میں پڑا دیکھتا ہے مطالعہ کرنے کیلئے ساتھ لے جاتا ہے اور بعد میں اس کا مستقل قاری بن جاتا ہے۔ مجھے تو ہر ماہ ایک رسالہ پڑھ کر اگلے شمارے کا انتظار رہتا ہے۔ آپ کا یہ رسالہ صدقہ جاریہ ہے جس نے بھی اسے ذرا توجہ، دلچسپی سے پڑھا ہے انشاء اللہ امید ہے کہ اس کی ضرور اصلاح و تربیت ہوئی ہوگی انشاء اللہ یہ قیامت تک چلتا رہے گا آمین! کچھ عرصہ قبل میرے ساتھ ایک عجیب، غریب واقعہ ہوا۔

میں انکم ٹیکس ملتان میں ملازم ہوں پارٹ ٹائم جنرل سٹور کرتا تھا ایک رات کو میں دس بجے سٹور بند کرکے گھر گیا میری بیوی اور میرا بیٹا عمر 13 سال چھت سے سیڑھیوں کے ذریعہ کپڑے لینے گئے جو کہ چھت پر سوکھ رہے تھے۔ میرا دوسرا بڑا بیٹا عمر 15 سال اور چھوٹی بیٹی ایک کمرے میں پڑھ رہے تھے۔ میں دفتر جانے کی تیاری کیلئے رات کو ہی کپڑے خود ہی استری کرلیتا ہوں اور جوتے بھی پالش خود ہی کرتا ہوں تاکہ صبح میری بیگم کو پریشانی نہ ہو۔ سیڑھیوں کے ساتھ ہی برآمدے میں میں اپنے جوتے پالش کررہا تھا کہ چھت سے میری بیوی اور بیٹے نے آواز دی کہ نیچے سیڑھیوں کے پاس لمبا موٹا سانپ ہے۔ میں اور میرے بچے چونکہ ہم نیچے ہی تھے ہم دوڑ کر باہر آئے تو دیکھا کہ میری بیوی اور بیٹا سیڑھیوں پر کھڑے ہیں اور نیچے سیڑھیاں ختم ہونے والی جگہ پر تقریباً پانچ فٹ لمبا اور تقریباً موٹائی پانچ تا آٹھ انچ ہوگی براؤن دھاری دار رنگ میں گول ہوکر پڑا ہے۔ میرے بیٹے نے کہا کہ یہ جن ہے سانپ نہیں ہے اسے کچھ مت کہیں۔ میری بیوی اور بیٹا اوپر سیڑھیوں پر پریشان کھڑے تھے۔ کیونکہ وہ نیچے بھی نہیں اتر سکتے تھے اور ڈر تھا کہ کہیں سانپ سیڑھیاں نہ چڑھ جائے۔ ہم نے گھر میں ہی سکول بنایا ہوا ہے اور قریب ہی ڈیسک اور کرسیاں وغیرہ پڑی تھیں اگر یہ سانپ گھر میں کہیں چھپ گیا تو کہیں بچوں کو نقصان نہ پہنچائے۔ میں اپنے گھر میں ہمیشہ سے ہی ایک بانس تقریباً سات تا دس فٹ لمبا ضرور رکھتا ہوں۔ وہ تقریباً پچاس گز کے فاصلہ پر تھا۔ بچوں نے اور میں نے کافی باتیں کیں مگر سانپ نہ ہلا۔۔۔ لائٹ جل رہی تھی سب اسے دیکھ رہے تھے گھر میں بھاگ کر وہ بانس لایا اور سوچ سمجھ کر دیکھ بھال کر سانپ پر بانس کا ایک زوردار وار کیا کیونکہ مجھے ڈر تھا کہ اگر وار خطا گیا تو یہ بھاگ کر کہیں چھپ نہ جائے یا کسی پر وار کرکے کاٹ نہ لے۔ میرا وار اس کی کمر کے درمیان میں لگا سانپ اچھلا۔۔۔ میں نے دوسرا وار اس کے سر پر کیا۔ اس کے منہ سے عجیب و غریب چیخ نکلی جیسے انسانوں کے منہ سے نکلتی ہے غالباً اس سے وہ مر گیا۔ مگر وہاں اس کے منہ سے اور جہاں میں نے مارا وہاں سے بہت زیادہ خون نکلنا شروع ہوگیا جس سے ہمارا پورا فرش بھر گیا اس سے پہلے بھی کئی سال پہلے میں نے کئی سانپوں کو مارا ہے یا دوسروں کو مارتے دیکھ چکا ہوں ان سے کبھی خون نہیں نکلتا تھا۔ اتنا زیادہ خون سانپ سے نکلتا دیکھ کر میں بہت زیادہ ڈر گیا۔ اس کے بعد میرے بیٹے نے بھی ڈنڈے کے چند وار اس پر کیے اس کے منہ سے کچھ دیر عجیب و غریب آوازیں نکلتی رہیں پھر وہ بے جان ہوگیا۔ پھر میں نے وہ جگہ پانی سے دھوئی اور سانپ کو باہر جاکر دفنا دیا تاکہ صبح سکول میں جب بچے آئیں تو وہ خوفزدہ اور پریشان نہ ہوں۔ میرے دماغ میں ابھی تک یہ ایک سوالیہ نشان ہے کہ وہ سانپ تھا یا جن۔۔۔ کیونکہ سانپ کے منہ سے کبھی ایسی آوازیں میں نے نہیں سنیں اور نہ ہی کبھی سانپ کا اتنا زیادہ خون دیکھا ہے۔۔۔ ہم نے سانپ کو مارنے سے پہلے کافی دیر آوازیں لگائیں اس کو چھیڑا مگر وہ وہاں سے بھاگا کیوں نہیں۔۔۔؟؟؟ جب میری بیوی اور بیٹا چھت پر گئے تو لائٹ جل رہی تھی اور وہ نیچے اردگرد کہیں بھی کچھ نہیں تھا صرف دو یا تین منٹ بعد وہ اچانک سیڑھیوں کے پاس گول ہوکر کیوں پڑا رہا۔۔۔؟؟؟ صاف ستھرے گھر (سکول) میں جہاں ہر وقت بچوں کا رش رہتا ہے آج تک وہاں کبھی سانپ نہیں آیا حتیٰ کہ ہمارے محلے میں بھی کبھی سانپ نہیں نکلا اچانک اتنا بڑا سانپ کیسے نمودار ہوگیا۔۔۔؟؟؟

اس سے پہلے بھی کئی سال پہلے میں نے کئی سانپوں کو مارا ہے یا دوسروں کو مارتے دیکھ چکا ہوں
ان سے کبھی خون نہیں نکلتا تھا۔ اتنا زیادہ خون سانپ سے نکلتا دیکھ کر میں بہت زیادہ ڈر گیا

بنت جمشید چغتائی

نجات عذاب قبر

ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ایک شخص سے فرمایا کہ میں تم کو ایسی حدیث تحفہ میں دوں جس سے تم خوش ہوجاؤ۔ تبارک الذی پڑھا کرو۔

اس سورۃ کا نام تبارک الذی ہے۔ طبرانی نے ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ اس سورۃ کو رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں ہم عذاب الٰہی سے روکنے والی سورۃ کہتے تھے۔ ترمذی وغیرہ میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ بعض صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے ایک جگہ خیمہ گاڑا۔ وہاں ایک قبر تھی جس کا انہیں علم نہیں تھا، انہوں نے اس قبر میں ایک شخص کو سورۃ ملک پڑھتے ہوئے سنا، یہاں تک کہ اس نے پوری سورۃ ختم کردالی۔ صحابی رضوان اللہ علیہم اجمعین نے آکر حضور ﷺ سے یہ ماجرا بیان کیا، آپ ﷺ نے فرمایا ”یہ سورۃ عذاب قبر سے نجات دلاتی ہے“ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ایک شخص سے فرمایا کہ میں تم کو ایسی حدیث تحفہ میں دوں جس سے تم خوش ہوجاؤ۔ تبارک الذی پڑھا کرو۔ اپنے گھر والوں کو بچوں کو پڑوسیوں کو سکھاؤ۔ یہ نجات دینے والی اور قیامت میں مجادلہ کرنے والی ہے۔ اپنے رب سے پڑھنے والے کیلئے جھگڑا کریگی اور اللہ رب العزت سے مطالبہ کریگی کہ اسے عذاب جہنم سے بچالے اس کی وجہ سے اس کو پڑھنے والا عذاب قبر اور عذاب جہنم سے نجات پائے گا۔ (احمد، ابوداؤد، ترمذی)

ابن ماجہ اور حاکم نے اور ان کے علاوہ بہت سے محدثین نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا قرآن مجید کی ایک سورۃ تیس آیتوں والی ہے اس نے میری امت کے ایک شخص کی سفارش کی اور اللہ تعالیٰ نے اس کی مغفرت فرمادی۔ یہ سورۃ تبارک الذی ہے۔ ابن مسعود سے روایت ہے جس نے رات میں یہ سورۃ پڑھی اس نے سب سے عمدہ اور بہتر چیز کی قرأت کی۔ یہاں تک کہ ایک شخص کو روز آخرت جہنم کا فیصلہ سنادیا جائے گا جب فرشتے اسے لیکر جہنم کی طرف چلیں گے کوئی چیز گود کر اس کے جسم سے نکلے گی اور اللہ تعالیٰ سے اس کے بارے میں بخشش کا سوال کرے گی بحث کرے گی اور کہے گی یا تو اس شخص کو جہنم سے خلاصی دے یا اس بات کا انکار کریں کہ میں آپ کا کلام نہیں ہوں۔ بالآخر اللہ تعالیٰ اس کی شفاعت قبول فرمائیں گے اور اس شخص کو جہنم سے خلاصی مل جائے گی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

ماں کی شان میں گستاخی کی فوری سزا

(محمد حسین)

ہمارے ایک رشتہ دار تھے انہیں کبوتر پالنے کا بڑا شوق تھا۔ انہوں نے اپنی چھت پر کبوتر رکھے ہوئے تھے۔ ایک دفعہ کسی بلی نے ان کا کبوتر کھالیا ان کو چونکہ کبوتروں سے بے انتہا محبت تھی انہوں نے غصے میں آکر ڈنڈا زور سے بلی کے سر پر مارا اور بلی وہیں تڑپ تڑپ کر مرگئی جب ان کی والدہ کو اس بات کی خبر ہوئی تو انہوں نے غصے میں آکر اپنے بیٹے کے منہ پر تھپڑ مارا کہ تو نے بلی کو کیوں مار دیا۔؟ تو بیٹے نے غصے میں آکر اپنی والدہ کا بازو پکڑا اور مروڑ دیا ان کی والدہ درد سے کراہنے لگیں اور کراہتے ہوئے اپنے بیٹے کو بددعا دی کہ جس ہاتھ سے تو نے میرا بازو مروڑا ہے' ساری زندگی اس بازو کو لے کر روتا رہے گا۔ اس کا بیٹا کہنے لگا: "جاؤ اتنی تم بددعا دینے والی آئی۔"

ابھی کچھ ہی دیر گزری تھی کہ اس کے بازو میں شدید درد شروع ہوگیا دو تین دن تو ایسے ہی گزر گئے مگر درد دن بدن شدت اختیار کرتا گیا۔ پھر اس نے مختلف حکیموں' ڈاکٹروں جراحوں کے چکر کاٹنے شروع کردیئے مگر مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ اسی طرح درد سہتے چار ماہ گزر گئے۔ ایک دن حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تربت پر گیا' صبح فجر کی نماز کے بعد اس کی آنکھ لگ گئی اس کو خواب میں کسی نے آواز دی کہ" ہمارے پاس کیا لینے آیا ہے' ہمارے پاس تیرے لیے کچھ نہیں ہے' گھر جا تیرے پیر وہاں بیٹھے ہیں" اور اس کی آنکھ کھل گئی۔ اس کو ساری بات سمجھ آگئی۔ اسی وقت گھر کی راہ لی اور گھر جا کر اپنی والدہ کے پاؤں پکڑ لیے اور رو رو کر معافی مانگنے لگا۔ ماں نے روتے ہوئے کہا: بیٹا! جا میں نے تجھے معاف کیا اور اپنا تھوک نکال کر اس کی بازو پر مل دیا اور اس کی صحت یابی کیلئے اللہ کے حضور دعا کی۔ کچھ ہی دیر کے بعد اس کا درد جو تین چار ماہ سے علاج کے باوجود ٹھیک نہیں ہورہا تھا وہ ایسے ٹھیک ہوا جیسے کبھی درد ہوا ہی نہیں تھا۔

سود سے صرف تباہی ہی تباہی

(ایک بہن)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ کو لمبی عمر اور صحت اور عزت عطا کرے میں اپنے چچا کا مسئلہ آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتی ہوں۔ وہ کراچی میں ہوٹل چلاتے تھے' کام اچھا تھا' وہ دوسروں سے سود پر پیسہ لیتے تھے' انہوں نے بہت سے لوگوں سے لاکھوں کے حساب سے پیسہ لیا اور انہیں ماہانہ قسط وار پیسے لوٹاتے تھے۔ اگر کسی سے پانچ لاکھ لیے ہیں تو وہ پانچ ہزار ماہانہ دیتے تھے اسی طرح انہوں نے سود پر پیسے دینے بھی شروع کردیئے' کسی کو رقم کی ضرورت ہوتی تھی وہ پانچ پانچ لاکھ دے دیتے اور پھر سود سمیت رقم وصول کرتے۔ ہم نے انہیں لاکھ سمجھانے کی کوشش کی کہ چچا جان یہ سود ہے آپ یہ کام نہ کریں لیکن وہ کب کسی کی سنتے تھے۔ خیر کام چلتا گیا۔ 70،60 لاکھ کے قریب قرض لے لیا اور انہیں ہر ماہ سود دیتے رہے۔ آٹھ نو سال ہوگئے کراچی شہر میں اپنا گھر خریدا' گاڑی خریدی دبئی گئے گھومنے کیلئے' عمرہ کیا' والدہ کو کرایا۔ پھر بڑی دکان لی بڑے ٹھاٹ باٹ تھے۔ 9 سال بعد آکر حالات خراب ہونا شروع ہوگئے۔ ایک سال میں سب بک گیا' کچھ نہ رہا۔ جس مکان کے مالک تھے اب اسی مکان میں کرائے پر رہ رہے ہیں' خود چچا جان وزٹ ویزے پر ملک سے باہر بھاگ گئے ہیں' قرض دار دروازے پر آکر کھڑے رہتے ہیں۔ بیوی بچے الگ پریشان' چھوٹے چھوٹے 2 بیٹے ہیں۔

جب سود کا کاروبار کرتے تھے تو نہ آج تک بیوی نے پوچھا کہ اتنا پیسہ کہاں سے آرہا ہے اور نہ ہی باپ نے پوچھا بس سب خوش تھے کہ میرا شوہر یا میرا بیٹا اتنا کما رہا ہے اب وہی سب منہ موڑ رہے ہیں۔ میرے چچا بیرون ملک بے روزگار ہیں اور دردر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں۔۔۔ مگر ان میں اکڑ اب بھی وہی ہے بس ان کی زبان پر ایک ہی لفظ ہوتا ہے کہ میرے پاس اب بھی بہت پیسہ ہے جبکہ گھر میں ان کے فاقے چل رہے ہیں۔ کہیں ان کا دماغ تو خراب نہیں ہوگیا۔۔۔؟؟؟

مظلوم کی بددعا

(و۔ب)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! کہتے ہیں کہ مظلوم کی بددعا سے بچو کیونکہ مظلوم کی بددعا سیدھی عرش پر جاتی ہے۔ ایسا ہی ایک واقعہ قارئین کی نذر کرتا ہوں:۔

میرے ایک دوست اپنے سسرالی رشتہ داروں سے ملنے اپنے شہر سے دوسرے شہر گئے' دو تین دنوں بعد واپسی پر مجھ سے ملاقات ہوئی تو کہنے لگے: ڈاکٹر صاحب میں جب وہاں گیا تو جس محلے میں میرے سسرال رہتے ہیں اس کے ساتھ والے محلے میں ایک دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا۔

ہوا یوں کہ ایک آدمی کے مکان میں ایک کرائے دار رہتا تھا' ان دنوں وہ بے روزگار تھا اور اس نے ایک یا دو ماہ کا کرایہ نہیں دیا' مالک مکان نے اپنے ایک ساتھی کی مدد سے اس کا سامان وغیرہ باہر پھینکا اور اس کو دھکے دیکر گھر سے باہر نکالا اور ساتھ محلے کے چوک میں کھڑے ہوکر اس کو خوب برا بھلا کہا۔ اس کرائے دار بے چارے اور تو کچھ نہ ہوا اس نے مالک مکان کو خوب بددعائیں دینی شروع کردیں۔ مالک مکان جب خوب اپنا غصہ ٹھنڈا کرکے اور اسے دھکے دے کر باہر نکال کر اپنے ساتھی سمیت واپس آیا تو کسی کام کیلئے گیس کا چولہا جلایا' چولہا جلاتے ہی اتنا زوردار دھماکہ ہوا کہ دونوں کے جسم کے ٹکڑے ادھر ادھر دیواروں کے ساتھ لگے ہوئے تھے۔ ڈاکٹر صاحب! پہلے تو میں سنا آیا تھا کہ مظلوم کی بددعا فوری لگتی ہے مگر مجھے اس واقعہ سے یقین ہوگیا کہ واقعی ہی بددعا لگتی ہے اور فوری لگتی ہے۔

درود شریف سے روحانی بیماریاں ختم

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! =ایک بہت ہی عجیب و غریب روحانی مسئلہ تھا کہ جب بھی میں نماز یا قرآن پاک پڑھنے کی کوشش کرتا تو میرے ہاتھ پاؤں اور ماتھے پر پسینہ اور شدید گھبراہٹ شروع ہوجاتی اور ایسے لگتا کہ دل کو کوئی دبا رہا ہے اور پھر میں نماز اور قرآن کی تلاوت چھوڑ دیتا۔ تقریباً ڈیڑھ دو سال پہلے مجھے ایک کتاب پڑھنے کا موقع ملا اس کتاب کو پڑھ کر میرے دل میں درود پاک پڑھنے کی شدید خواہش پیدا ہوئی اور پھر میں نے صبح و شام ایک ایک تسبیح درود پاک پڑھنا شروع کردی مجھے ایک روحانی سکون ملنا شروع ہوگیا اور پھر یہ مقدار ایک ہزار مرتبہ صبح و شام تک پہنچ گئی پھر عبادات میں گھبراہٹ والا معاملہ بھی ختم ہوگیا۔ بہت روحانی سکون ہے۔ (محمد علی ملتان)

WWW.PAKSOCIETY.COM

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش

یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے

ہم خاص کیوں ہیں؟ ۔

- ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
- ہر ای بک آن لائن پڑھنے کی سہولت
- ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
- عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابنِ صفی کی مکمل رینج
- ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا
- ہر ای بک کا ڈائریکٹ اور رژیوم ایبل لنک
- ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
- پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
- مشہور مصنفین کی کتب کی مکمل رینج
- ہر کتاب کا الگ سیکشن
- ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
- سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں

We Are Anti Waiting WebSite

واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے

ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں

ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں

اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں

WWW.PAKSOCIETY.COM

Online Library For Pakistan

Like us on Facebook

fb.com/paksociety

twitter.com/paksociety1

WWW.PAKSOCIETY.COM

قارئین کے سوال قارئین کے جواب

ستمبر کے جوابات

1۔محترم! آپ روغن کدو خالص 50 گرام موم خالص شہد والی میں گرام دونوں آگ پر رکھ کر گرم کر کے مالیں نیچے اتار کر ملاتے رہیں جب نیم گرم حالت میں آجائے تو ایڑھیوں کے سوراخوں میں بھر دیں اور رات کو کپڑا لپیٹ کر سو جائیں۔اس کے علاوہ ناف میں تیل لگائیں۔**(رشید احمد،قصور)**

2۔محترم! اپنی خوراک پر کنٹرول کریں' چکنائی والی چیزوں سے پرہیز کریں' بھوک رکھ کر کھانا کھائیں اور دوپہر کو صرف سلاد استعمال کریں۔کلونجی کا قہوہ بنا کر استعمال کریں۔پتی کی جگہ کلونجی ڈال کر استعمال کریں۔**(عائشہ امجد،حیدرآباد)**

3۔آپ کے سر کے اکثر مسام بند ہو چکے ہیں' بند ہوئے مساموں سے نئے بال اگنا ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ آپ یہ ٹوٹکا پابندی سے اور مستقل مزاجی سے کچھ عرصہ استعمال کریں تو ان شاء اللہ امید ہے بہت واضح رزلٹ محسوس کریں گے۔**ھوالشافی:** ادرک کا ٹکڑا چھیل کر اسے صبح و شام کم از کم پندرہ منٹ اپنے سر کی جلد پر رگڑیں۔اس کے بعد سر دھو لیں۔**(جمشید نوید،گوجرانوالہ)**

4۔سورۂ ماعون صبح و شام سات مرتبہ گھر میں اونچی آواز میں پڑھیں۔ چالیس دن بعد ہی آپ کا گھر حشرات الارض سے صاف ہو جائے گا۔اس کے علاوہ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ بڑے بڑے سٹورز پر ایک ٹیوب ATRARAT کے نام سے ملتی ہے زرد رنگ کی ہے اس پر چوہے کی تصویر بنی ہے۔یہ بڑے کام کی چیز ہے' میں اس سے کئی چھپکلیاں' کاکروچ' مکڑیاں پکڑ چکا ہوں اور چوہے بھی اس سے بچ کر نہیں جا سکتے یہ ایک ایسی زبردست چیز ہے کہ اس میں حشرات کے پاؤں پھنس جاتے ہیں۔اس کا طریقہ یہ ہے کہ دودھ کے ڈبے جو عام طور پر بازار میں ملتے ہیں' اس خالی ڈبے کو کاٹ کر دو حصے کر دیں' گتے کو پانی سے دھو کر خشک کر کے اس کے اندرونی طرف والے حصے پر درج بالا ٹیوب کا ایک عدد گول دائرہ بنا کر درمیان میں تھوڑی سی کھانے کی کوئی چیز رکھ دیں' جتنی زیادہ گتے کی ڈشیں بنائیں اتنی زیادہ جلدی تعداد میں حشرات چوہے یا چھپکلیاں پکڑی جائیں گی۔یہ اس کے ساتھ ایسی چمٹ جائیں گے کہ بھاگنا ناممکن ہے۔پھر کسی چیز سے پورا گتا اٹھا کر باہر پھینک دیں۔**(فیاض احمد قریشی،پشاور)**

اکتوبر کے سوالات

1۔محترم قارئین السلام علیکم! میرے چھوٹے بھائی پڑھائی کی طرف بالکل توجہ نہیں دیتے اور نہ ہی نماز پڑھتے ہیں۔ایک بھائی کے ذہن میں تو کچھ بھی نہیں بیٹھتا جس کی وجہ سے ہم سب بہت پریشان ہیں۔ بھائیوں کے امتحانات آنے والے ہیں لیکن ابھی تک انہوں نے کچھ بھی یاد نہیں کیا۔ براہ مہربانی! جلد از جلد ہمارے اس مسئلے کا حل بتا دیں تاکہ میرے بھائی کامیاب ہو سکیں۔(م۔ر)

2۔محترم قارئین السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ سردیوں میں میرے پاؤں کی انگلیاں سوج جاتی ہیں' ان کا رنگ سرخ اور ان میں خون جم جاتا ہے' پنجے کے نیچے اور ایڑھیوں میں بھی خون جم جاتا ہے' درد کی وجہ سے پاؤں زمین پر نہیں لگتے' اپنے طور پر بہت ٹوٹکے' دوائیاں استعمال کیے لیکن آرام نہیں آیا' مہربانی کر کے کوئی قاری میری اس بیماری کی دوا بتا دے۔اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے آمین۔(حبیب الرحمٰن،اٹک سٹی)

3۔محترم قارئین السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے چہرے پر کالے رنگ کے تل ہیں جو بہت برے لگ رہے ہیں' میں جانتی ہوں کہ اس کا آپریشن ہو سکتا ہے لیکن مجھے گھریلو حالات کی وجہ سے میں اس کا آپریشن نہیں کروا سکتی' قارئین کے پاس اس کا آسان حل ہو تو مجھے ضرور بتائیں۔ ساری زندگی دعا گو رہوں گی۔(روشنی بی بی)

4۔محترم قارئین السلام علیکم! ماہنامہ عبقری نومبر 2011ء میں محترم جناب حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی صاحب نے روغن بادام کے گوناگوں خواص بیان کیے' جس پر عمل کر کے متعدد عوارض سے جان چھوٹی۔ میرا مسئلہ یہ ہے کہ چونکہ خالص روغن بادام کی دستیابی حصول مشکل ہے لہٰذا قارئین سے التماس ہے بادام روغن گھر پر تیار کرنے کیلئے کوئی چھوٹا سا گھریلو اوزار جہاں دستیاب ہو مہربانی کر کے مطلع فرمائیں' یا گھر میں روغن بادام کیسے تیار ہو سکتا ہے؟ طریقہ کار سے ضرور مطلع فرمائیں۔یہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوگا۔ شکریہ!(حاجی تاج محمد،صوابی)

مناقب صحابہ واھل بیت

انتخاب : کمی احمد پوری

حضرت عبداللہ بن ہند جملی کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اگر میں حضور نبی اکرم ﷺ سے کوئی چیز مانگتا تو آپ ﷺ مجھے عطا فرماتے اور اگر خاموش رہتا تو بھی پہلے مجھے ہی دیتے۔"(ترمذی' نسائی)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔لہٰذا جو اس شہر میں داخل ہونا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ وہ اس دروازے سے آئے۔"(امام حاکم نے فرمایا یہ حدیث صحیح الاسناد ہے)

حضرت عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:"فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بابا ﷺ کے سوا میں نے فاطمہ سے زیادہ سچا کائنات میں کوئی نہیں دیکھا۔"(امام ابونعیم)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: لوگ جدا جدا نسب سے تعلق رکھتے ہیں جبکہ میں اور علی ایک ہی نسب سے ہیں۔(طبرانی)

ایڈیٹر کی قارئین سے پرزور اپیل

ایڈیٹر قارئین کا مشکور ہے کہ سابقہ اپیل' ڈینگی کے بارے میں' قارئین نے اپنے مشاہدات و تجربات بھیجے۔ قارئین کی امانت قارئین تک پہنچانے کیلئے ہر مہینے" ڈینگی سے نجات تجربات کے بعد" عبقری میں شائع ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ فوری طور پر دو بیماریوں "نظر کی کمزوری خاص طور پر بچوں کیلئے یا بڑوں کیلئے اور نیند آنے کیلئے یعنی بے خوابی" کے بارے میں اپنے روحانی یا طبی تجربات و مشاہدات' کوئی ٹوٹکا' کوئی نسخہ' کوئی عمل ایڈیٹر عبقری کو بھیجیں ایڈیٹر آپ کا مشکور ہوگا۔ قارئین! چونکہ ڈاک بہت زیادہ ہوتی ہے۔اس لیے لفافے پر جہاں عبقری کا پتہ لکھا ہو ایک کونے پر موٹا موٹا یہ لفظ ضرور لکھیں "نظر کیلئے اور نیند کیلئے"۔ تاکہ آپ کا لفافہ فوری طور پر کھولا جائے۔ (ایڈیٹر عبقری)

WWW.PAKSOCIETY.COM

آپ کا خواب اور روشن تعبیر

یادوں کی بازگشت

خواب: میں اکثر دیکھتا ہوں میرا دوست بہت بڑا اور نوجوان سا ہو گیا ہے۔ میں اسے فلیٹ میں ڈھونڈ رہا ہوں مگر کبھی ملتا ہے کبھی نہیں ملتا کبھی خوش دیکھتا ہوں اور کبھی عجیب سا دیکھتا ہوں۔ پھر دیکھتا ہوں اسٹیشن پر ہوں لیٹر بکس میں خط ڈال رہا ہوں تو ٹرین گزر جاتی ہے پھر منظر بدل جاتا ہے۔ پھر دیکھتا ہوں ہم سمندر پر سیر کر رہے ہیں پھر ہم سکول میں بیٹھے پیپر دے رہے ہوتے ہیں کھڑکی سے بہت ساری ابابیلیں آجاتی ہیں وہ کاغذ کے ٹکڑے پھینکتی ہیں اور چلی جاتی ہیں ان پر یَاحَفِیظُ لکھا ہوتا ہے۔ پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (حامد علی، لاہور)

تعبیر: مجموعی طور پر آپ کا خواب اچھا ہے۔ اگرچہ کہ اس میں پرانی یادوں کی بازگشت بھی ہے لیکن یہ اشارہ بھی ہے کہ آپ کی زندگی کے نشیب و فراز میں بعض انمٹ واقعات آنے والے ہیں یَاحَفِیظُ کا ورد کریں اور پنج وقتہ نماز پڑھیں۔

ناگہانی آفت

خواب: ہمارے گھر میں ایک سانپ آگیا ہے اس نے کسی نامعلوم آدمی کو ڈس لیا ہے۔ اس کی لاش ہمارے فریج کے اوپر پڑی ہے۔ پھر اس کی وجہ سے ہمارے گھر کی چیزیں ٹوٹنے لگتی ہیں۔ میں بہت پریشان ہو جاتی ہوں۔ پھر میں اپنے کزن سے جو سات آٹھ سال کا ہے کہتی ہوں کہ وہ تلاوت کرے۔ وہ سورۂ کوثر کی تلاوت کرتا ہے پھر میں اللہ سے رو رو کر دعا مانگتی ہوں کہ اللہ ہم پر رحم کرے اور پھر امی بھی آجاتی ہیں۔ وہ بھی دعا کرنے لگتی ہیں۔ جہاں دعا مانگ رہی ہوتی ہوں وہاں سامنے خانہ کعبہ کی بہت بڑی تصویر لگی ہوتی ہے جہاں لوگ طواف کر رہے ہوتے ہیں وہاں سے روشنی نکلتی ہے اور تصویر میں سے ایک آدمی باہر نکل آتا ہے جس کی طبیعت خراب ہوتی ہے اور وہ بیڈ پر لیٹ جاتا ہے۔ میرے ابو کہتے ہیں کہ اس کو ویزہ لگوا کر اس کو دوبارہ سعودی عرب بھجواتا ہے۔ (ع،ش)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق یہ اشارہ دیا گیا ہے کہ آپ اور آپ کے اہل خانہ دینی امور کی پابندی کا اہتمام کریں تاکہ کسی ناگہانی آفت سے بچا جا سکے نیز ہر نماز کے بعد سو بار سورۂ کوثر پڑھ کر بہتری کیلئے دعا کر لیا کریں انشاء اللہ تمام معاملات میں اللہ کی مدد ہوگی۔

دشمنیاں۔۔۔!!!

خواب: میری بہن نے دیکھا کہ ان کے پیچھے ایک بہت بڑا کالا سانپ لگا ہوا تھا، وہ سڑک پر بھاگ رہی ہیں۔ وہ اپنی جان بچانے کیلئے کسی نامعلوم شخص کے گھر میں چھپ جاتی ہیں۔ بہن سٹور میں ہیں اور اس کی سیڑھیوں سے وہ سانپ سٹور میں آیا اور بہن کو ان کے نام سے پکار رہا ہے۔ بہن نے چھپ کر دیکھا تو اس کا دھڑ سانپ کا مگر چہرہ ہمارے ایک قریبی رشتہ دار کی مسز کا تھا جو کہ ہمیں کو نے کو کہہ رہے تھے (پہلے وہ سانپ تھا مگر بعد میں اس نے رشتہ دار کا چہرہ بدلا) بہن گھبرا گئی اور پھر آنکھ کھل گئی۔ (ن،ا،ش)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کو باخبر کیا گیا ہے کہ اپنی اس رشتہ دار سے محتاط رہیں۔ نیز روزانہ 119 بار یَاحَفِیظُ اور ایک بار آیۃ الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کریں۔ واللہ اعلم۔

دلی مراد پوری ہوگی!

خواب: میرے دوست نے خواب دیکھا کہ وہ مسجد الحرام میں دو رکعت نفل نماز پڑھ رہا ہے نماز سے فارغ ہو کر جب دعا مانگنے لگتا ہے تو اس کا دل چاہتا ہے کہ خانہ کعبہ کے قریب جا کر دعا مانگوں۔ خانہ کعبہ کے قریب جاتا ہے تو دیکھتا ہے کہ ایک اور شخص بھی دعا مانگ رہا ہے اس کے ذہن میں خیال آتا ہے کہ اس کے ساتھ کھڑا ہو کر میں بھی دعا مانگوں لیکن خواہش ہوتی ہے کہ خانہ کعبہ سے لپٹ کر دعا مانگوں۔ وہ اپنی پیشانی اور دونوں ہاتھ خانہ کعبہ پر رکھ کر یہ دعا مانگتا ہے۔ اے اللہ! مجھے معاف کر دے مجھے آخرت میں کامیابی عطا فرما دے اور اس لڑکی (م) کو میری زندگی میں شامل کر دے۔ دعا مانگنے کے بعد اسے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے تین بار اس کا جسم تاریکی سے روشنی میں آگیا ہے۔ (ثناء اللہ، چکوال)

تعبیر: ماشاء اللہ آپ کا دوست بہت خوش نصیب معلوم ہوتا ہے۔ اس کے حق میں خواب بہت اچھا ہے۔ اس کی دلی مراد پوری ہوگی اور اس کو نیک اعمال کی بھی توفیق ہوگی اللہ کا خوب شکر ادا کریں۔

احتیاط۔۔۔!!!

خواب: میں نے دیکھا کہ میں غسل کر رہا ہوں ہمارا دشمن (م) قریب سے گزرتا ہے۔ غسل کرنے کے بعد ایک تولیہ تہبند کے طور پر باندھ لیتا ہوں اور اسی طرح ایک دکان میں چلا جاتا ہوں وہاں ایک عورت مٹھائیاں تیل میں تل رہی ہے پوری دکان مٹھائیوں سے بھری ہوئی ہے میں ایک پلیٹ میں کچھ حلوہ لے کر کھاتا ہوں حلوہ بہت مزیدار ہوتا ہے۔ وہ عورت مجھے کہتی ہے کہ میں یہ مٹھائیاں بانٹنے کیلئے تیار کر رہی ہوں۔ اس کے بعد میں دیکھتا ہوں کہ کسی کھیت میں جا رہا ہوں اچانک ایک سانپ میرے پیچھے لگ جاتا ہے میں تیزی سے دوڑتا ہوں سانپ بھی بہت تیزی سے میرے پیچھے دوڑ رہا ہے کچھ فاصلے پر سڑک پر میرے چچا چادر اوڑھے جا رہے ہیں اچانک تیز ہوا چلتی ہے اور سانپ کو اپنے ساتھ اڑا کر لے جاتی ہے سانپ بہت دور جا گرتا ہے۔ (عاشق حسین، راولپنڈی)

تعبیر: خواب سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ کسی جسمانی بیماری میں گرفتار ہو سکتے ہیں۔ یہ دشمن کی ایک چال ہوگی۔ بہت سنجیدگی کے ساتھ اپنا وقت گزاریں حالات جلد بہتر ہوں گے اور آپ کی ترقی ہوگی۔ آپ صدقہ کریں۔

دمہ کے مریضوں کیلئے ہدایات

1۔ مشروبات کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ 2۔ وہ تمام اشیاء دفتر یا گھر سے ہٹا دیں جو دمہ کا سبب بن سکتی ہیں مثلاً گرد و غبار دھواں۔ 3۔ اپنی خواب گاہ کو الرجن سے پاک رکھیں۔ 4۔ عطر اور خوشبو سے اجتناب رکھیں۔ 5۔ دھوئیں اور آلودگی سے بچیں۔ 6۔ گلے کے گرد اسکارف باندھ کر رکھیں اور ناک کو ڈھانپ کر رکھیں۔ 7۔ گلے میں سیٹی بجنے کی آواز محسوس ہونے پر ورزش روک دیں۔ 8۔ دمہ کے حملے کے دوران بیٹھ جائیں لیٹنے سے گریز کریں۔ (حاجی محمد وارث، راولپنڈی)

غلطی کی اصلاح

غلطی کی اصلاح: اپریل 2014ء کے صفحہ نمبر 37 پر "ایک جو سے ڈھیروں بیماریوں کا علاج" مضمون میں کمپوزر کی غلطی کی وجہ سے نامکمل جملہ لکھا گیا جس سے مفہوم بدل گیا اصل جملہ درج ذیل ہے۔ قارئین اصلاح فرمالیں! "پوری دنیا میں جو سے خمیر شدہ ممنوعہ اور حرام بیئر اور وسکی تیار کیے جاتے ہیں احادیث مبارکہ کے مطابق ان کی قلیل تعداد بھی حرام ہے جو جگر گردوں اور دماغ کو خراب کرنے کی اہلیت رکھتی ہے۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM

دردمعدہ دور: دردمعدہ کو دور کرنے کیلئے سونف پانچ تولہ نمک ایک تولہ دونوں کو باریک پیس لیں اور بوقت ضرورت ایک ماشہ سفوف ہمراہ عرق سونف لینا بے حد مفید ہے۔

جنات کو بھگانے کا سریع التاثیر عمل

(صہیب احمد ہاشمی)

یہ حقیقت ہے کہ اگر جنات نے گھر میں مضبوط ترین بسیرا بھی کرلیا ہو چاہیے جتنا مرضی پرانا ہو' اس عمل کے بعد وہ وہاں پر نہیں رہ سکتے۔

جنات کو دور کرنے کے یوں تو بہت سے عملیات ہیں مگر ان میں سے ایک حیرت انگیز اور سریع التاثیر عمل بیان کرتا ہوں۔ اس عمل کے بعد گھر میں کوئی جن چاہے وہ خود آیا ہو یا بری نیت سے کسی کی طرف سے بھیجا گیا ہو اس جگہ نہیں تک سکتا جہاں اسے کیا جاتا ہو۔ یہ مسنون عمل ہے۔ جب ایک مرتبہ حضرت ابودجانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے جنات کے تنگ کرنے کی شکایت کی تو آقا کریم ﷺ نے ایک خط جنات کے نام لکھوایا۔ حضرت ابودجانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہ تہدیدی نامہ مبارک اپنے پاس رکھ لیا۔ رات کو مخصوص وقت جب وہ جنات آتے تھے تو وہ تنگ نہ کرنے کا وعدہ کرکے گئے کہ جہاں بھی نبی اکرم ﷺ کا یہ تہدیدی نامہ مبارک ہوگا وہاں داخل نہیں ہوں گے کیونکہ اس نامہ مبارک کی برکت سے وہ شدید عذاب میں مبتلا ہوگئے تھے۔ انتہائی مجرب عمل ہے' جنہوں نے مجھے عطا کیا تھا۔ ان کے معمولات میں سے تھا۔ صرف ایک واقعہ گوش گزار کرتا ہوں۔ میرے علاقے کے قریب ہی ایک گاؤں کی عورت ہے جس پر جنات کا بہت سخت اثر تھا اور ان کے اثر سے بہت بیمار رہتی تھی اور نوبت فاقوں تک جا پہنچی تھی۔ غریب عورت تھی لوگوں کے گھروں میں کام کاج کرکے محنت مزدوری کرکے پیٹ پالتی تھی۔ ان خبیثوں کے زیر اثر سخت بیمار پڑ کے کام کاج سے بھی گئی۔ ایک دن ہمارے گھر سوالی بن کر آئی اور اپنا دکھڑا سنانے لگی۔ میں نے ایک تہدیدی نامہ مبارک لپیٹ کر اس کو دیا اور کہا کہ رات کو سوتے وقت تکیے کے نیچے رکھ لینا اور بستر پاک صاف ہونا چاہیے۔ کچھ دن بعد واپس آئی تو صحت میں واضح فرق تھا۔ بہت دعائیں دینے لگی اور بتانے لگی کہ اسی رات جب میں تہدیدی نامہ مبارک رکھ کر سوئی ہوں۔ مجھے آدھی رات تک جھٹکے لگتے رہے اور صبح تک طبیعت بالکل ٹھیک ہوگئی۔ یہ حقیقت ہے کہ اگر جنات نے گھر میں مضبوط ترین بسیرا بھی کرلیا ہو چاہے جتنا مرضی پرانا ہو' اس عمل کے بعد وہ وہاں پر نہیں رہ سکتے۔ اگر رہیں گے تو ان پر اللہ پاک کا غضب نازل ہوجائے گا۔ انشاء اللہ۔ ان کو وہاں سے جانا ہی پڑے گا۔

یہ عامل حضرات کیلئے ایک انتہائی قیمتی تحفہ ہے۔ روگ کر عمل والی جگہ پر وظیفہ کریں تو انشاء اللہ کوئی شیطانی چیز تنگ نہ کرپائے گی۔ یہ عمل کرنے کے بعد جادو بہت تیزی سے ختم ہوتا ہے۔ ہم نے تو فوٹو کاپی کروا کر رکھے ہوئے ہیں۔ مریضوں کو بتاتے ہیں کہ اپنے کمرے میں لگاؤ اور چین کی نیند سوؤ اور اپنے عملیات کا اثر زوردار بناؤ۔

عمل: آدھی رات کو باوضو تقریباً ایک بجے (اس وقت زیادہ مؤثر ہے) تہدیدی نامہ مبارک کو 313 مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف تین مرتبہ آواز اتنی ہو کہ کان میں سنائی پڑے پھر تہدیدی نامہ مبارک پر پھونکے بغیر اس کو دیوار پر چسپاں کردیں۔ تکیے کے نیچے رکھ سکتے ہیں مگر احتیاط کریں کہ بے حرمتی نہ ہو یا تہدیدی نامہ تہہ کرکے کالے کپڑے میں لپیٹ کر کسی ایسی جگہ باندھ دیں جہاں روشنی اسے لگے اور ہوا سے ہلتا رہے۔ درخت' روشن دان وغیرہ کے ساتھ۔ موم جامہ ضرور کریں اگر کھلی فضا میں باندھنا ہو تو۔ پورے گھر کے کمروں میں راہ داریوں میں لگ سکتے ہیں۔ باتھ روم میں نہیں لگانا۔ اگر پڑھنے والے عمل کو ہفتے میں ایک بار بھی کرلیا کریں تو بہت زوداثر پائیں گے انشاء اللہ۔ انتہائی سستا اور زوداثر کام ہوگا۔ انشاء اللہ۔ تہدیدی نامہ درج ذیل ہے:

تہدیدی نامہ مبارک

هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اِلٰى مَنْ يَّطْرُقُ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِى الْحَقِّ سَعَةً فَاِنْ كُنْتَ عَاشِقًا مُّوْلِعًا اَوْفَاجِرًا مُّقْتَحِمًا فَهٰذَا كِتَابٌ يَّنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَرُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ۝ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَّزْعُمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۝ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تُفُرِّقَ اَعْدَاءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

عبقری نے اللہ سے ملا دیا

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے کہ انشاء اللہ آپ خیریت سے ہوں گے اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ روحانی اور جسمانی آفات' تکالیف اور بیماریوں سے بچائے۔ اللہ تعالیٰ کے مجھ پر اور سب سے بڑا احسان ہے اللہ تعالیٰ کا کہ اس نے مجھے امت محمد سے وابستہ کردیا اور پھر اللہ تعالیٰ کا ایک اور احسان کہ اس نے مجھ جیسے گناہگار کی وابستگی آپ جیسے "حکیم" جو جسمانی حکیم ہونے کے ساتھ ساتھ روحانی حکیم بھی ہیں (الحمدللہ) سے کروی۔ حکیم صاحب! سمجھ نہیں آتی کہ بات کہاں سے شروع کروں' بس مجھے تو پتا ہے کہ آج کے دور میں جہاں ہر طرف نفسانفسی کا عالم ہے وہاں کوئی اللہ کا بندہ لوگوں کو اللہ کی طرف بلا رہا ہے اور اللہ کے ذکر میں لگا رہا ہے اور یہ میری شاید کوئی نیکی اللہ تعالیٰ کو پسند آگئی کہ اللہ تعالیٰ نے میرا تعلق آپ سے جوڑ دیا۔ آج سے ایک سال پہلے عیدالاضحیٰ منانے گھر گیا (کیونکہ میں روزگار کے سلسلہ میں دوسرے شہر میں ہوتا ہوں) گھر میں گیا تو والدہ محترمہ نے "عبقری" کا تعارف کروایا اور مجھے عبقری پڑھنے کو دیا۔ ایک ہی دن میں دو رسالے پڑھ ڈالے۔ واہ کیا عجیب رسالہ ہے "عبقری" اس دن میری زندگی اللہ تعالیٰ نے بدل ڈالی اور پتا چلا کہ ہم تو نام کے مسلمان ہیں پھر انٹرنیٹ پر آپ کے درس سنے دماغ کھلتا گیا' روشن ہوتا گیا۔ پنجگانہ نماز سے دور تھا الحمدللہ تہجد شروع کردی جو ہر وقت اپنے چہرہ سنوارنے میں لگا رہتا اور جو چہرے پر دو تین دن سے زیادہ کی داڑھی برداشت نہیں کرتا تھا اس چہرے پر داڑھی سجالی۔ حکیم صاحب یقین کریں کہ چہرے پر داڑھی آتی بھی کہ الحمدللہ ماشاء اللہ میرے سارے کام اللہ کے حکم سے بنتے گئے' گھر کا ماحول اللہ نے بدل دیا بیوی اور بچے نمازی ہوگئے آپ کے ہفتہ وار درس کا بے چینی سے انتظار ہونے لگا' گھر میں سکون آگیا اللہ تعالیٰ کے احسانات کا اضافہ ہوتا چلا گیا' رزق اور مال میں برکت پیدا کردی اللہ نے "الغرض کہ زندگی بدل گئی" عبقری سے وابستگی سے پہلے دل چاہتا تھا نماز پڑھنے کو مگر بس توفیق نہیں ملتی تھی۔ قرآن سے (نعوذباللہ) دور رہتا تھا سال میں ایک یا دو دفعہ قرآن (باقی صفحہ نمبر 41 پر)

WWW.PAKSOCIETY.COM

خواتین پوچھتی ہیں؟

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روز مرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہو۔

ام اوراق

کھانسی، گلے کی سوزش، ٹھنڈ کا علاج

موسم بدلتے ہی میرا گلا خشک ہونے لگتا ہے۔ پانی پینے کے بعد بھی خشکی محسوس ہوتی ہے۔ رات کو بڑا مسئلہ ہوتا ہے۔ آنکھ کھلے تو گلا سوکھا ہوا ہوتا ہے۔ کھانسی بھی خشک اٹھتی ہے۔ یہ تکالیف دور کرنے کا نسخہ لکھیے۔ (مسز راحیل)

مشورہ: کچھ لوگوں کو یہ شکایت سردی کے آنے اور جاتے وقت ہوتی ہے۔ اصل میں ہم لوگ پانی کم پیتے ہیں اس کے باعث گلا خشک ہوتا ہے آپ گن کر آٹھ گلاس پانی روزانہ پیجئے اس سے آپ کے جسم میں پانی کی کمی نہیں ہوگی۔ گلے کیلئے شہتوت بہت اچھے ہیں آپ شربت توت سیاہ خریدے۔ صبح ایک چمچ لیں اور رات کو سوتے وقت بھی۔ اس سے گلے کی خشکی دور ہوگی۔ موسمی الرجی بھی ٹھیک ہو جائے گی۔ دن میں تین چار بار غرارے ذرا سا نمک ملا کر کر سکتے ہیں۔ چائے کے بچے ہوئے پانی سے غرارے کرنے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔ گرم پانی میں شہد ڈال کر پینے سے فرق پڑتا ہے۔ خشک کھانسی کیلئے ایک نسخہ پیش ہے۔ ھوالشافی: چار یا پانچ بادام تھوڑا سا مکھن اور چینی یا مصری ملا کر کھائیں۔ بادام پیس کر ملا سکتے ہیں۔ مکھن نہ ہو تو بادام اور چینی یا مصری خوب چبا چبا کر کھائیے۔ ملٹھی کا چھوٹا سا ٹکڑا لے کر چینی یا مصری تھوڑی سی منہ میں رکھیے اسے چوستے رہیے۔ گلے کی خراش اور کھانسی کیلئے مفید ہے۔ بعض حکیم کچے امرود گرم راکھ میں دبا کر رکھتے تھے۔ کچھ دیر بعد نکال کر امرود کھانے سے کھانسی ٹھیک ہو جاتی۔ بڑی بوڑھیاں امرود کھلا کر کھانسی گلے کی سوزش بلغم کا علاج کرتی تھیں۔

جھریوں نے پریشان کر دیا!

میں نے آنکھ کے نیچے حلقے ہونے کی وجہ سے کریمیں استعمال کیں تو ان سے جلد خشک ہو کر جھریاں پڑ گئیں۔ اب میں بہت پریشان ہوں۔ (فائزہ بلال)

مشورہ: چہرے پر خصوصاً آنکھوں کے نیچے طرح طرح کی کریمیں لگانے سے بچنا چاہیے۔ آپ صرف گھیکوار کا گودا لے کر چند روز مت آنکھوں کے نیچے لگائیے۔ صبح و شام تین دن کافی ہے۔ پھر ایک چمچی زیتون کے تیل میں چار قطرے لیموں کا رس ملائیے اور آنکھوں کے نیچے لگائیے۔ اس سے بہت فرق پڑے گا۔ جلد نرم ہو جائے گی اور جھریاں بھی آہستہ آہستہ ختم ہوں گی۔

سردی کے موسم میں درد میں

آج کل حجامہ کا علاج لوگ شوق سے کراتے ہیں میری ایک کزن نے بھی کراچی میں یہ علاج کرایا۔ اسے کافی فرق پڑا۔ آپ اس بارے میں کچھ بتائیے۔ اس علاج کے بعد نقصان تو نہیں ہوتا؟ (ماریہ، اسلام آباد)

مشورہ: حجامہ جدید علاج نہیں بلکہ ہمارے پیارے رسول ﷺ کے زمانے سے اس میں شفاء ہے۔ ہمارے پرانے طبیب بھی اس میں ماہر تھے۔ وہ پرانی بیماریوں کا علاج رگ سے خون نکال کر کرتے تھے۔ اسی طرح بعد میں جونک لگوا کر خون نکلنے لگے۔ مدعا یہ تھا کہ فاسد خون جسم میں نہ رہے۔ دیہات کی عورتیں بھی جونکیں لگانے میں مہارت رکھتی تھیں۔ مٹی کے برتن میں جونکیں ہوتیں۔ سردی کے موسم میں دردوں کی شکایت ہوتی تو دو چار جونکیں لگانے سے درد ختم ہو جاتا اور سردیاں آرام سے گزرتیں۔ یہ علاج کسی اچھے ماہر معالج سے کرانا چاہیے۔ رگ پر باقاعدہ نشان لگاتے ہیں۔ پھر آج کل تو چھوٹے شیشے کے گلاس سے کام لیا جاتا ہے۔ ٹشو پیپر گلاس میں جلا کر اسے رگ پر رکھا جاتا ہے۔ اس میں تھوڑا تھوڑا خون نکلتا ہے۔ اب تو نصد کے ماہر نظر نہیں دکھائی دیتے۔ حجامہ سے نقصان نہیں ہوتا۔ جس چیز سے نشان لگاتے ہیں اسے صاف ستھرا اور جراثیم سے پاک ہونا چاہیے۔

قربانی کا گوشت اور بدبو

ہم قربانی کا گوشت فریج میں رکھتے ہیں اور چار دن بعد گوشت سے عجیب ناگوار بدبو آنے لگتی ہے جو باورچی خانے میں بھی پھیل جاتی ہے۔ عید آنے والی ہے اور گوشت کا بڑا مسئلہ ہوتا ہے۔ اسے کس طرح رکھیں!؟ (شیزہ عامر)

مشورہ: بی بی! قربانی کا گوشت تین گھنٹے کے اندر بانٹ دینا چاہیے۔ گھر میں رکھنا ہے تو سفید شاپر بیگ میں رکھیے۔ اس پر چٹ لگائیے کہ گوشت سالن کا ہے یا قیمے کا؟ اس کا کیا بنانا ہے؟ آدھ کلو سے زیادہ گوشت رکھا جائے تو اوور شیڈنگ سے اور بار بار فریج کھلنے سے خراب ہونے لگتا ہے۔ بہرحال عید سے پہلے آپ فریج صاف کریں اس میں ایک پیالے میں چار پانچ چمچ میٹھا سوڈا ڈال کر رکھ دیجئے۔ گوشت کی بدبو پیدا نہیں ہوگی۔ گوشت کی بو دور کرنے کیلئے اسے دھوئیں پھر آدھی پیالی سرکہ پانی میں ملا کر گوشت بھگو دیں۔ آدھ گھنٹہ بعد نکالیے اور دھو کر استعمال کیجئے۔ باورچی خانے کے سنک اور فرش کو بھی سرکہ ملے پانی سے دھوئیے۔ تکے روسٹ بنانے کیلئے گوشت دھو کر اس پر سلاد آئل اور سرکہ لگائیے۔ پھر مسالے لگا کر فریز کر دیجئے۔ کالے لفافوں میں گوشت ہرگز نہ رکھیے۔ قربانی کا گوشت جب بھی پکائیں اس کے ساتھ دہی کا رائتہ اور سلاد ضرور رکھیے تا کہ وہ ضرر نہ پہنچائے۔ نہاری، پائے، حلیم میں جب تک لیموں کا رس، ادرک، ہری مرچیں نہ ڈالی جائیں مزہ نہیں آتا۔ عید پر لیموں ضرور لا کر گھر پر رکھیے۔ اس سے ہاضمہ صحیح رہے گا۔

گنج دور کرنے کا نایاب نسخہ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے آپ کا رسالہ دیکھا اب دن رات صرف عبقری ہی پڑھتی رہتی ہوں۔ اب تو گھر والوں نے میرا نام بھی عبقری بی بی رکھ دیا ہے۔ میرے پاس گنج دور کرنے کا ایک نایاب نسخہ ہے اور میں یہ نسخہ قارئین عبقری کو ہدیہ کر رہی ہوں۔ ھوالشافی: زیتون کا تیل ایک چمچ، شہد ایک چمچ اور دارچینی آدھا چمچ پسی ہوئی ملا کر گنج پر لگائیں۔ کچھ عرصہ مسلسل استعمال سے نئے بال اگنا شروع ہو جائیں گے۔ (ع، ن۔ سرگودھا)

WWW.PAKSOCIETY.COM

موسمی بیماریاں علاج صرف مرچ!

یہ سردی میں ہونے والی کھانسی اور خراش دور کرتی ہے۔ معدے کی قوت ہضم کو ابھارتی اور بھوک لگاتی ہے۔ معدے کی کمزوری بھی دور کرتی ہے۔ اسے سالن میں ڈالیے مگر حسب ذائقہ زیادہ نہیں۔ مرچ کا استعمال صدیوں سے ہو رہا ہے۔

(صغیرہ بانو شیریں)

میں سات برس کی تھی جب گھر میں رات گئے شور شرابا مچا۔ دراصل پڑوس کے بچے کو کتے نے کاٹ لیا تھا۔ اب وہ سب ہمارے گھر جمع تھے۔ اس زمانے میں ہسپتال جانے کا رواج نہیں تھا۔ ہماری دادی اماں نے ململ کے کپڑے سے بچے کی ٹانگ صاف کی اور جھٹ پٹ پانچ چھ لال مرچ کونڈی میں کوٹ کر سرسوں کا تیل لگا کر پٹی باندھ دی۔ یہ تھا گھریلو علاج' میں نے کئی بار دادی اماں سے اس بارے میں پوچھا تو کہنے لگیں' بڑوں سے یہ اشیاء علاج کیلئے استعمال ہو رہی تھیں۔ بچپن کی یہ بات آج بھی ذہن پر نقش ہے۔ دہلی میں تیز مرچ کھائی جاتی ہے۔ اس کے بارے میں ایک روایت مشہور ہے۔ جب جمنا سے نہر نکال کر دلی کو سیراب کرنے کیلئے لائی گئی تو شاہی طبیبوں نے یہ پانی شہر والوں کیلئے مضر صحت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ شہر کے لوگوں میں اس قدر ٹھنڈے پانی سے نزلہ زکام پھیل جائے گا اور سردی کے امراض جنم لیں گے۔ پھر شاہ جہاں نے اس کا حل پوچھا تو مرچ کی افادیت ظاہر ہوئی۔ تیز مرچ سے پسینا آتا اور بند ناک کھل جاتی ہے۔ اسی طرح دلی کی نہاری بنی جس میں بڑی لال مرچوں کی بہتات' چاڑوں میں بھی انسان کو گرما رہتی اور چٹ پٹے سالن کھا کر مزہ آ جاتا۔۔۔۔

ہمارے ہاں سب سے پھیکی شملہ یا پہاڑی مرچ ہوتی ہے عموماً اس کا رنگ گہرا سبز ہوتا ہے مگر سرخ اور زرد رنگ کی بھی مل جاتی ہے۔ بعض مقامات پر سیاہی مائل جامنی مرچ بھی دکھائی دیتی ہے۔ پہاڑی علاقے کی چھوٹی مرچ بہت ننھی منی ہوتی ہے مگر کھانے میں انتہائی تیز اور چرپری۔۔۔ کچھ خواتین اس کو تیا مرچ بھی کہتی ہیں' کھاتے ہی منہ میں آگ لگ جاتی ہے۔ مرچ کی ساری تیزی اس کے بیجوں میں ہوتی ہے۔ سبز مرچ میں فولاد' فاسفورس' پروٹین' حیاتین الف اور ب موجود ہیں لیکن وٹامن سی کی بہتات ہے۔ موسمی بیماریوں کا مقابلہ کرنے کیلئے اکیلی مرچ ہی کافی ہے۔ مرچ جتنی چھوٹی ہوگی اتنی ہی تیز ہوگی۔ اس کے بیجوں میں Capsacin نامی مادہ ہوتا ہے۔ یہ کیمیائی مادہ درد دور کرتا ہے۔ جوڑوں اور گھٹنوں کے درد کیلئے انتہائی مفید ہے۔ اسی طرح یہ گاڑھے خون کو بھی پتلا رکھتا ہے۔ اس نقطۂ نگاہ سے یہ دل کے مریضوں کیلئے بے حد مفید ہے' خون پتلا رہے تو لوتھڑے (Clot) نہیں بنتے' دوران خون ٹھیک رہتا ہے اور دل کے دورے کے امکانات بھی کم ہو جاتے ہیں۔ مسوڑھوں اور دانتوں کے امراض میں بھی مرچ خوب کام دیتی ہے' آنکھ کے لیے بھی مفید ہے۔ یہ سردی میں ہونے والی کھانسی اور خراش دور کرتی ہے۔ معدے کی قوت ہضم کو ابھارتی اور بھوک لگاتی ہے۔ معدے کی کمزوری بھی دور کرتی ہے۔ اسے سالن میں ڈالیے مگر حسب ذائقہ زیادہ نہیں۔ مرچ کا استعمال صدیوں سے ہو رہا ہے۔ اس کا اصلی وطن امریکہ کا وسطی نیم استوائی علاقہ ہے۔ اسے کھانے سے توانائی بڑھتی ہے۔ جوڑوں کے درد میں سرخ مرچ پیس کر پانی کے ساتھ لیپ کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔ دو تین منٹ کیلئے اسے لگا کر پانی سے دھو کر تیل لگاتے ہیں تاکہ آبلہ نہ پڑ جائے۔ درد دور ہو جاتا ہے۔ اسے کھانے سے خون میں کولیسٹرول بھی نہیں بڑھتا ہے۔

آج بھی ہمارا شہر کے دیہاتی کوہستانی علاقوں میں مرچ سے علاج کیا جاتا ہے۔ درد ہو یا کہیں چوٹ لگے مگر زخم نہ آیا ہو تو اس پر سرخ مرچ کوٹ کر موٹا موٹا لیپ لگا دیتے ہیں۔ پھر آگ کے سامنے بیٹھ کر لیپ کو سینکا جاتا ہے۔ شروع میں تو درد بڑھ جاتا ہے مگر آگ کی تپش سے آرام آنے لگتا ہے۔ بلند فشار خون کے مریضوں کو سرخ مرچ کم کھانی چاہیے کیونکہ اسے کھانے سے فشار خون بڑھ جاتا ہے۔ پچھلے دنوں میں نے مرچ کا ایک کمال کہیں پڑھا تھا۔ نئی دہلی کے ایک ہسپتال میں السر کے مریضوں کو آدھی چمچی پسی ہوئی سرخ مرچ کھلانے سے چار ہفتوں میں ان کا السر ٹھیک ہو گیا۔ اگر کہیں باہر جانا ہو تو ہری مرچ یا شملہ مرچ کھانے سے آب و ہوا کی تبدیلی کا کچھ زیادہ اثر نہیں ہوتا۔ جن لوگوں کا مزاج بلغمی ہو ان کیلئے مرچ بے حد مفید ہے۔ بہرحال ہر چیز کی زیادتی نقصان دہ ہے۔ زیادہ مقدار میں لال مرچ کھانے سے بواسیر' تیز خون کی خرابی ہو جاتی ہے۔ کبھی کبھار تو جگر میں گرمی' نقصان دہ حد تک بڑھ جاتی ہے اس لیے زیادہ لال مرچ نہیں کھانی چاہیے۔

قسط نمبر 5

دیمک سے نجات تجربات کے بعد

قارئین نے دیمک سے نجات کے تجربات لکھے جو سلسلہ وار ہم امانت آپ تک پہنچاتے رہیں گے۔

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کے علم میں اضافہ فرمائے اور اس رسالہ عبقری میں اپنی خاص برکت و رحمتیں عطا فرمائے آمین! میں رسالہ عبقری کو ماہ اگست سے پڑھ رہا ہوں اور الحمدللہ اس سے روحانی حوالے سے بہت کچھ استفادہ کیا ہے اور اب اس ماہ ستمبر کے رسالہ میں دیمک کے حوالے سے لکھنے کیلئے استدعا کی گئی تو محترم میرے پاس ایک نقش ہے جو کہ میرے اور میرے بزرگوں کا کئی بار آزمایا ہوا ہے جس کو میں اب قارئین کی نذر کرتا ہوں:

نقش یہ ہے: برائے دفع دیمک' مکان یا دوکان جہاں بھی ہو

یاکیکج	یاکیکج	یاکیکج
یاکیکج	یاکیکج	یاکیکج
یاکیکج	یاکیکج	یاکیکج

چھت پر لگا دیں۔ نوٹ: یہ لفظ عبرانی یا سریانی زبان میں ہے اس سے مراد دراصل یا اللہ ہی ہے یہ لفظ شرکیہ نہیں ہے۔

طریقہ دریافت مرض یا سحر

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! یہ طریقہ دریافت مرض کیلئے ہے کہ جو شخص مریض ہے ان تین چیزوں میں سے کیا سحر ہے' آسیب ہے پری وغیرہ کہ مرض ہوتی ہے۔ یہ ہمارا مجرب عمل ہے۔ محترم ایک کورا سا کوزہ یا ڈھکنی لے کر اس پر نقش لکھیں۔ یہ درج ذیل نقش کالے قلم سے تحریر کریں۔

۲ ۳ ۱ ۱ ۱ ۱ ۲ ۳ ف ۹ ۱ ۵ ۱ ۸ ۱

۳ ۲ ۱ ۱ ۱ ۲ ع ۳ لا خ ۵ ۱ ۸ ۲ ۱

ح ۱

پھر سات بار مریض کے دائیں طرف پھیریں' پھر بائیں طرف پھیریں' پھر تیز آگ میں ڈال دیں تاکہ وہ ڈھکنی خوب روشن ہو۔ 1۔ اگر حرف سفید ہوں تو سحر ہے۔ 2۔ اگر حرف غائب ہو جائے تو آسیب ہے۔ 3۔ اگر حرف سیاہ ہو جائے تو مرض جسمانی ہوگی۔ انشاء اللہ قارئین میرے ان دونوں عمل سے خوب فائدہ اٹھائیں اور میرے بزرگوں کیلئے دعائے مغفرت کریں گے۔ (محمد حبیب قریشی' لودھراں)

WWW.PAKSOCIETY.COM

قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ، ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں، اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے، یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں، نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

میرے کلینک کا سب سے قیمتی نسخہ

(مسز ڈاکٹر حافظ محمود)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا ماہنامہ عبقری جون 2006ء سے مطالعہ کر رہی ہوں۔ ماشاء اللہ اس میں بہت اچھی اور کام کی باتیں ہیں اور بہت قیمتی نسخہ جات ہیں جو میں نے آزمائے ہیں اور خاص کر آپ کی دوائی ''جوہر شفاء مدینہ'' کو بہت مفید پایا ہے۔ محترم حکیم صاحب! میں عبقری کیلئے ایک خاص نسخہ لکھ رہی ہوں میں نے اپنے دادا سسر کے رسالے سے حاصل کیا ہے۔ یہ ہمارے کلینک کا سب سے زیادہ قیمتی نسخہ ہے جس سے لوگوں کو بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ امید ہے یہ عوام الناس کیلئے بہت مفید ثابت ہوگا اور ہمیں دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔ **هوالشافی:** میٹھا تیل آدھا پاؤ۔ بورک ایسڈ تین تولہ۔ کاربالک ایسڈ 60 قطرے۔ **ترکیب تیاری:** سب سے پہلے میٹھا تیل آگ پر رکھ کر جلائیں جب جھاگ بھی بند ہو جائے آگ بند کر دیں اور فوراً بورک ایسڈ ملا کر آدھا گھنٹہ ڈنڈے سے گھوٹیں۔ پھر اس کو شیشی میں ڈال لیں۔ ٹھنڈا ہونے کے بعد اس میں کاربالک ایسڈ کے قطرے ڈال دیں۔ بوقت ضرورت استعمال کریں۔ انشاء اللہ ضرور شفا ہوگی۔

اب اس تیل کے کرشماتی فائدے سنیں: یہ تیل کان درد بہتے کان جن سے عرصہ دراز سے بدبودار مواد بکثرت نکلتا ہو حتیٰ کہ ڈاکٹر کان کے آپریشن کا کہہ چکے ہوں' پہلے یہ تیل آزمائیں انشاء اللہ یہ دوائی آپ کو مایوس نہیں کرے گی۔ اس کے چند قطرے نیم گرم کر کے دن میں تین مرتبہ کان میں ڈالیں۔ انشاء اللہ پہلے ہی دن فائدہ ہوگا۔

اس تیل کا دوسرا فائدہ: خارش کیلئے بہت مفید ہے جو خارش کسی دوائی سے ٹھیک نہ ہوتی ہو یہ تیل دن میں تین مرتبہ لگانے سے انشاء اللہ بہت جلد شفا ملتی ہے۔ **نوٹ:** یہ تیل کان درد بہتے کان اور شدید خارش کیلئے تیر بہدف نسخہ ہے۔

آئیں تندرستی کے راز پائیں: محترم حکیم صاحب! میرے سسر صاحب کے منہ سے بکثرت پانی آتا تھا' تقریباً دس سال سے آرہا تھا حتیٰ کہ اتنا پانی نکلتا کہ رات کو تکیہ اور بازو بھی بھیگ جاتے۔ میرے سسر جوانی میں پان بہت زیادہ کھاتے تھے تقریباً ہر وقت منہ میں پان ہوتا تھا اب تقریباً بیس سال سے پان کھانے چھوڑ دیئے ہیں۔ جب بھی کسی حکیم یا ڈاکٹر کو دکھایا تو انہوں نے منہ کا نقص ہی بتایا اور معدہ کی اصلاح کی دوائی دی۔ اس کیلئے میں نے دفتر ماہنامہ عبقری سے ''جوہر شفاء مدینہ'' منگوائی اور تقریباً چھ ماہ اپنے سسر کو استعمال کروائی اور ایک نسخہ جو میں نے ماہنامہ عبقری میں پڑھا جو کہ جنوری 2010ء میں نمبر 23 پر چھپا تھا جس کا عنوان تھا ''آیئے تندرستی کے راز پایئے'' نسخہ درج ہے: **هوالشافی:** پھٹکڑی 10 گرام کباب چینی 100 گرام دونوں نہایت باریک کر کے پیس لیں۔ چوتھائی چھوٹا چمچ دن میں چار بار حسب ضرورت یا 6 بار بھی لسی یا پانی کے ہمراہ دیں۔ یہ نسخہ میں نے تین ماہ مسلسل استعمال کروایا کچھ دن بعد ہی فائدہ ہونا شروع ہو گیا۔

ماں ایک عظیم ہستی

(فرحت)

ماں کی نعمت کے سامنے دنیا کے زر و مال کے ڈھیر اور ترقی کے تمام عہدے ہیچ ہیں۔ کیونکہ کہنے کو تو ترقی میں ملک کی صدارت سب سے بڑا عہدہ ہے۔ وزارت عظمیٰ خوش بختی کی انتہا ہے۔ کارخانوں اور مربعوں کا مالک ہونا ترقی و خوشحالی کے افق کا بلند ترین پایہ ہے مگر دل لگتی بات یہ ہے کہ ملک کی صدارت ماں کی شفقت' وزارت عظمیٰ ماں کی دعا اور کارخانے اور مربعے ماں کے محبت آمیز لہجے کا بدل نہیں بن سکتے۔ ضروری نہیں کہ ماں کا تعلق بڑے خاندان سے ہو وہ اعلیٰ تعلیم یافتہ اور جدید دنیا کے رجحانات سے آگاہ ہو۔ آداب و اطوار میں جدید رویے کی حامل ہو۔ سیاسی و معاشی اعتبار سے اونچا مقام رکھتی ہو تب ماں کی تعریف کی جائے بلکہ ماں فقط ماں ہوتی ہے اور بس اس کیلئے باقی اضافتیں بے معنی ہیں جس طرح گلاب کا کوئی نام رکھ دیا جائے اس کی طراوت اور لطافت میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔ اسی طرح ماں شاہی خاندان سے تعلق رکھتی ہو یا معمولی محنت کش گھرانے سے وہ مجبد عصر اور نبی وقت کیلئے بھی احترام کا مرکز ہوتی ہے جس کیلئے عرض ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام جب کوہ طور پر جاتے تو ماں رب کے حضور دعا کرتیں ماں کی دعا کی ضرورت ہر ایک کو ہوتی ہے خدا نگاہ حق تماں دے تو ماں اگر زمین پر مٹی کا لیپ کر رہی ہو تو بھی اس کے گارے میں لتھڑے ہوئے کپڑے کسی ملکہ کے لباس سے زیادہ قیمتی نظر آتے ہیں۔ ماں اپلے تھاپ رہی ہو تو اس کے ہاتھ تقدیر بدلنے کیلئے کافی ہوتے ہیں' ماں لوری دے رہی ہو تو اس کے لہجے میں فرشتہ بولتا نظر آتا ہے۔ ماں روٹیاں پکا رہی ہو تو وقت کے بادشاہ اس کے سامنے ایک ٹکڑے کے سوالی نظر آتے ہیں۔ ماں دعا کیلئے ہاتھ اٹھا دے تو کل جہانوں کا مالک اس کی سنتا ہے۔ ماں کا دل کبھی اداس ہو تو جنت کے شگوفے مرجھانے لگتے ہیں۔ ماں کی آنکھیں نم آلود ہوں تو کارکنان قضا و قدر کی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہے۔ ماں دامن پھیلا دے تو خدا جنت کی ساری نعمتیں اس میں انڈیل دیتا ہے۔ ماں بچے پر اپنا میلا آنچل ڈال دے تو رحمت خداوندی گھٹا بن کر چھا جاتی ہے۔ کرسی صدارت پر بیٹھنے سے وہ عزت کہاں ملتی ہے جو ماں کے قدموں سے لپٹنے میں نصیب ہوتی ہے۔ وزارت کا حلف اٹھانے میں وہ لطف کہاں جو ماں کے جوتے اٹھانے میں آتا ہے۔ عالی جناب اور عزت مآب کہلوانے میں وہ سرور کہاں جو ماں کے ''او ئے چھوٹے'' کہنے میں ہے۔ اعلیٰ حکام کو اپنے ہاتھ سے اعزاز اور تمغہ دینے میں وہ لذت کہاں جو ماں کے ہاتھ سے خرچ کرنے کیلئے ایک روپیہ لینے میں ہے۔ گارڈ آف آنر کا معائنہ کرنے اور چبوترے پر چڑھ کر سلامی لینے میں وہ خمار کہاں جو ماں کے ہاتھوں سے سر تھپتھپانے میں آتا ہے۔ مسہریوں پر لیٹ کر نیند کا وہ لطف کہاں جو ماں کی گود میں حاصل ہوتا ہے۔ ارسطو اور افلاطون کے فلسفے میں وہ حسن کہاں جو ان پڑھ ماں کی گود میں ہے۔ نثر و نظم کے شہ پاروں میں وہ رس کہاں جو ماں کی لوری میں گھلا ہوتا ہے۔ قوس قزح کے رنگ ضرب المثل بن چکے ہیں مگر ماں کے بے

WWW.PAKSOCIETY.COM

اگر کسی کو اس کی غلطی یا بدبختی ملازمت سے برطرف کردیا گیا ہو تو اسے چاہیے کہ اسم یَا فَتَّاحُ روزانہ چالیس دن تک 3125 مرتبہ پڑھے اور توبہ کرے۔ انشاء اللہ ملازمت پر دوبارہ بحالی ہوگی۔

لوٹ اور بے ساخت پیار کا رنگ اس سے زیادہ دل آویز اور نظر نواز ہوتا ہے۔ گلاب کی پنکھڑی لاکھ نازک سہی مگر ممتا کے سوتی کی لطافت کی اور ہی بات ہے۔ کنول کا پھول بہت شفاف ہے مگر ماں کا آئینہ دل اس سے کہیں زیادہ شفاف ہوتا ہے۔ چاند کی چاندنی بڑی خنک مگر ماں کے ٹھنڈے سائے کا جواب کہیں بھی نہیں۔

ایک وظیفہ کا حال

(شاہ فاطمہ، جہاں آرا)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کو اپنے ایک وظیفہ کا حال بتاتی ہوں کہ الحمدللہ میں روزانہ ہی اس کا اہتمام کرتی ہوں وہ اس طرح سے ہے جو کہ حضرت جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے جو کوئی درج ذیل درود پاک کو ایک بار پڑھے گا اس کا ثواب چھ لاکھ دفعہ درود پاک پڑھنے کا پائے گا۔ ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ جو روزانہ ہزار بار پڑھے گا دونوں جہاں میں سعادت مند ہوگا۔ درود پاک یہ ہے:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰهِ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ۔ اس درود پاک کو صرف ایک ہزار بار پڑھ کر اس کا ثواب آنحضور ﷺ کو پہنچا کر درجہ بدرجہ سارے امتیوں کو بھیجتی تھی لیکن اس میں میرے دل کو تسلی و تشفی نہیں ہوتی تھی لہٰذا اس کیلئے میرے رب نے ایک اور راہ مجھے بتلائی وہ یہ کہ میں کہتی ہوں کہ یا اللہ میں نے جو یہ درود شریف پڑھا ہے یہ تمام انبیاء کرام اور ان کی امتیوں میں سے جو صالحین قطب ابدال اور شہدا گزرے ہیں اور آنحضور ﷺ عزت مآب ازواج مطہرات، صحابہ کرام آنحضور ﷺ کے اہل بیت جن میں ان کے سب رشتہ دار بلکہ تمام قطب ابدال، علماء کرام، مشائخ عظام حضرت حکیم صاحب، ان کے حضرت جی، میرے والدین بلکہ آنحضور ﷺ کے تمام امتی چاہے جن ہوں انسان ہوں یا کوئی اور مخلوق ہو جو بھی آپ ﷺ پر ایمان رکھتی ہو زندہ ہو یا مردہ ہے میں ان سب کی طرف سے یہ درود و سلام دربار رسالت ﷺ میں پیش کرتی ہوں اس نیت کے ساتھ کہ جیسے انہوں نے ادا کیا ہو۔

نا صرف یہ کہ میں اللہ سے فریاد کرتی ہوں کہ یا اللہ آپ نے کائنات میں جتنی نعمتیں پیدا کی ہیں ان کو جب خلق خدا استعمال کرے تو پہلے آپ ﷺ کو درود پہنچے جیسے آنکھ کے جھپکنے اور اس کے دیکھنے سے پہلے دل کے دھڑکنے سے پہلے لب کے ہلنے، زبان کے چلنے بلکہ کھانے سے پہلے یعنی ہر اعضاء بلکہ اس میں جتنے جز نے حصہ لیا ہے ان سے زیادہ پہلے میرے پیارے رسول ﷺ کو درود پہنچے بلکہ جتنے ملائکہ نے، انس وجن نے اور تمام مخلوقات نے جتنی آپ کی حمد و ثنا کی ہے ذکر واذکار کیا ہے یا علم سیکھا ہے یا سکھایا ہے اس کے مطابق آنحضور ﷺ کو درود و سلام پہنچے ان کی آل کو اور امتیوں کو درود پہنچے۔ میں دعا مانگتی ہوں کہ جتنے بارش کے قطرے یا برف باری کے زمین پر گرے جتنے مٹی اور ریت کے ذرات ہیں بلکہ زمین کی تہوں کے نیچے جتنے خزانے ہیں، سمندروں میں، فضاؤں میں جتنی نعمتیں ہیں بلکہ جنت کی خوبصورتی، عرش کی زینت سے بڑھ کر میرے نبی کریم ﷺ پر درود و سلام پہنچے۔ یا اللہ جب بھی ستارے اور چاند چمکے یا سورج طلوع ہو صبح کی شفق جہاں تک پھیلی ہوئی نظر آئے پہلے میرے پیارے آقا ﷺ پر درود و سلام ہو پھر روشنی اور آواز یا ہوا اپنی مسافت طے کرکے بلکہ دعا مانگتی ہوں کہ یا پروردگار آپ نے قیامت کے روز بھی تو میرے اعضاء کو زبان دینی ہے تو ابھی میرے تمام اعضاء کو زبان عطا کردیں جن سے میں اپنے کریم نبی ﷺ پر درود و سلام بھیج سکوں۔ اللہ مجھے ریاکاری سے بچائے۔

شرطیہ عینک توڑ نسخہ حاضر ہے!

(عامر نذیر، جھنگ صدر)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! کہتے ہیں کہ زیادہ تعریف کرنا بھی خوشامدیوں کا کام ہوتا ہے خیر میں ہمیشہ تہہ دل سے آپ کی اچھائی اور خوبیوں سے بہت خوش ہوتا ہوں کیونکہ اس قیامت خیز دور میں جہاں عملی مسلمان کم دکھائی دیتے ہیں وہاں اللہ تعالیٰ نے آپ جیسے بلند ہمت اور عظیم لوگوں کو کمزور اور زمانے کے دھتکارے ہوئے لوگوں کی مشعل راہ اور مسیحا بنا کر بھیجا۔ محترم حکیم صاحب! آج آپ کے پاس اس خط کے ذریعے ایک نسخہ دینے کیلئے پیش ہوا ہوں۔ یہ نسخہ عینک توڑ ہے الحمدللہ اور انشاء اللہ میں نے خود پانچ مریضوں پر آزمایا ہے، خطا نہیں گیا، دراصل یہ نسخہ مجھے بہت عرصہ پہلے ایئرفورس کے ایک ریٹائرڈ ڈاکٹر سے ملا تھا، ڈاکٹر صاحب نے کافی مریضوں پر آزمایا بہت مفید ہے، تعریف صرف اللہ رب العزت کی مگر نسخہ کمال کا ہے تھوڑے کو زیادہ سمجھنا نسخہ درج ذیل ہے:۔ **ھوالشافی: اجزاء:** بکرے کی سری ایک عدد۔ چنے کی دال یا چنوں کا بیسن 500 گرام۔ دیسی گھی اصلی 500 گرام۔ شکر یا گڑ ڈیڑھ پاؤ۔ چاروں مغز 50 گرام۔ پستہ پچاس گرام۔ بادام مغز پچاس گرام۔ ناریل کھوپرا (کترا ہوا باریک) 50 گرام۔

ترکیب تیاری: بکرے کی سری لیکر قصائی سے اس سری کا گوشت نکلوا لیں جبکہ ... کو الگ رکھیں ... کا گوشت اچھی طرح ہوا کر پانی سے دھو کر اس میں مغز بھی ڈال دیں یاد رہے کہ سری کو برائے نام ہی دھوتا ہے۔ حسب ضرورت پانی لیکر اس میں سری کا گوشت اور مغز اکٹھا ڈال کر ہلکی بلکہ نہایت ہلکی آنچ پر چڑھا دیں اور اس کی یخنی بنائیں، اس کے اندر نمک مرچ یا کسی قسم کا کوئی مصالحہ نہیں ڈالنا بس خالی پانی میں یخنی بنائیں اس حد تک پکائیں کہ گوشت اس میں ریزہ ریزہ ہو کر تحلیل ہو جائے۔ جب یخنی تیار ہو جائے تو چولہے سے اتار کر چھان لیں اور اس میں بیسن کو اچھی طرح مکس کر کے دیسی گھی کے اندر پکوڑے بنائیں۔ دیسی گھی کا اصلی ہونا شرط ہے۔ پکوڑے بنا کر جیسے ہی کڑاہی سے پکوڑے اتاریں تو فوراً موٹا موٹا کوٹ لیں تاکہ سفوف کی شکل میں آجائے۔ بے شک موٹا رہے مگر سفوف کی شکل ہو۔ اگر پکوڑے ٹھنڈے ہو گئے تو کوٹنا بہت مشکل ہے لہٰذا جیسے ہی کڑاہی سے اتاریں فوراً ساتھ ساتھ کوٹتے جائیں۔ جب تمام پکوڑے بن جائیں اور کوٹ کر باریک کرلیں تب شکر یا گڑ کی چاس بنالیں (چاس پہلے ہی بنا کر رکھ لیں تاکہ سفوف بنا کر فوراً ہی چاس میں گھولتے جائیں) چاس میں پکوڑوں کا موٹا موٹا سفوف مکس کریں تاکہ تمام پکوڑے چاس میں مکس ہو جائیں پھر اس کی ہلکی آنچ پر رکھ کر وہ گھی جس میں پکوڑے بنائے تھے اور جو بچ گیا تھا وہ اس چاس میں گھولتے جائیں، اسی طرح مغز بادام اور کھوپرا ناریل کا سفوف بھی مکس کرتے جائیں اور پھر پستہ کا سفوف اور آخر میں چاروں مغز بغیر کوٹے مکس کرتے جائیں۔ اگر چاروں مغز کوٹے تو وہ کڑوے ہو جائیں گے۔ (مغز بادام اور پستہ کی تعداد حسب ضرورت زیادہ بھی کرسکتے ہیں)۔

ترکیب استعمال: ایک چمچ رات کھانے کے گھنٹہ بعد یا صبح ناشتے کے گھنٹہ بعد نیم گرم دودھ کے ساتھ۔ دوا کے بعد تقریباً دو گھنٹے پانی ہرگز نہیں پینا۔ یہ دوا پچیس دن سے زیادہ نہیں رکھنی چاہیے کیونکہ اس میں عجیب سی بو پیدا ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ یہ نسخہ صرف موسم سرما میں ہی استعمال کریں۔

فوائد: اس کے استعمال الحمدللہ اڑھائی پوائنٹ تک کی عینک اتری ہے۔ یہ عینک کا دشمن ہے، یہ نسخہ دماغی کمزوری، یادداشت، حافظہ، سر درد کیلئے بہت مفید ہے۔ بنائیے اور قدر کیجئے۔

دانت درد کا کامیاب دم

جس کسی کو دانت میں شدید درد ہو یا ہو اس کے درد والے دانت پر ہاتھ رکھ کر دبائیں اور ساتھ یہ الفاظ پڑھیں:۔

ایہا الفرس المغروس

اسکن بقدرۃ الملک القدوس۔

انشاء اللہ دانت درد ختم ہو جائے گا۔ (قاری محمد اکرم)

WWW.PAKSOCIETY.COM

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ کو اور آپ کے والدین محترم اہل اولاد اور نسلوں کو دونوں جہانوں میں سر بلند خوش و کامیاب رکھے تمام مسلمانوں کا جنات سمیت خاتمہ بالخیر ایمان سلامتی کے ساتھ ہو آمین ثم آمین۔ محترم حکیم صاحب! آج میں قارئین عبقری کیلئے آپ کو گھیکوار بوٹی جسے انگلش میں ایلوویرا کہتے ہیں کے کچھ فائدے بتاتا ہوں جو کہ میں نے بار بار مریضوں کو استعمال کرائے اور اللہ رب العزت نے انہیں ایسے شفاء دی کہ خود مریض اور ڈاکٹر بھی حیران ہوئے۔ **معدے و رحم میں زخم اور سوجن:** اگر کسی شخص کے معدے میں زخم ہو یا سوجن ہو تو گھیکوار بوٹی کا ایک پتہ لے کر چھیل لیں اندر کا گودا نکال کر مٹی کے برتن میں ڈال دیں اوپر سے پانی ڈال کر برتن کو بھر لیں اور ایک بار ہلا کر پھر چھوڑ دیں اور پورے دن میں جتنا زیادہ ہو سکے اس برتن سے پانی نکال کر پیتا رہے انشاء اللہ معدے کا زخم ختم ہو جائیگا اس کے علاوہ عورتوں کے رحم کا زخم سوجن اور چربی اور رحم کے منہ پر جو چربی ہوتی جس کی وجہ سے نطفہ اندر نہیں جاتا یا کی وجہ سے بچہ پیدا نہیں ہوتا اس کیلئے میں تقریباً آدھا کلو روزانہ گھیکوار کا گودا ایک دفعہ بچو ہلا کر پھر چھوڑ دیں اور جو اس ہانڈی سے پانی نکال کر پیتے کی ضرورت نہیں صرف ایک بار ہلا کر گھیکوار کا گودا تازہ ڈال لیں تقریباً دیا کرنے سے بچہ دانی کا زخم سوجن اور رحم اولاد پیدا کرنے کے قابل بناتا ہے نقصان نہیں ہونے دیتا ہے۔ خیال لیں یا نکالے لیں مگر خیال رہے کہ جتنا پانی روز ڈالے تو وہ رات تک سارا والے زیادہ افراد ہوں تو اسی حساب اور پھر گودا کس ایک پاؤ جتنا ہو اور پانی میں ڈالیں اور روزانہ ایک سو

(ظاہر خان، حیدرآباد)

معدے کے زخم عورتوں کے رحم اور بگڑی شوگر کا آسان ترین علاج

اگر کسی شخص کے معدے میں زخم ہو یا سوجن ہو تو گھیگوار بوٹی کا ایک پتہ لے کر چھیل لیں اندر کا گودا نکال کر مٹی کے برتن میں ڈال دیں اوپر سے پانی ڈال کر برتن کو بھر لیں اور ایک بار ہلا کر پھر چھوڑ دیں اور پورے دن میں جتنا زیادہ ہو سکے اس برتن سے پانی نکال کر پیتا رہے

پھر بچہ دانی میں زخم و سوجن مٹی کی ہانڈی لے کر اس میں ڈال کر اوپر پانی ڈالیں اور کوشش کرے کہ جتنا زیادہ ہو روز ہر بار ہانڈی کو ہلا کے چھوڑ دیں اور روزانہ تین مہینے تک استعمال چربی ختم ہو جاتا اور عورت کو انشاء اللہ اور کسی قسم کا رہے کہ ہانڈی بڑی لے سکا بہت بڑا نہ ہو تا ہو کہ پانی ختم کرے اور اگر چیچے سے گودا اور پانی بڑھا دیں اگر اکیلا ہو تو پھر آدھا کلو دفعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا سلام پڑھ کر صبح و شام اس ہانڈی پر دم کریں۔ انشاء اللہ اللہ پاک ایسی شفاء دے گا کہ خود مریض ڈاکٹرز حیران ہو گئے ناممکن کو ممکن بنا دے گا۔ **شوگر کے مریض متوجہ ہوں!:** اگر کسی مرد یا عورت کو شوگر ہو اور وہ شوگر کتنی ہی پرانی ہو یا شوگر کی وجہ سے زخم بگڑ گیا ہو ڈاکٹر کہتے ہوں کہ جسم کا متاثرہ حصہ کاٹنا پڑے گا یا خون کی شوگر ہو تو وہ حضرات روزانہ صبح خالی پیٹ گھیکوار کا گودا تقریباً آدھا چھٹانک کھائیں اور اوپر سے پانی پی سکتے ہیں اس کے ساتھ مریض خود یا کوئی دوسرا فرد اسی گودے پر کھانے سے پہلے فجر کی دو سنتیں ادا کر کے سات مرتبہ اول و آخر درود شریف اور درمیان میں اکیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر دیں اور پھر فجر کی فرض نماز پڑھ لیں اس کے بعد طاق دفعہ درود شریف ایک سو ایک دفعہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَاسَلَامُ پڑھ کر دم کریں پھر وہ گودا سخت سے سخت شوگر والے کو دیں وہ کھائے اوپر سے پانی پی لے انشاء اللہ اکتالیس دنوں کے اندر ہی اللہ پاک شوگر جیسے موذی مرض سے مکمل شفاء دے دیتا ہے۔ **نوٹ:** پرہیز ضروری ہے اور وہ یہ ہے کہ بڑا گوشت، چھوٹا گوشت، مچھلی کا گوشت، دودھ اور دودھ سے بنی ہوئی اشیاء بالکل بند ہیں۔ یعنی گوشت اور دودھ سے بنی ہوئی اشیاء بالکل بند ہیں۔

تسبیح خانہ سے بیعت ہونے کے بعد کیا کریں؟

حضرت حکیم صاحب کے سلسلہ عالیہ قادری ہجویری کے بیعت ہونے کے بعد 1۔ منتخب احادیث کا مستقل مطالعہ کریں۔ 2۔ شجرہ طیبہ کو اپنی زندگی کی ترتیب میں لائیں۔ اپنی زندگی کے معاملات پاکیزہ اور صاف ستھرے ہوں کسی کے لین دین میں حلال و حرام کا خاص خیال رکھا جائے۔ اپنی گھریلو زندگی اور معاشرت میں بیوی اور بہن بھائیوں کے ساتھ اچھا معاملہ اور خوش خلقی کا معاملہ ہو۔ کسی سے رنجش ہو تو کوشش کریں اس کے ساتھ معاملہ بہتر ہو بدکار سے بدکار انسان کے دل میں نفرت نہ ہو بلکہ کفر اور شرک کے لیے دل میں نفرت نہ ہو بلکہ خیر خواہی کا جذبہ اور اس کی ہدایت کا فکر ہو۔ اپنے مرشد کو ہر ہفتے پندرہ دن کے بعد آخری ہر ہفتے اپنے احوال اذکار کیفیات تسبیحات لکھتے رہیں اور خاص طور پر جو اعمال نہیں کر پائے ان کی اطلاع ضرور دیں اور سب سے زیادہ نفع اس کو ہوگا جو مرشد کے بارے میں اچھا گمان اعتماد اور یقین سے چلے گا۔ بیعت ہونے کے بعد درس کا سننا بہت ضروری ہے یہ دراصل مرید اور مرشد کے درمیان ایک رابطہ کا ذریعہ ہے درس کسی بھی شکل میں نیٹ، سی ڈی، میموری کارڈ، موبائل کے ذریعے مستقل سنتے رہیں اور دوسروں کو بھی درس کی ترغیب دیتے رہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی رضا عطا فرمائے اور مسنون زندگی پر دن رات چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمد باسعادت مشائخ و احباب

حضرت مولانا عبیداللہ المفتی دامت برکاتہم العالیہ مہتمم جامعہ فیروز پور روڈ لاہور اپنے ڈرائیور فاروق خان صاحب کے ساتھ 14-8-10 کو بوقت ساڑھے بارہ بجے تسبیح خانہ جدید میں تشریف لائے اور علوم و معرفت کی بہت گہری گفتگو فرمائی اور موتی بکھیرے مزید ان تمام علماء اور احباب کی موجودگی میں بار بار اظہار فرمایا کہ میں نے اپنی خوشی اور دل سے حضرت حکیم صاحب کو 2004ء میں خلافت سے نوازا ہے اور یہی میرے یکتا خلیفہ ہیں اس سے پہلے میں نے کسی کو خلافت نہیں دی اور ان سب علماء اور احباب کی موجودگی میں دعا بھی فرمائی اور یہ بھی فرمایا کہ میرے روحانی مشن کو میری خلافت کی وجہ سے حکیم صاحب ہی لے کر چل رہے ہیں اور چلیں گے۔

اس روحانی محفل میں مندرجہ ذیل علماء کرام اور احباب حضرت مولانا عبیداللہ المفتی دامت برکاتہم العالیہ کی محفل اور گفتگو میں شامل تھے 1۔ مولانا عبدالجبار سلفی صاحب (تحریک صوت القرآن سبزہ زار لاہور)۔ جناب طارق عزیز صاحب۔ جناب حاجی الیاس صاحب۔ جناب مولانا عبدالرحیم صاحب (خطیب قرطبہ مسجد مزنگ)۔ جناب مولانا محمد احمد ابن مولانا عبدالرحیم صاحب۔ جناب میاں طارق صاحب۔ جناب مولوی ساجد صاحب۔ جناب مولانا عمر فاروق صاحب۔ جناب مفتی برکت اللہ صاحب (دارالعلوم اسلامیہ پارک پونچھ روڈ لاہور) جناب احسان سبحان صاحب۔ جناب ابن احسان سبحان صاحب۔ جناب کیپٹن حبیب اللہ صاحب۔ جناب مولانا محمد ولید الرشیدی صاحب (استاذ الحدیث جامعہ مدنیہ قدیم)۔ جناب میاں احسن طارق صاحب۔ جناب حافظ طلحہ طارق صاحب۔ جناب حافظ بلال خان صاحب۔ جناب ڈاکٹر فیصل شمسی صاحب۔ واضح رہے کہ مدینہ منورہ مسجد نبوی شریف میں قدمین شریفین کی طرف اصحاب صفہ کے قریب حضرت مولانا محمد حکیم صدیقی دامت برکاتہم العالیہ پہلے 27 ذوالحجہ، 27 جنوری 2006ء بروز جمعہ حضرت حکیم صاحب کو خلافت سے نوازا۔ اپنی تسبیح عنایت فرمائی اور دستار بندی فرمائی۔ اس میں بھی جناب مفتی برکت اللہ صاحب اور جناب مولانا ذوالقرنین صاحب (جامعہ مدنیہ) اور دیگر علماء شامل تھے۔ نوٹ: حضرت حکیم صاحب کو اب تک بارہ بڑے علماء اور مشائخ سے خلافت اور اجازت حاصل ہے۔ لیکن حضرت حکیم صاحب صرف اپنے شیخ اول حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا سلسلہ قادری ہجویری ہی چلاتے ہیں اور اسی سلسلے ہی میں لوگوں کو بیعت کرتے ہیں۔ باقی تمام خلافتیں حصول برکت اور توجہات کیلئے ہیں جبکہ بیعت اور پورے عالم میں سلسلہ صرف حضرت ہجویری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہی چل رہا ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

جلد اور چہرے کے نکھار کیلئے شہد کا چہرے پر لیپ کر کے خشک ہونے پر دھونے سے فائدہ ہوتا ہے اور داغ دھبوں میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔

نوجوانوں کیلئے مشورے باباجی کے

تمہارا جسم بوڑھا ہو جاتا ہے لیکن تمہارا شعور جوان ہوتا ہے اب تمہارا خیال خوبصورت خیال ہی تمہارے جسم کی طاقت ہے اور یہ طاقت اب نوجوانوں کے کام آنی چاہیے۔

(محمد لطیف اکبر، گوجرانوالہ)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کی کتاب "جاندار جوانی شاندار بڑھاپا" میں نے اور میرے دوستوں نے پڑھی بہت اچھی کتاب ہے۔ بالخصوص ان لوگوں کیلئے جن کی عمر چالیس، پچاس سے اوپر ہے۔ یہ ان کیلئے سبق آموز ہے۔ میرے ملک کے بزرگوں کو یہ کتاب ضرور پڑھنی چاہیے۔

میرے "باباجی" فرماتے ہیں، تمہارا جسم بوڑھا ہو جاتا ہے لیکن تمہارا شعور جوان ہوتا ہے اب تمہارا خیال خوبصورت خیال ہی تمہارے جسم کی طاقت ہے اور یہ طاقت اب نوجوانوں کے کام آنی چاہیے۔ نوجوان ایسے بزرگوں (بوڑھے لوگ) سے محبت کرتے ہیں ان کے پاس بیٹھتے ہیں ان کی بات غور سے سنتے ہیں۔

محترم حکیم صاحب! میری خوش نصیبی ہے کہ جوانی کے دور میں مجھے اللہ تعالیٰ نے باباجی کے قدموں میں بٹھایا۔ آج میں اس عطاء پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں۔ آج جب کہ میری عمر تقریباً 57 سال ہو چکی ہے۔ میں آج بھی صبح و شام پیدل چلتا ہوں، مجھے اپنے وطن کے نوجوانوں سے محبت ہے اور الحمدللہ نوجوانوں کیلئے میرے پاس خاص بات ہے کہ زندگی میں کبھی مایوس نہ ہونا۔

میرے باباجی فرماتے ہیں:۔

1۔ انسان پر کبھی راستہ بند نہیں ہوتا، ہر دیوار کے اندر دروازہ ہے جس سے مسافر گزرتے ہیں۔ 2۔ ہم جسے تاریکی سمجھ رہے ہیں یہی صبح کاذب تو صبح صادق کا آغاز ہے۔ 3۔ مایوسیوں کی دیوار میں اُس کی رحمت امید کے دروازے کھولتی رہتی ہے۔ 4۔ استغفار ترک نہ کیا جائے رحمت ہوگی امید کا چراغ جلے گا۔ 5۔ چلتے چلیں منزلیں خود ہی سلام کریں گی۔

بیٹے پر ڈانٹ کے رزلٹ

(ج، ر)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! بچپن ہی سے مجھے کسی غیر سے بات کرتے یا اکیلے جاتے انتہائی ڈر اور خوف لگتا تھا۔ کالج کی پڑھائی بھی اس وجہ سے چھوڑ دی کہ کالج جا کر اکیلے لڑکوں میں بیٹھنا ہوتا تھا اور سکول کے لڑکوں میں سے کوئی بھی ساتھ نہ تھا۔ اپنے والد کے ساتھ کام پر گیا تو ایک سال ایک ہی کمرے میں بیٹھا رہا اور باہر نہ نکلتا تھا۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ میں نے جب سے ہوش سنبھالا ہے میرے والد محترم نے مجھ سے جب بھی بات کی ہمیشہ غصے سے کی، ہر وقت مجھے ڈانٹتے رہتے، گھر میں مجھے مارنے کیلئے سپیشل ایک ڈنڈا رکھا ہوا تھا، گھر میں میری آواز تک نہیں نکلتی تھی۔ ان حالات میں جب میں نے جوانی میں قدم رکھا تو اس عجیب و غریب "خوف" کی بیماری میں خود کو مبتلا پایا۔ اپنے والد کا خوف مجھے اب ہر انسان نظر آتا ہے۔ تقریباً پندرہ سالوں سے اس بیماری میں مبتلا ہوں۔ میری والدہ اور بہنوں کو بھی میری اس بیماری کے بارے میں علم ہے۔ ابھی بھی ایک یا دو ماہ بعد یہ مسئلہ بن جاتا ہے۔ آپ کے درس روحانیت و امن میں مسلسل پندرہ جمعراتوں سے آ رہا ہوں، میری والدہ نے مجھ پر بہت محنت کی ہے، دعائیں کی ہیں نماز اور تسبیحات کے بارے میں بچپن ہی سے کہتی آئی ہیں۔ میں کبھی نماز پڑھ لیتا ہوں اور کبھی نہیں۔

اللہ سوہنے کے کرم سے پہلے سے میری صحت اب بہتر ہے لیکن میرے ذہن سے خوف نہیں جاتا، کبھی کبھی تو کسی سے سلام تک لیتے ہوئے خوف آتا ہے۔ تقریباً ہر ماہ ایک ہی خواب آتا ہے کہ کھال کے بغیر جانور دیکھتا ہوں۔ میں اپنے والدین کا اکلوتا بیٹا ہوں۔ میری والدہ نے مجھے والد صاحب کے ساتھ باہر کے ملک سات دن کیلئے بھجوایا تھا اس دوران میں میری وہاں طبیعت اور زیادہ خراب ہوگئی۔ میری عمر 33 سال ہے اور والدہ میری شادی کرنا چاہتی ہیں اللہ سے دعا ہے کہ وہ مجھ گنہگار پر کرم کرے۔ میں خوف والی کیفیت سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے اس کے کرم کے سائے میں آ جاؤں۔ محترم حکیم صاحب! میرا نام ہرگز شائع نہ کیجئے گا۔

گمشدہ چیزوں کیلئے میرا آزمودہ وظیفہ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میری نند کی شادی پہ میرا سونے کا جھمکا کہیں گم گیا تو میری خالہ نے مجھے یہ کہا کہ سورۃ بقرہ کی آیت نمبر 165 جو کہ پارہ نمبر 2 میں ہے بار بار پڑھو میں نے یہی وظیفہ پڑھا تو اس کی برکت سے میرا سونے کا جھمکا مجھے مل گیا اب کوئی بھی چیز گم ہوتی ہے تو میں یہی وظیفہ پڑھتی ہوں تو میری وہ چیز اللہ کے حکم سے مل جاتی ہے۔ (ناصرہ بخاری، گجرات)

حلقہ کشف المحجوب

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

میرے محترم دوستو! اللہ پاک نے دین کو اپنے نیک بندوں کی محبت کے ساتھ جوڑا ہے۔ قرآن اٹھا کر دیکھ لیں، سورۃ فاتحہ جو آپ ہر نماز میں پڑھتے ہیں، چاہے وہ نماز فرض ہو سنت ہو وتر ہو نفل ہو سورۃ فاتحہ کے بغیر کوئی نماز نہیں ہوتی اور سورۃ فاتحہ میں اللہ تعالیٰ نے انعمت علیہم فرمایا ہے۔ یہ انعام یافتہ لوگ کون ہیں؟ قرآن میں انعام یافتہ لوگوں کے چار طبقات بیان کیے گئے ہیں۔ انبیاء، صدیقین، شہداء، صالحین۔ نبوت کے بعد صدیقیت کا درجہ ہے، صدیق کے اندر صفات نبوت ہوتی ہیں لیکن نبوت نہیں ہوتی۔ کیونکہ نبی صرف اللہ کی طرف سے انتخاب یافتہ ہوتا ہے اور حضرت محمد ﷺ آخری نبی ہیں۔ کوئی شخص کوشش سے نبی نہیں بن سکتا۔ نبوت اللہ کا انتخاب خصوصی ہوتا ہے۔ ایک طبقہ صالحین کا ہے جنہیں ہم اولیاء کرام کہتے ہیں یہ جو کشف المحجوب کا حلقہ ہے یہ ایک ایسے محسن اور ولی کا تذکرہ ہے جس نے برصغیر کے اندر روح، روحانیت اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی پہچان محبت الٰہی اور محبت مصطفیٰ ﷺ کا بیج بویا اور ان کا نام عثمان علی اور والد کا نام عثمان، دادا کا نام تھا شجاع۔۔۔

تین طبقات کو اب تک اسلام کے ساتھ جوڑا گیا ہے پہلا طبقہ دعوت کا ہے دوسرا طبقہ تعلیم و تعلم اور تزکیہ۔ پہلا دور جس کو خیر القرون کہا جاتا ہے وہ دور صحابہ اور خلفاء راشدین کا دور ہے اس میں صرف دعوت تھی پھر اس تعلیم و تعلم میں آئے پھر محدثین کا دور آیا۔ اس کے بعد تیسری صدی کے بعد تزکیہ کا دور شروع ہوا۔ یہ ادوار ہیں۔ تاریخ اور سیرت کی وسیع تحقیق ہے جو محدثین نے کی ہے۔ لہٰذا امت کے اس بچے ہوئے سرمائے کو بچانے کیلئے اور اللہ رب العزت کا جام پلانے کیلئے یہ خانقاہیں قائم کی گئیں۔ اس تزکیہ کے دور بڑے بڑے شاہسوار آئے بڑے بڑے نامور درویش آئے اور یہ کہاں کہاں سے ہجرت کر کے صرف اللہ کی مخلوق کو اللہ سے ملانے کیلئے آئے۔ (جاری ہے)

WWW.PAKSOCIETY.COM

سلسلہ وار آپ بیتی

قسط نمبر 61

جنات کا پیدائشی دوست

علامہ لاہوتی پراسراری

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے، اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں، قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز اور دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہورہے ہیں لیکن اس پر اسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

چالیسویں صفحہ کی ہدایت: اس کے چالیسویں صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ فجر کی نماز سے پہلے رزق تقسیم ہوتا ہے۔ **اکتالیسویں صفحہ کی ہدایت:** اس کے اکتالیسویں صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ عشا کی نماز پڑھنے سے زندگی میں چین وسکون اور نسلوں کے دل جڑتے ہیں۔ **چوالیسویں صفحہ کی ہدایت:** اس کے چوالیسویں صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ چاشت کی نماز ہمیشہ اللہ پاک کے رزق اور برکت کے وعدوں کو یاد دہانی کرانے کا ذریعہ بنتی ہے۔ **پینتالیسویں صفحہ کی ہدایت:** اس کے پینتالیسویں صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ دل کی دنیا جب بھی اجڑ جائے اور بگڑ جائے تو یاد رکھ! اس وقت تجھے درود شریف کام آئے گا۔ **چھیالیسویں صفحہ کی ہدایت:** اس کے چھیالیسویں صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ کھانے کے بعد ہاتھ دھونے سے پاکیزگی اور رزق کی برکت ضرور مل کر رہے گی۔ **سینتالیسویں صفحہ کی ہدایت:** اس کے سینتالیسویں صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ گھر میں سلام کرنے سے اللہ پاک راحت کے دروازے کھولتا ہے۔ **اڑتالیسویں صفحہ کی ہدایت:** اس کے اڑتالیسویں صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ روزانہ ایک مسکین تیرے گھر سے ضرور کھائے۔ ورنہ فاقے تیرے مقدر ہوجائیں گے۔ **انچاسویں صفحہ کی ہدایت:** اس کے انچاسویں صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ ایسے ضرورت مند کو تلاش کر جو سوال نہ کرسکے۔ **پچاسویں صفحہ کی ہدایت:** اس کے پچاسویں صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ آنکھوں کی روشنی چاہتا ہے تو اندھیروں والی نمازیں پڑھا کر۔ **اکاون صفحہ کی ہدایت:** اس کے اکاون صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ جسم کی صحت چاہتا ہے کھانا اس وقت کھا جب بھوک بے چین کردے۔ **باون صفحہ کی ہدایت:** اس کے باون صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ سارا خزانہ تیرے لیے اور تو خزانہ کیلئے۔۔۔ **ترپن صفحہ کی ہدایت:** اس کے ترپن صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ لیکن ایک بات یاد رکھنا اس خزانے کا حقیقی مالک وہی بنے گا جو ہماری ہدایات پر عمل کرے گا۔ **چوون صفحہ کی ہدایت:** اس کے چوون صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ تیری نسلوں میں ایک شاہسوار پیدا ہوگا۔ خیال کرنا بدکاری سے نسلیں ناپاک نہ کرنا۔ **پچپن صفحہ کی ہدایت:** اس کے پچپن صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ تجھے ایک بار راستے میں ایک مجذوب ملے گا اسے پاگل سمجھ کر نظر انداز نہ کرنا۔ **چھپن صفحہ کی ہدایت:** اس کے چھپن صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ یہاں سے فارغ ہونے کے بعد تیرے دونوں کانوں میں گھنٹی ہوگی اسے کھجانا نہیں یہ دراصل دل کے برتن کے بھرنے کی علامت ہے۔ **ستاون صفحہ کی ہدایت:** اس کے ستاون صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ اگر کبھی رات کو تو الوکی آواز سن لے تو فوراً اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھنا اور بائیں طرف تین بار تھوک دینا۔ **اٹھاون صفحہ کی ہدایت:** اس کے اٹھاون صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ غریب مسلمانوں کی طرفداری کرنا چاہے وہ بظاہر ظالم ہی کیوں نہ ہوں؟ **انسٹھ صفحہ کی ہدایت:** اس کے انسٹھ صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ غریب مسلمانوں کے نقصان کو برداشت کرنا کیونکہ ان کا نقصان تیرے نفع میں جائے گا۔ **ساٹھ صفحہ کی ہدایت:** اس کے ساٹھ صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ وقت تیرا دشمن ہے اگر تو نے اس کو نہ پکڑا تو یہ تیرے ایسے دشمن کے پاس جائے گا جس سے تجھے دکھ ہوگا۔

اکسٹھ صفحہ کی ہدایت: اس کے اکسٹھ صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ ضروریات زندگی کو کم کرنا ورنہ خواہشات سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔ **باسٹھ صفحہ کی ہدایت:** اس کے باسٹھ صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ اپنی مرادوں میں بامراد رہنے کیلئے بہن بھائیوں کو کبھی نہ بھولنا۔ **تریسٹھ صفحہ کی ہدایت:** اس کے تریسٹھ صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ اس خزانے کے ملنے کے بعد تو حقیقی دولت مند ہے حقیقی دولت مندی کے حصول کیلئے تجھے سو فیصد عاجز بننا پڑے گا۔ **چونسٹھ صفحہ کی ہدایت:** اس کے چونسٹھ صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ ہم نے یہ خزانہ ایک متکبر کو دینا چاہا شاید وہ عاجز بن جائے لیکن اس کی سوچ ہی ناطاقتی۔ **پینسٹھ صفحہ کی ہدایت:** اس کے پینسٹھ صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ یہاں سات طاقتور بڑے جنات رہتے ہیں ہر پیر اور جمعہ کے دن ان کو گوشت ضرور دیتے رہنا۔ ان کی خوراک کا خیال رکھنا۔ **چھیاسٹھ صفحہ کی ہدایت:** اس کے چھیاسٹھ صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ حقیر سے حقیر کو تو حقیر نہ سمجھنا ورنہ تو حقیر ہوجائے گا۔ **سرسٹھ صفحہ کی ہدایت:** اس کے سرسٹھ صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ کسی علت اور بری عادت میں مبتلا انسان کیلئے تنہائی میں دعا ضرور کرنا۔ اس عمل سے تیری نسلیں بچ جائیں گی۔ **اڑسٹھ صفحہ کی ہدایت:** اس کے اڑسٹھ صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ خلوص یہ نہیں کہ خلوص کے بدلے اخلاص بلکہ غیر مخلص سے بھی خلوص کر۔ **انہتر صفحہ کی ہدایت:** اس کے انہتر صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ آ تجھے ایک نور کی کرن بتاؤں کہ سوتے ہوئے مراقبہ موت سے سو۔ **ستر صفحہ کی ہدایت:** اس کے ستر صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ تیرا دل کبھی بھی عبادت سے نہ بھرے اگر ایسا ہوگیا تو اس دن تو مُردوں میں شمار ہوگا۔ **اکہتر صفحہ کی ہدایت:** اس کے اکہتر صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ پاکیزگی یہ بھی ہے کہ غیر پاکیزہ لوگوں کے ساتھ تو پاکیزگی اختیار کر۔ **بہتر صفحہ کی ہدایت:** اس کے بہتر صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ تیری شفقت اور محبت سب کیلئے عام ہو بارش کی طرح۔ **تہتر صفحہ کی ہدایت:** اس کے تہتر صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ اس خزانے میں سے سات مٹھیاں بھر لینا ایک مٹھی چیونٹیوں کے بلوں میں ڈال دینا۔ **چوہتر صفحہ کی ہدایت:** اس کے چوہتر صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ دوسری مٹھی شیر کی کچھار میں ڈال دینا۔ **پچہتر صفحہ کی ہدایت:** اس کے پچہتر صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ تیسری مٹھی چوہے کی بل میں ڈال دینا۔

چھہتر صفحہ کی ہدایت: اس کے چھہتر صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ چوتھی مٹھی سانپ کے بل میں ڈال دینا۔ **ستتر صفحہ کی ہدایت:** اس کے ستتر صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ پانچویں مٹھی

WWW.PAKSOCIETY.COM

نیولے کی بل میں ڈال دینا۔ **اٹھتر صفحہ کی ہدایت:** اس کے اٹھتر صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ چھٹی مٹھی گوہ کی بل میں ڈال دینا۔

اناسی صفحہ کی ہدایت: اس کے اناسی صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ ساتویں مٹھی چیل کے گھونسلے پر رکھ دینا۔ **اسی صفحہ کی ہدایت:** اس کے اسی صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ تو حیران ہے کہ یہ سب موتی ضائع گئے نہیں تو۔۔۔۔ یہ دراصل کچھ حق داروں کا حصہ جو وہ آ کر لے جائیں گے۔ **اکیاسی صفحہ کی ہدایت:** اس کے اکیاسی صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ خزانہ بانٹنے سے کبھی ختم نہیں ہوا ہاں چھپانے سے ضرور ختم ہوتا ہے۔ **بیاسی صفحہ کی ہدایت:** اس کے بیاسی صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ پھر اگر تیرا دل سخاوت میں اور مائل ہو تو ایک راز تجھے اور بتاتے ہیں اس راز میں تیرے لیے بہت بڑے دروازے کھلے ہیں وہ راز یہ ہے کہ تو۔۔۔۔ **تراسی صفحہ کی ہدایت:** اس کے تراسی صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ چودھویں رات میں دریا کے کنارے جا اور چاندنی رات میں متر باندھ کر اکتالیس ڈول لے اور اس سے نہا اور ہر ڈول کو جسم پر بہاتے ہوئے اللہ سے توبہ کر کہ یا اللہ! میرے جسم سے سارے کے سارے عیب دھو دے۔

چوراسی صفحہ کی ہدایت: اس کے چوراسی صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ قیامت کے دن سرخرو رہنے کیلئے تجھے اپنی زندگی کو پہلے سے تیار رکھنا ہوگا سجدوں کی طاقت سے۔۔۔۔

پچاسی صفحہ کی ہدایت: اس کے پچاسی صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ بیوی کے لیے شفیق بن جا۔ نسلوں میں راحت پائے گا۔

چھیاسی صفحہ کی ہدایت: اس کے چھیاسی صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ کبھی دولت کی وجہ سے تکبر آ بھی جائے تو گھر میں اترا لینا اور وہ بھی تنہائیوں میں پھر بہت لمبی توبہ کرنا۔ **ستاسی صفحہ کی ہدایت:** اس کے ستاسی صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ لوگوں میں اور مجمع میں کبھی نہ اترانا کوئی اتراتا ہو تو اس سے سبق حاصل کرنا۔ **اٹھاسی صفحہ کی ہدایت:** اس کے اٹھاسی صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ اپنی تسبیح کو مضبوط رکھنا تجھے جو خزانہ ملا ہے تسبیح اور مصلے کی وجہ سے ملا ہے۔ کبھی اس تسبیح اور مصلے کو نہ بھولنا۔

اناسی نوے صفحہ کی ہدایت: اس کے اناسی نوے صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ کچھ لوگ نامراد سے بامراد بنے ہیں تو بھی انہی میں سے تھا سدا بامراد رہنے کیلئے تجھے اپنے غریب رشتے داروں کو نہیں بھولنا چاہیے۔ **نوے صفحہ کی ہدایت:** اس کے نوے صفحے پر لکھا ہوا تھا کہ میں نے ایک دفعہ چیونٹی سے پوچھا تجھے رزق کہاں سے ملتا ہے؟ کہنے لگی: یاغنی پڑھنے سے۔

اکانوے صفحہ کی ہدایت: اس کے اکانوے صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ میں نے چڑیا سے بہت لمبی باتیں کیں اور چڑیا سے پوچھا تیرے اندر اتنا صبر کہاں سے آیا؟ کچھ بھی تیرے پاس نہیں لیکن تو ہر وقت ہری بھری رہتی ہے کہنے لگی: یاغفار کثرت سے پڑھتی ہوں۔ **بانوے صفحہ کی ہدایت:** اس کے بانوے صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ میں نے شیر سے سرگوشی کی کہ تجھے ہمیشہ تازہ اور گرم خون اور گوشت ملتا ہے اس کی وجہ؟ آنسو بہا کے اور آ ہستگی سے کہنے لگا یاتواب میرا وظیفہ ہے۔

ترانوے صفحہ کی ہدایت: اس کے ترانوے صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ میں نے بلی کو بہلایا گود میں بٹھایا اپنے قریب کیا اور پھر اس کو رازوں کی دنیا پر لایا اور یہی سوال کیا کہ تیرا جسم کیسے پلتا ہے؟ کہنے لگی: یاحقُّ کہنے سے۔ **چورانوے صفحہ کی ہدایت:** اس کے چورانوے صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ کتا خونخوار سہی۔۔۔! لیکن رب کی مخلوق میں سے ہے۔ میں نے اس سے پوچھا کہ تو دھتکارا بھی جاتا ہے لیکن تیرا جسم اور پیٹ سدا بڑھتا ہے وجہ۔۔۔۔؟؟؟ غرا کے کہنے لگا کہ میری مٹی میں "ھو" کا مزاج ہے۔ بس اس لفظ نے میری ضروریات پوری کی ہیں۔ **پچانوے صفحہ کی ہدایت:** اس کے پچانوے صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ رات کے اندھیرے نے مجھے ایک راز بتایا جو مجھے دیکھ کر ڈر جاتا ہے اس کی قبر میں میں نہیں پہنچتا جو مجھے دیکھ کر خوش ہوتا ہے اور گناہ میں مائل ہوتا ہے میں اس کی قبر میں ضرور پہنچتا ہوں۔ **چھیانوے صفحہ کی ہدایت:** اس کے چھیانوے صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ دن کی روشنی سے میرے راز و نیاز چلتے رہتے ہیں' ایک بار میں نے پوچھا دن تجھے روشن کیوں کیا گیا؟ کہنے لگا: میں سارا دن جل جلالہ پڑھتا ہوں جس دن یہ پڑھنا چھوڑ دیتا ہوں میں ہی اندھیرا ہو جاتا ہوں۔ **ستانوے صفحہ کی ہدایت:** اس کے ستانوے صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ میں نے ماں کے قدموں کو چوما حیران ہوا؟ مجھے قدموں کے نیچے فرشتے کی خوشبو آئی۔ اب سمجھ آئی کہ واقعی ان قدموں سے سب کچھ ملتا ہے۔

اٹھانوے صفحہ کی ہدایت: اس کے اٹھانوے صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ میں نے ماں کے چہرے کو پیار سے گھورا اس کے چہرے میں حوروں کا حسن نظر آیا۔ **ننانوے صفحہ کی ہدایت:** اس کے ننانوے صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ شعور بولا کہ اپنے دل کو کبھی آزاد نہ چھوڑ کسی کے حوالے کر ورنہ دل بھٹک اور بہک جائے گا۔ **سو صفحہ کی ہدایت:** اس کے سو صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ میری طبیعت جب بھی بغاوت پر مائل ہوئی میں نے ہمیشہ قبرستان کا رخ کرلیا۔ پرانی ویران قبر کے قریب بہت دیر بیٹھ کر بہت دیر رویا' مجھے فائدہ ہوا۔ **ایک سو ایک صفحہ کی ہدایت:** اس کے ایک سو ایک صفحے پرلکھا ہوا تھا کہ آزاد بندوں کا رویہ آزادی نہیں ہوتی بلکہ اس آزادی کے ذریعے ایک انوکھا راز کھولنا ہوتا ہے اور وہ راز یہ ہے کہ اپنے دل کو اللہ کے سامنے قیدی بنالے۔۔۔۔!!!

سورۂ مزمل کے کچھ کمالات: خزانہ کیا تھا کہ اس میں بڑے بڑے بادشاہوں کے خزانے بھی چھوٹے پڑجائیں اور بڑی بڑی حکومتیں اور طاقتیں بھی اس کے سامنے ہیچ ہوجائیں لیکن اصل بات یہی ہے جس کو جتنی چیز ملتی ہے اس کا برتن اتنا بڑا ہوتا ہے اور اس کی وسعت اتنی عظیم ہوتی ہے۔ خزانے میں دراصل برکت بھی اس وقت پڑے گی جب اس کے ساتھ سورۂ مزمل کی تاثیر اور طاقت ہوگی اور سورۂ مزمل کیا ہے اگر آپ کہیں تو میں اس کے کچھ کمالات آپ کو بتاتا چلوں اس میں تاثیر ہے' اس میں تسخیر ہے' اس میں کمال ہے' اس میں محبت ہے' اس میں ہیبت ہے' عظمت ہے' کبریائی ہے اور تمام بڑے بڑے فرشتوں کی پیاری سورت سورۂ مزمل کے پڑھتے ہی ایک خاص نور جو نیلے رنگ کا ہوتا ہے واضح رہے کہ قارئین! آپ نے دیکھا ہوگا کہ اکثر کوئی عمل نیلے رنگ کے دھاگے کے ساتھ کر کے پھر دم کر کے گلے میں ڈالا جاتا ہے' دراصل اس نیلے رنگ سے نیلی شعاعیں نکلتی ہیں اور یہ نیلی شعاعیں جادو' بندش' بیماریاں' پریشانیاں' مسائل' مشکلات' الجھنیں' رکاوٹیں' تنگی اور بدنظر کے تمام برے اثرات کا سوفیصد توڑ ہے۔ بالکل اسی طرح جب انسان سورۂ مزمل پڑھتا ہے ایک خاص نیلے رنگ کا نور اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور جتنا زیادہ پڑھتا جاتا ہے اتنا نور نکلتا جاتا ہے اور اتنا نور میں طاقت اور تاثیر بڑھتی جاتی ہے' بس یہی طاقت اور تاثیر ہی ہوتی ہے جو انسان کے اندر کی غلاظت اور کثافت کو دور کرتی ہے۔ **جادو کیا ہے؟:** جادو کیا ہے؟ کالے جنات' کالی دنیا اور کالی چیزوں کے مخالف ردعمل کا نام جادو ہے۔ یعنی ایک بندہ کچھ ایسے لفظ جیسا پڑھ رہا جن لفظوں کے اندر کالی دنیا ہے اور شیطانی طاقت اور تاثیر ہے وہ لفظ مخالف بن کر اس بندے کو مختلف شکلوں میں ستاتے ہیں اور مختلف شکلوں میں پریشان کرتے ہیں تو اسی چیز کا نام جادو ہے۔ سورۂ مزمل اس کا سوفیصد علاج ہے۔ اور سوفیصد حل ہے اور سوفیصد طاقت اور تاثیر ہے۔ (جاری ہے۔)

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب 40

WWW.PAKSOCIETY.COM

دمہ کھانسی اور درد سینہ کا گڑ سے علاج: دمہ کھانسی اور درد سینہ میں گڑ کالی مرچ اور ادرک کے ہمراہ پکا کر پلانا بے حد مفید ہوتا ہے۔

جادو جنات سے چھٹکارا پانے والے

نیا اور انوکھا سلسلہ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم آپ کی بابرکت ہستی ہمارے سروں پر تا قیامت قائم دائم رکھیں اللہ کریم آپ کی زندگی صحت، وقت، تسبیح خانہ نسلوں میں برکت، عافیت، رحمت حفاظت عطا فرمائیں۔ آمین۔

محترم حکیم صاحب! اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے بعد آپ ہستی میرے لیے اب سب سے اہم ہے کہ آپ اللہ کے رسول ﷺ کی محبت دل میں ڈالتے اور ہماری روحانی و جسمانی زندگیوں کو سنوار تے ... تین درس سے روح کی ... تربیت ہوتی ہے جس کے اظہار کیلئے الفاظ نہیں گناہوں سے نفرت اور اعمال میں ہی سکون ملتا ہے۔

ہم آپ کے پاس بہت گری ہوئی حالت میں آئے تھے میری شادی کے پہلے چند سال تو بہت اچھے گزرے مگر پھر اچانک نامعلوم کس کی بری نظر لگی میرے شوہر کا کاروبار دن بدن ختم ہونے لگا۔۔۔ گھر میں میں، بچے، شوہر سب بیمار۔۔۔ عجیب سی نحوست تھی۔ کبھی کبھی ہمارے گھر میں خون کے چھینٹے گرتے، پریشانیاں تھیں کہ بس بڑھتی ہی جارہی تھیں۔ جہاں جاتے کوئی جادو بتاتا، کوئی نظر بد بتاتا۔ جو جیسے کہتا کرتے، جو پڑھنے کیلئے دیا جاتا وہ پڑھتے مگر حالات سدھرنے کا نام نہیں لے رہے تھے۔ ان سب پریشانیوں نے مجھے اور میرے شوہر کو ڈیپریشن کا مریض بنا کر رکھ دیا تھا۔ ہم ہر وقت آپس میں لڑتے رہتے تھے۔ جب کسی نے آپ کا بتایا تو آپ کے پاس آئے تو آپ نے سورۂ قریش کا وظیفہ (ہر وقت سورۂ قریش پڑھتی ہے) خوب کرنے کو کہا۔ ہم نے سب کچھ چھوڑ کر صرف سورۂ قریش پڑھنا شروع کر دی جیسے جیسے پڑھتے جاتے ویسے ویسے حالات ٹھیک ہونا شروع ہو گئے۔ گھر میں برکت آئی، سکون آیا، میرے شوہر کا کاروبار پہلے سے کافی بہتر ہوا جس سے ہمارے بہت سے مسائل حل ہوئے۔ پھر ایک بہت بڑا مسئلہ کھڑا ہوا کہ ہمیں مالک مکان نے تین دن بعد ہر حال میں مکان خالی کرنے کو کہہ دیا۔ نہ ہمارے پاس پیسے تھے اور نہ ہی کوئی سر چھپانے کی جگہ۔ دفتر عبقری رابطہ کیا انہوں نے حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (توبہ ۱۲۹) سے نوازا۔ ہم نے خوب گڑگڑا کر پڑھا۔ گھر کا سارا سامان پیک کرتے ہوئے رو رو کر پڑھا کہ اے اللہ! گھر نہیں، مالک مکان نے گھر خالی کرنے کا آرڈر دے دیا ہے ایک دن پہلے تک یہ حالت تھی کہ جیسے قربانی کا جانور ذبح کیلئے مجبور کھڑا ہو۔ کوئی گھر، وسیلہ نظر نہیں آرہا تھا مگر توکل میں بھی بالکل کمی نہ تھی۔

صبح کے وقت سامان گھر کے باہر رکھ رہے تھے اور ساتھ روتے ہوئے ذکر بھی جاری تھا کہ میرے سسر کا فون آیا اور انہوں نے ہمیں اپنی کوٹھی میں بلالیا۔ ایک لمحے میں اللہ نے ہم کو فرش سے اٹھا کر عرش پر پہنچا دیا۔ چند لمحے پہلے ہم ... کوئی کہتا ... تھا کہ ... بہت ... اچھے ... مرشد کے وظیفے پڑھتی ہو کچھ بھی نہیں بنا۔۔۔ مگر پھر اچانک سب حیران کہ کیسا عجیب انوکھا کام ہوا ہے۔ (ب،غ)

قارئین! عبقری میں چھپنے یا کسی بھی عمل، وظیفے کے کرنے سے آپ کو جادو جنات سے چھٹکارا ملا ہو یا آپ پر کیا جادو ٹوٹا ہو تو وہ مکمل عمل اور اس کی مکمل روداد تفصیل کے ساتھ دفتر ماہنامہ عبقری میں بھیجئے۔ آپ کا یہ عمل لاکھوں کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوگا۔

(بقیہ: عبقری نے اللہ سے ملا دیا)

کے ایک دو رکوع پڑھ لیتا یا پھر رمضان میں پانچ چھ پارے پڑھ لیتا۔ میری عمر تقریباً 37،36 سال ہو گئی ہے زندگی میں کبھی قرآن مکمل نہیں پڑھا تھا۔ کبھی آٹھ سپارے تو کبھی دس بارہ سپارے پڑھ کر چھوڑ دیا، مگر۔۔۔ اس دفعہ رمضان میں کیا ہوا۔ 29 شب رمضان کی رات گیارہ بجے کا وقت۔۔۔ عجیب کیفیت تھی کیونکہ میں زندگی میں پہلی مرتبہ قرآن پاک مکمل طور پر پڑھ رہا تھا اور پھر میں نے قرآن پاک کی آخری سورۃ پڑھی اور جب میں آخری الناس پڑھ رہا تھا تو میری آنکھوں میں آنسو تھے اور ساتھ ہی دل میں سے دعا کی وجہ تھی کہ "اللہ تعالیٰ تو حکیم صاحب کو آباد رکھیں اور دنیا و آخرت میں" حکیم صاحب! میں اس وقت کی کیفیت بیان نہیں کر سکتا۔ بس مجھے تو یہی دعا یاد ہے جو میں نے آپ کیلئے کی کیونکہ قرآن پاک ختم کرنے کا ذریعہ عبقری ہی بنا زندگی میں پہلی مرتبہ رمضان میں مزہ آیا اور رمضان کے ختم ہونے پر افسوس ہوا، پہلے تو رمضان بس ایسے نام ہوتا تھا میرا۔۔۔ روزہ تو ہوتا تھا مگر۔۔۔ نماز اور نہ ہی قرآن۔۔۔ اللہ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ قیامت والے دن آپ کی ایسی مغفرت فرمائے جیسی کہ آپ اس دنیا میں لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں لانے کی فکر میں لگے ہیں۔

حکیم صاحب! پہلے بھی مجھے دین کی طلب تھی مگر دل نہیں لگتا تھا جس کسی نے جہاں کہیں بتایا وہاں گیا وہاں سے مجھے اللہ تعالیٰ کی برکات حاصل ہوتیں مگر نماز کی پابندی پھر بھی نہ آئی اور نماز کی پابندی یا احکام شریعت آنے بھی نہ پائے۔۔۔ میری تو حالت ہی ایسی خراب تھی کہ بس۔۔۔

مگر اب الحمدللہ ثم الحمدللہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے آپ سے عبقری کے ذریعے ایسی وابستگی بنائی کہ بیان نہیں کر سکتا۔ خصوصی طور پر عبقری میں بتائے ہوئے وظائف سے بہت نفع حاصل ہوا۔

خواہشات کا بے لگام گھوڑا

محمد سلیم تبانی، سکردو بلتستان

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "اگر ابن آدم کو دو وادیاں ایک سونے کی اور ایک چاندی کی مل جائیں تو وہ تیسری وادی کی خواہش کرے گا۔"

خواہشات کے بے لگام گھوڑے کو لگام لگانے کیلئے مندرجہ ذیل باتوں پر عمل کریں:۔ 1۔ جب تک خواہشات ہماری غلام رہتی ہیں ہم آگے بڑھتے چلے جاتے ہیں لیکن جب ہم ان کے غلام ہو جاتے ہیں تو زندگی بے سکون ہونے لگتی ہے۔ 2۔ ظاہری چمک دمک سے متاثر ہو کر خواہشات نہ پالیں ہمیشہ یاد رکھیں! کچھ خواہشات کا پورا نہ ہونا ہی ہمارے فائدہ میں ہوتا ہے۔ 3۔ مقصد حیات کا تعین کریں اور خواہشات کی ترجیحات طے کریں اگر انسان اللہ تعالیٰ کو اپنی ترجیح اول بنالے تو خواہشات کا دائرہ کار خود بخود سکڑنا شروع ہو جاتا ہے۔ 4۔ خواہش اور حاصل میں فرق کم کرنے کیلئے بھرپور جدوجہد کرلیں اور پھر جو اور جتنا بھی حاصل ہو اس پر اللہ کا شکر ادا کریں۔ 5۔ سادہ طرز حیات اپنائیں۔ 6۔ ناممکن خواہش کو کسی ممکن خواہش سے بدل کر اپنا دھیان ہٹا لیجئے۔ 7۔ ایک لمحے کو ٹھہر کر زندگی کے عارضی پن کی حقیقت سمجھنے کے بعد خود کو سمجھائیے گا کہ مجھے اس خواہش کو پانے کی فکر نہیں کرنی مجھے ہر خواہش کی لگام اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں دینی ہے اس یقین اور بھروسے کے ساتھ کہ اللہ سے بڑھ کر میرا خیر خواہ کوئی نہیں ہے اور وہ یقیناً میرے لیے بہتر کرے گا۔ 8۔ یاد رکھیے! خواہشات کو کم تو کیا جاسکتا ہے لیکن زندگی سے نکالا نہیں جاسکتا اس لیے سکون سے رہنے کیلئے ضروری ہے کہ خواہشات کا قبلہ درست کر کے ان کو صحیح سمت میں ترتیب دیا جائے کیونکہ خواہشات کا لامتناہی سلسلہ قبر میں جا کر ہی ختم ہوتا ہے جیسا کہ آپ ﷺ نے چودہ سو سال پہلے ارشاد فرمایا تھا کہ "اگر ابن آدم کو دو وادیاں ایک سونے کی اور ایک چاندی کی مل جائیں تو وہ تیسری وادی کی خواہش کرے گا۔" بس آخری بات یہی ہے کہ ابن آدم کا پیٹ صرف قبر کی مٹی بھر سکتی ہے۔

یرقان کا آزمودہ نسخہ

ھوالشافی: نوشادر، ضا شیرا لائچی چھوٹی، جو کھار، کشتہ فولاد تمام میں گرام، مصری پچاس گرام۔ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ ایک گرام صبح، دوپہر، شام بعد از غذا استعمال کریں۔ یرقان کیلئے میرا سینکڑوں کا آزمودہ ہے۔ آپ بھی استعمال کریں اور دعا کریں دیں۔ (نصیر، کراچی)

WWW.PAKSOCIETY.COM

جنہیں علامہ لاہوتی سے فیض ملا ——— سلسلہ وار انوکھا انداز

موتی مسجد نے ٹوٹے رشتے جوڑ دیئے

اب تو میں یَا قَھَّارُ کا دیوانہ ہو گیا ہوں۔ مجھے اپنی زندگی کے تمام مسائل کا حل صرف اسی میں نظر آتا ہے یہاں تک کہ سوتے ہوئے بھی اگر کوئی دباؤ وغیرہ ہو تو یہی اسم مبارک زبان پر جاری ہو جاتا ہے اس وظیفے نے تو میری زندگی کو بدل کر رکھ دیا ہے۔

دو نفل اور باپ کی رہائی

(مصباح طارق)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں' جتنے بھی لوگ اس رسالے کو چلانے میں آپ کی مدد کرتے ہیں' اللہ پاک ان کو دنیا و آخرت کی خوشیاں نصیب کرے۔ پہلے میں فالتو کہانیاں اور رسالے پڑھتی تھی مگر جب سے عبقری ملا اس نے تو میری زندگی ہی بدل کر رکھ دی ہے۔ پچھلے کچھ عرصہ ہم پر بڑی پریشانی آئی وہ یہ کہ میرے والد نے کسی کے پیسے دینے تھے اور اس نے ان پر کیس کر دیا اور پولیس نے میرے والد کو پکڑ کر جیل میں ڈال دیا۔ پچھلے دو سال وہاں رہے ہم نے یہ دو سال کیسے گزارے ہم ہی جانتے ہیں۔۔۔! میں نے عبقری رسالہ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے کالم میں بتایا ہوا وظیفہ صرف ایک بار کیا اور میرے والد کو رہائی مل گئی۔ وہ وظیفہ یہ تھا کہ دو رکعت نماز نفل پڑھیں اور جب سورۂ فاتحہ پڑھتے ہوئے اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچیں تو لاتعداد مرتبہ اسی الفاظ کی تکرار کریں۔

قارئین! میں آپ کو کیا بتاؤں کہ جمعہ والے دن نماز ظہر کے بعد میں نے یہ نفل پڑھنے شروع کیے۔ دل میں باپ کی تڑپ' رزق کی پریشانی' بہن اور ماں کی پریشانی' آنکھوں سے چھلکنے لگی آنسو جاری ہوئے تو رکنے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے اور پھر مجھے نہیں معلوم کیا ہوا بس ایسا لگ رہا تھا کہ میں خانہ کعبہ کے گرد طواف کر رہی ہوں' جھولی اٹھا کر روتی چلی جا رہی ہوں اور روتی چلی جا رہی ہوں کہ یا اللہ بھائی بھی نہیں ہے' تیرے سوا کوئی سہارا نہیں' ہمارا سہارا لوٹا دے۔ ہمارے باپ کو رہائی عطا کر دے۔ آدھا گھنٹہ یا ایک گھنٹہ کچھ یاد نہیں کہ کتنی دیر ان دو رکعت میں کھڑی رہی کہ میں تھی ہی نہیں۔ پھر اچانک بچوں کی آواز سے ہوش میں آئی اور نماز ختم کی۔ اسی قیام میں یہ سب دیکھا اور رو رو کر اللہ سے دعا کی۔ خدا کی کرنی ایسی ہوئی کہ ایک ماہ بعد ہی میرے والد واپس آ گئے الحمدللہ!

یاقہار کا دیوانہ

(فرحان احمد سہیل، راولپنڈی)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ ہم پر ہمیشہ قائم رکھے۔ آمین! محترم حکیم صاحب! میں آپ کا رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ خاص کر اس میں موجود علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا کالم "جنات کا پیدائشی دوست" کی تو کیا ہی بات ہے۔ اس میں موجود یَا قَھَّارُ کا عمل پڑھا میں نے کچھ عرصہ پڑھا تو بہت زیادہ روحانی و دنیاوی سکون حاصل ہوا۔ اب تو میں یَا قَھَّارُ کا دیوانہ ہو گیا ہوں۔ مجھے اپنی زندگی کے تمام مسائل کا حل صرف اسی میں نظر آتا ہے یہاں تک کہ سوتے ہوئے بھی اگر کوئی دباؤ وغیرہ ہو تو یہی اسم مبارک زبان پر جاری ہو جاتا ہے اس چھوٹے سے وظیفے نے تو میری زندگی کو بدل کر رکھ دیا ہے۔

موتی مسجد نے اللہ سے ملا دیا

(لبنیٰ)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ کو اور آپ کی فیملی کو اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ میری منگنی ٹوٹ گئی تو ایسا لگا کہ جیسے سب کچھ ہی ٹوٹ گیا ہے' کھانا چھوڑ دیا لوگوں سے ملنا ملانا چھوڑ دیا' میرے دل و دماغ پر ایک کاری ضرب لگی تھی جس کو میں باوجود بہت برداشت کے سہہ نہیں پا رہی تھی۔ پھر عبقری رسالہ ملا اس میں موجود علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا کالم "جنات کا پیدائشی دوست" پڑھا اور اس کالم میں موجود موتی مسجد کا عمل پڑھ کر موتی مسجد گئی اور اللہ پاک سے استقامت کی دعا کی اور اپنے تمام حالات اللہ رب العزت کی بارگاہ میں رو رو کر پیش کیے کہ یا اللہ! آپ ہی میرا آخری سہارا ہیں' آپ ہی میرے غموں کا مداوا کر سکتے ہیں۔ یا اللہ! میں تو مجبور ہوں مگر آپ تو مجبور نہیں' میں بے بس و لاچار ہوں مگر آپ تو بے بس نہیں۔ آپ ہی میری کوئی چارہ جوئی فرمایئے اور میرے مسائل کا بوجھ میرے کندھوں سے اتار دیجئے۔ اس کے بعد تو میری زندگی ہی تھم بدل گئی اور میری زندگی کا رخ بے حقیقی دنیا سے اچاٹ ہو کر آخرت کی حقیقی زندگی کی طرف مائل ہو گیا۔ میں نے اپنے رب کی محبت اور رحمت کو پہچان لیا۔ مایوسی کی کیفیت ختم ہوئی ایک نئی امنگ اور پرجوش ولولے کے ساتھ زندگی کا آغاز کیا۔ شادی کیلئے رشتے آنا شروع ہو گئے اور اب میرا رشتہ بھی طے ہو چکا ہے۔ یہ سب میرے مالک کا کرم ہے اور اس فرمان کا واضح ثبوت ہے کہ اللہ رب العزت اپنے بندوں سے ستر ماؤں سے بھی زیادہ محبت کرتا ہے۔

موتی مسجد میں سکون

(محمد اسامہ فیاض)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا رسالہ عبقری پچھلے تین سال سے مسلسل پڑھ رہا ہوں' اس سے بہترین رسالہ میں نے آج تک نہیں دیکھا۔ خاص کر اس میں موجود علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا کالم جنات کا پیدائشی دوست تو میرا پسندیدہ کالم ہے۔ اس کالم میں موتی مسجد کا عمل پڑھا تو میرے دل میں موتی مسجد میں جانے کا شوق پیدا ہوا۔

جب میں موتی مسجد میں گیا اور وہاں جا کر نوافل ادا کیے تو میرے دل کو بے انتہا سکون محسوس ہوا۔ دل کرتا تھا اس میں ہی پڑا رہ جاؤں۔ عبادت تو بہت زیادہ نہیں ہو سکی مگر موتی مسجد میں اللہ سے دعا مانگ کر دل بہت مطمئن ہوا۔

جادو کا توڑ

(محمد انور)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں جنوری 2013ء سے مسلسل ماہنامہ عبقری پڑھ رہا ہوں' اس میں موجود وظائف خود بھی کرتا ہوں اور لوگوں کو بھی بتاتا ہوں۔ میں عرصہ بارہ سال سے مالی و معاشی پریشانی میں مبتلا ہوں۔ اس سے پہلے اللہ تعالیٰ کے کرم سے بہت اچھے دن گزار رہا تھا کبھی میرے اور کبھی میری بیوی کے کپڑوں پر خون کے چھینٹے گرتے اور کبھی ہمارے کپڑوں پر کٹ لگ جاتے۔ کچھ عرصہ پہلے علامہ لاہوتی پراسراری کے کالم "جنات کا پیدائشی دوست" میں یَا قَھَّارُ کا عمل چھپا جو میں نے اور میری بیوی نے صبح و شام گیارہ گیارہ تسبیح اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا۔ اس کے علاوہ یَا قَادِرُ یَا نَافِعُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ اور یَا لَطِیْفُ یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ بھی پڑھتا رہتا۔ اس کے علاوہ سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھ پڑھ کر علامہ لاہوتی پراسراری اور صحابی بابا کو ہدیہ کرتا رہتا ہوں۔ ان سب اعمال کے جو مجھے فائدے ہوئے میں بتا نہیں سکتا۔ ہمارے گھر سے جادو کے اثرات دن بدن کم ہو رہے ہیں' اب خون کے چھینٹے نہیں گرتے اور گھر میں سکون آتا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور علامہ لاہوتی پراسراری کو اور آپ کے ادارے کے تمام لوگوں کو اس نیک کام میں کامیابی و کامرانی نصیب فرمائے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

ایمان یہ ہے کہ سنت ﷺ طبیعت بن جائے

حضرت مولانا دامت برکاتہم العالیہ عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی نامور شہرہ آفاق کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" پڑھنے کے قابل ہے

تعلق رکھنے والے چند تاجروں نے حضرت سے درخواست کی کہ آپ گنج مراد آباد تشریف لے جارہے ہیں ہمیں بھی ساتھ لے چلیں، حضرت مولانا عبدالحی نے خوشی سے آمادگی ظاہر فرمائی، لکھنؤ سے چل کر گنج مراد آباد پہنچے قصبہ میں پہنچ کر رکشہ سے مرشد روحانی حضرت مولانا فضل رحمٰن گنج مراد آبادی کی خانقاہ پہنچے معلوم ہوا کہ حضرت بھی مسجد میں تشریف رکھتے ہیں دور سے دیکھنے والے اہل دل اہل اللہ کو اللہ نے خیر کا مرجع بنایا ہے آنے والے بلکہ ارادہ کرنے والے لوگ ان کے دروازوں کی خیر کا کھلی آنکھوں سے مشاہدہ کرتے ہیں ان کی خانقاہیں ایسی دکانیں ہیں جہاں ہر آنے والے کا کچھ بنتا ہے۔ بقول شاعر:

میخانہ کا محروم بھی محروم نہیں ہے

اہل اللہ کے یہاں آنے والے ہر شخص کو ان نورانی شخصیات سے جو فیض کم سے کم ملتا ہے وہ یہ ہے کہ اپنی ناکارگی اور گناہوں پر ندامت اور آخرت میں جواب دہی کی فکر پیدا ہوجاتی ہے۔ لکھنؤ کے یہ تاجر جو حضرت سے ملاقات کیلئے لکھنؤ سے چلے تو یہ احساس تھا کہ ہم تو دنیادار ہیں ہم جیسے گندے لوگ ایک اللہ والے سے ملنے کے لائق کہاں؟ حضرت مولانا عبدالحی اپنے شیخ سے ملاقات کے اشتیاق میں ذرا تیز قدموں سے چل کر جلدی سے مسجد میں داخل ہوگئے یہ تاجر اور رکشہ حضرات احساس ندامت میں ڈرتے ڈرتے ذرا پیچھے رہ گئے اور خیال یہ بھی آرہا تھا کہ ہم جیسے گندے دنیاداروں سے حضرت ملنا بھی پسند فرمائیں گے یا نہیں؟ حضرت شاہ صاحب مسجد کے اندر والی سہ دری میں دروازہ کی طرف منہ کیے ہوئے تشریف رکھتے تھے۔ لکھنؤ کے یہ تاجر مسجد کے صحن میں داخل ہوئے تو حضرت بے اختیار چیخ پڑے: نکالو نکالو! یہ لوگ سمجھے حضرت ہم سے ملنا پسند نہیں فرماتے اس لیے فرمارہے ہیں کہ ان نالائقوں کو نکالو۔ فوراً مسجد سے باہر چلے گئے اور حد درجہ مایوسی کے ساتھ واپس اپنے رکشہ میں بیٹھ گئے کہ لکھنؤ واپس چلتے ہیں۔ حضرت مولانا عبدالحی نے حضرت شاہ صاحب سے ملاقات کی تو حضرت نے معلوم کیا: کیا اکیلے ہی آئے ہیں؟ مولانا نے عرض کیا: کچھ تاجر حضرات بھی ساتھ ہیں، پوچھا: وہ کہاں ہیں؟ جواب دیا: حضرت نے فرمایا کہ نکالو تو وہ گھبرا کر واپس چلے گئے، حضرت نے ایک خادم کو جلدی دوڑایا کہ لکھنؤ سے ہمارے یہاں لکھنؤ سے مہمان آئے ہیں ان کو جلدی بلاؤ، خادم دوڑا اور حضرت کا حکم سنا کر ان کو لے آیا۔ حضرت نے تاجروں سے پوچھا کہ آپ مجھ سے ملنے آئے تھے بغیر ملے کیوں واپس جارہے تھے۔ ان بیچاروں نے جواب دیا کہ مسجد میں داخل ہوئے تو ہم نے سوچا کہ دنیا کے کتوں سے حضرت ملنا پسند نہیں فرماتے اس لیے فرمارہے ہیں ان گندوں کو نکالو نکالو حضرت رونے لگے اور فرمایا: میرے بھائی مجھ سے زیادہ کون گنہگار ہوگا۔ اصل میں میں نے دیکھا کہ آپ سنت کے مطابق پہلے دایاں پاؤں رکھنے کے بجائے بایاں پاؤں داخل کررہے ہیں تو بے اختیار میں چیخ پڑا کہ میرے بھائی اللہ کے گھر میں بایاں پاؤں داخل کررہے ہو اس کو نکالو پہلے دایاں پاؤں مسجد میں داخل کرو۔ سچے نبی ﷺ کا ارشاد ہے: لا یومن احدکم حتی یکون هواه تبعا لما جئت به۔

ترجمہ: "کوئی آدمی اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک اس کی خواہش اس دین کے تابع نہ ہوجائے جس کو میں لے کر آیا ہوں" یعنی سنت طبیعت بن جائے۔ سنت کے طبیعت بننے کا مطلب یہ ہے کہ مومن سے اس کا تو امکان نہیں کہ وہ خلاف سنت کام کرے بلکہ اگر خلاف سنت ماحول اس کو ملے خلاف سنت شادیاں ہورہی ہوں، خلاف سنت صورتیں، خلاف سنت معاملات، خلاف سنت معاشرت اس کو دکھائی دے تو اس کا دم گھٹنے لگے اس کی چیخ نکل جائے جس طرح حضرت شاہ صاحب کی خلاف سنت پاؤں داخل کرتے دیکھ کر چیخ نکل گئی تھی کہ نکالو نکالو۔۔۔ کاش! اتباع سنت اور مزاج سنت کا کوئی حصہ ہمیں بھی نصیب ہوجائے۔

آنکھوں کے پیچیدہ امراض کیلئے

نمک کے غرارے کیجئے یا چٹکی بھر نمک آدھی پیالی پانی میں گرم دودھ میں یا چائے میں حل کرکے دن میں 2-3 مرتبہ پی لیجئے۔

طریقہ استعمال: ایک شیشے کی خالی بوتل اچھی طرح صاف کرکے دھولیں اور تازہ پانی سے بھرلیں۔ کھانے کا 1 چمچ نمک اس میں حل کرلیں اب روزانہ وضو سے پہلے اس پانی سے اچھی طرح آنکھیں کھول کر دھو لیں۔ دوسرا طریقہ: ایک رومال پانی میں بھگو کر نچوڑ لیں، اس کو صاف جگہ پھیلا کر 2-3 چمچ نمک اس پر پھیلا دیں اب رومال کو اس طرح لپیٹیں کہ نمک سب سے اندر والی تہہ میں رہے اس رومال کو دکھتی ہوئی آنکھوں پر رکھ کر آرام کریں سو کر اٹھنے کے بعد آنکھوں میں کافی آرام محسوس ہوگا۔

ناک کا بند ہونا: روزانہ کئی مرتبہ ناک میں Saline Drops یا نمک ملے صاف پانی کے چند قطرے ناک میں اس طرح ڈالیں کہ ان کا ذائقہ حلق میں محسوس ہوجائے۔ **گلا خراب ہونا:** نمک کے غرارے کیجئے یا چٹکی بھر نمک آدھی پیالی پانی میں گرم دودھ میں یا چائے میں حل کرکے دن میں 2-3 مرتبہ پی لیجئے۔

چند منٹ ڈھیروں ثواب

☆ سبحان اللہ سو مرتبہ پڑھنے کا ثواب سو غلام آزاد کرنے کے برابر ہے۔ ☆ الحمدللہ سو مرتبہ پڑھنے کا ثواب ایسا ہے جیسے آدمی نے سو گھوڑے مع سامان کے جہاد میں سواری کے لئے دیئے ہوں۔ ☆ اللہ اکبر سو مرتبہ پڑھنے کا ثواب ایسا ہے جیسے سو اونٹ قربانی میں ذبح کیے اور وہ قبول ہوگئے۔ اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سو مرتبہ پڑھنے کا ثواب تمام زمین آسمان کو بھر دیتا ہے۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔

بحوالہ: عبقری کی شہرہ آفاق کتاب

"مجھے شفاء کیسے ملی؟"

لاعلاج روحانی اور جسمانی بیماریوں میں مبتلا اس کتاب کا مطالعہ ضرور کریں۔ (جو عمل یا ٹوٹکہ آزمائیں ضرور لکھیں لاکھوں کا نفع آپ کا صدقہ جاریہ)

WWW.PAKSOCIETY.COM

خارش خشک و تر کی صورت میں لیموں کا رس پانچ گرام عرق گلاب دس گرام اور چنبیلی کا تیل پندرہ گرام تینوں کا تیل ملا کر خارش والی جگہ پر لگانے سے چند روز میں افاقہ ہو جائے گا

گیندا پھول ہی نہیں بہترین معالج بھی

برس ہا برس سے اس کے بارے میں طبی خواص کے حوالے سے جو کچھ کہا گیا وہ غلط نہیں ہے کیونکہ اس میں بخار کے علاوہ شدید اعصابی درد سر کے درد دماغ کے بوجھل پن متورم غدودوں کے درد کے علاوہ بعض دیگر تکالیف کو دور کرنے کی بھرپور صلاحیت پائی جاتی ہے۔

(سویرا حمید، اسلام آباد)

اس میں کوئی شک نہیں کہ شوخ رنگت مخصوص بھینی بھینی خوشبو اور ان گنت طبی خواص کا حامل گلاب ہی ایک ایسا پھول ہے جو خوشی سے لے کر غم کے لمحات تک انسانوں کا ساتھ نبھاتا ہے لیکن اگر گیندے کو بھی اسی درجہ بندی میں رکھا جائے تو نامناسب نہ ہوگا۔ گہرے زرد اور سرخی مائل نارنجی رنگ کے پھولوں والا یہ پودا باغیچوں سے لے کر گھر کی کیاریوں تک کہیں بھی لگایا جا سکتا ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ معتدل آب و ہوا کے ساتھ ہی ہلکی سی خنکی میں یہ خوب پروان چڑھتا ہے۔ اگرچہ کہ اس کی عمر بہت کم ہوتی ہے لیکن اس کا سخت جان ہونا ثابت ہو چکا ہے نیز اس کے پھول پودے پر زیادہ دیر تک رہتے ہیں اور اپنی بہار دکھا رہے ہوتے ہیں۔

یورپی ممالک میں یہ دو ہزار برس سے بھی زائد عرصے سے موجود ہے اور کہا جاتا ہے کہ رومی عہد کے بعد طویل عرصے تک اس پھول کی تازہ یا خشک پتیاں زعفرانی رنگ کا بہترین متبادل سمجھی جاتی تھیں اور مصالحوں کی تجارت کرنے والے افراد انہیں ڈبوں میں محفوظ کر کے رکھ لیتے تھے۔ یورپ میں اس کی پتیاں محض سجاوٹ کے اعتبار سے سلاد کے سبز پتوں پر چھڑکی جاتی تھیں جبکہ دسترخوان پر مختلف ڈشز کے اطراف میں گیندے کے پھول رکھ کر رنگینی پیدا کی جاتی تھی لیکن گیندے کو بطور مصالحہ اور دوا جو اہمیت اس زمانے میں حاصل تھی اس کے اثرات اب بھی اچھے ہی منضبط ہیں۔ عموماً اس پودے کی اونچائی فٹ تک ہوتی ہے جبکہ اس کے پتوں اور ڈنٹھل پر ہلکا سا روواں بھی پایا جاتا ہے۔ ایک ٹہنی پر ایک پھول تو عام ہے لیکن بعض اوقات دو پھول بھی دیکھنے میں آتے ہیں۔ گیندے کا پھول کٹوری کی مانند مگر درمیانی حصہ کچھ ابھرا ہوا سا ہوتا ہے اور چونکہ اس کا پھول چھوٹی چھوٹی بہت ساری پنکھڑیوں سے مل کر بنتا ہے تو فارسی میں اسے گل صد برگ بھی کہتے ہیں یعنی سو پنکھڑیوں والا پھول۔ مزاج کے اعتبار سے یہ خشک اور تاثیر کے لحاظ سے دافع ورم ہے۔

اس پودے میں فراری آئل کے علاوہ کیروٹین لائیکوپین کیلنڈولین رانی ریزنس وائیلازینتھن فلاوزیل سیپونین ریزن ملی سیلک ایسڈ اور بعض دوسرے اہم طبی اجزا شامل ہوتے ہیں جبکہ ایک اور عنصر لیکٹونز میں پھپھوندی اور بیکٹیریا دور کرنے کی خاصیت پائی جاتی ہے۔ یورپی ممالک میں گیندے کی ہلکی تلخ پتیاں گوشت اور مچھلی کے سوپ کے علاوہ چاول کی ڈشز اور سلاد میں عام طور پر استعمال کی جاتی ہیں۔ بہت سارے ممالک میں اب بھی اسے زخموں کو بھرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے جبکہ اس کے پھول کی پنکھڑیوں کو پانی میں ابال کر اس سے بال دھوئے جاتے ہیں اور جلد کی شگفتگی کیلئے کریم بھی تیار کی جاتی ہے۔ طب مشرقی کے لحاظ سے یہ محلل ہے یعنی لیس دار اخلاط کو تحلیل کرتا ہے خون صاف کرتا ہے پیشاب آور ہے اور خونی بواسیر کے علاوہ کان کے درد اور دانتوں کی تکلیف سے نجات کیلئے بھی موثر سمجھا جاتا ہے۔

اطباء کے مطابق اگر پیشاب رک جائے تو گیندے کی کونپلوں کا پانی پسی ہوئی مصری کے ساتھ چھان کر پینے سے فوری فائدہ ہوتا ہے جبکہ خونی بواسیر میں دو پھولوں کو چار سے پانچ کالی مرچوں کے ساتھ پیس کر اس کا عرق پینا فائدہ مند ہوتا ہے۔ چند برس پہلے کراچی یونیورسٹی میں شعبہ دواسازی و کیمسٹری کے کچھ افراد پر مشتمل ایک ٹیم نے گیندے کے پھول اور پودے پر گہرائی کے ساتھ تحقیق کی اس کے بعد یہ بات پوری طرح ثابت ہو گئی تھی کہ برس ہا برس سے اس کے بارے میں طبی خواص کے حوالے سے جو کچھ کہا گیا وہ غلط نہیں ہے کیونکہ اس میں بخار کے علاوہ شدید اعصابی درد سر کے درد دماغ کے بوجھل پن متورم غدودوں کے درد کے علاوہ بعض دیگر تکالیف کو دور کرنے کی بھرپور صلاحیت پائی جاتی ہے۔ اہل مغرب کٹنے اور مندمل نہ ہونے والے زخموں کیلئے کئی صدیوں سے گیندے کی پتیوں کا استعمال کر رہے ہیں جبکہ اس سے ورم دور کرنے کا کام بھی لیتے ہیں۔ اس کے پتوں سے بھڑ اور شہد کی مکھیوں کے کاٹے کا علاج بھی کیا جاتا ہے جس کے لیے متاثرہ جگہ پر پتوں کو پیس کر لگانا پڑتا ہے۔ جلد کی شادابی کے لحاظ سے بھی گیندے کا پھول اپنی ایک اہمیت رکھتا ہے اگر پھول کے رس میں تھوڑی سی پھٹکڑی پیس کر ملائی جائے تو اسے بطور کریم استعمال کر کے جلد کو تر و تازہ کیا جا سکتا ہے جبکہ جلد کی صفائی کیلئے گیندے کا تیل بھی موثر کلینزر ثابت ہو سکتا ہے جس کیلئے چار کھانے کے چمچ زیتون کا تیل لے کر اس میں دو کھانے کے چمچ گیندے کے پھول کی خشک پتیاں شامل کر لیں لیکن اس کا طریقہ کار یہ ہے کہ ایک برتن میں زیتون یا بادام کا تیل ڈال کر اسے گرم پانی سے بھرے کھلے منہ کے برتن میں رکھ لیں اور گیندے کے پھول کی پتیاں تیل میں ملا کر مسلسل چمچ چلاتے رہیں اور کم از کم آدھے گھنٹے تک اس تیل کو حرارت ملتی رہے۔ رات کو سونے سے قبل تین کھانے کے چمچ عرق گلاب میں ایک کھانے کا چمچ گیندے کی خشک پنکھڑیاں بھگو کر رکھ دیں اور صبح اس کا پانی چھان کر اس تیل میں شامل کر لیں جو کہ گرم پانی کے برتن میں رکھ کر حاصل کیا گیا تھا۔ ٹھنڈا ہونے پر بطور کلینزر استعمال کریں۔ گیندے کے پھول میں جمے ہوئے خون کو دور کرنے کی صلاحیت بھی پائی جاتی ہے۔ اگر دانتوں سے خون آ رہا ہے تو اس کے جوشاندے سے کلیاں کرنا مفید رہتا ہے اور چونکہ یہ دانت کے درد کو بھی دور کرتا ہے تو اس کا رس ٹوتھ پیسٹ میں بھی شامل کیا جاتا ہے جس سے مسوڑھوں اور منہ کی جھلیوں کا ورم بھی دور ہو جاتا ہے۔

پیدائش میں آسانی کیلئے آسان عمل

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری کی وساطت سے آج قارئین کو چھوٹی سی قرآنی آیت سے درد زہ کے درد سے فوری نجات کا عمل دے رہا ہوں۔ امید ہے قارئین ضرور فائدہ اٹھائیں گے۔ درج ذیل آیت مبارک کاغذ پر لکھ کر کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی بائیں ران پر باندھیں۔ بچہ آسانی کے ساتھ پیدا ہوگا۔ پیدائش کے فوراً بعد باندھی گئی آیت مبارک کھول لیں۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ. اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ. وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ. وَ اِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ. وَ اَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَ تَخَلَّتْ. (الانشقاق 1تا4)

بانجھ پن دور

چالیس عدد لونگیں لیکر ہر ایک پر سات بار سورۂ نور کی آیت نمبر چالیس پڑھے اور جس دن عورت حیض سے پاک ہو اس دن غسل کرنے اور اس دن سے ایک لونگ روزمرہ سوتے وقت کھانا شروع کرے اور اس پر پانی نہ پیے اور اس درمیان میں شوہر کیساتھ ضرور تخلیہ کرے ان شاء اللہ اولاد ملے گی۔ یہ دونوں عمل میں نے ایک بہت ہی کامل اور اکمل بزرگ کی کتاب سے چنے ہیں۔ (محمد عثمان چغتائی)

WWW.PAKSOCIETY.COM

قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر ہیں

کمزوری حافظہ کا روحانی شاندار ٹوٹکہ

(کلیم اللہ شیخ، بہاولپور)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اگر کسی کو حافظہ کی کمزوری کی شکایت ہو اور یاد کی ہوئی چیزیں بھول جاتی ہوں تو اس کیلئے مندرجہ ذیل وظیفہ نہایت مفید و موثر ہے۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿الحجر﴾ اس وظیفہ کو گیارہ، چالیس یا سو مرتبہ پڑھ کر دم کریں یا پانی پر دم کر کے پلائیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف لازمی پڑھیں۔ انشاء اللہ یادداشت اور علم میں اضافہ ہوگا۔

بداخلاق سے بااخلاق بنیے: بعض لوگوں میں ترش روئی، بدزبانی، اکھڑپن، بدمزاجی، سنگدلی جیسے ناپسندیدہ اخلاق پائے جاتے ہیں اگر وہ اپنے احوال کو سنوارنے کیلئے درج ذیل وظیفہ بڑے شوق اور ذوق سے کریں تو انشاء اللہ اخلاق حسنہ سے باشرف ہوگا اور بداخلاقی سے نجات مل جائے گی۔ یَاحَمِیْدُ یَالَطِیْفُ اس وظیفہ کو سو مرتبہ روزانہ پڑھئے اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف لازمی پڑھئے۔ مدت وظیفہ چالیس دن ہے۔

عبادت میں خشوع و خضوع کیلئے: اگر کسی شخص کا عبادت میں دل نہ لگتا ہو، نماز میں خیالات آتے ہوں تو اس کیلئے وہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ کافرون کی تلاوت کرے، اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھئے اور گیارہ مرتبہ استغفار پڑھئے۔ یہ وظیفہ کم از کم چالیس دن کرے۔ پڑھنے سے عبادت میں رغبت اور شوق و ذوق پیدا ہوگا۔

فقر و فاقہ سے نجات کا وظیفہ: اس وظیفہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ فقر و فاقہ سے ایسے نجات دیتا ہے جس کا انسان کو گمان بھی نہیں ہوتا۔ نماز چاشت کے بعد سجدہ میں سات مرتبہ اَلْوَھَّابُ پڑھیں۔ اس وظیفہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ غنا قلب عطا کرتا ہے اور سو مرتبہ اسی طرح پڑھنے سے وسعت رزق نصیب ہوتی ہے۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ گیارہ دن اور زیادہ سے زیادہ چالیس دن جاری رکھیں۔

جماعت کیساتھ نماز پڑھنا: حضور ﷺ کا فرمان عالیشان ہے "باجماعت نماز تنہا نماز سے 27 گنا افضل ہے" مسلمان جب اچھی طرح وضو کرتا ہے پھر مسجد جاتا ہے اور صرف نماز ہی کیلئے اٹھتا ہے تو ہر قدم پر اس کا ایک درجہ بلند کر دیا جاتا ہے اور ایک خطا معاف کر دی جاتی ہے اور جب نماز پڑھتا ہے تو فرشتے اس کیلئے دعا کرتے ہیں، جب تک وہ بے وضو نہ ہو جائے۔ جتنی دور سے کوئی نماز پڑھنے آئیگا اتنا ہی زیادہ ثواب پائے گا۔

میرے طبی و روحانی آزمائے ٹوٹکے

(قرۃ العین، چیچہ وطنی)

غم و افکار سے نجات: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جسے غم و افکار گھیر لیں اسے چاہیے کہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بکثرت پڑھے۔ یہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ یہ جنت کے دروازوں میں ایک دروازہ ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ کے ساتھ ایک فرشتہ اترتا ہے اور جنت میں لاتا ہے کیونکہ یہ 99 امراض کی دوا ہے۔ روزانہ سو مرتبہ پڑھنے سے کبھی محتاجی نہ ہوگی۔ اس کلمہ کے عمل سے بڑھ کر کوئی چیز مددگار نہیں ہوگی۔

دانت کمزور ہونے کی ایک وجہ: کھانے کے بعد خلال کرنا سنت ہے نہ کرنے سے دانت کمزور ہو جاتے ہیں۔

سردی میں ہاتھ پاؤں اب نہ پھٹیں گے: بعض اوقات سردی میں ہاتھ پاؤں اور ہونٹ پھٹ جاتے ہیں، چہرے پر خشکی سے نشان پڑ جاتے ہیں جو سخت تکلیف دیتے ہیں اس کا علاج رات کو ہلکی آگ یا ہیٹر کے سامنے بیٹھ کر متاثرہ مقام پر پیاز کا ٹکڑا ملیے۔ پھٹے ہونٹ ایڑیاں ٹھیک ہو جائیں گی۔

سر میں خشکی کے تین علاج: 1: سر میں زیتون کا تیل ڈال کر روزانہ کم از کم سات منٹ بالوں کی جڑوں میں اچھی طرح مالش کریں انشاء اللہ عزوجل سات دن میں سر کی خشکی دور ہو جائے گی۔ 2۔ روزانہ تھوڑے سے نیم کے پتے جوش کر پانی میں ڈال کر سر دھوئیے۔ 3۔ انگور، تربوز، ناشپاتی، سیب اور موسمی وغیرہ زیادہ استعمال کیجئے۔

جسم کو لوہے کی لاٹھ بنانے والا نسخہ

(فرمان علی)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کے ماہنامہ عبقری کا شمارہ نمبر 1 سے مستقل قاری ہوں اور دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی عمر دراز کرے تاکہ دکھی بہن بھائیوں کو آپ سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کے مواقع میسر ہوں۔ عبقری خدمت خلق کا ایک جذبہ ہے اور خدا آپ کو اس میں کامیابی و کامرانی عطا فرمائے۔ ذیل میں ایک نسخہ درج کرتا ہوں یہ نسخہ میں نے استاذ الحکماء حکیم محمد عبداللہ (مرحوم) کی تصنیف "کمزوری اور نامردی کا شرطیہ علاج" سے لیا ہے۔

برائے قوت باہ: حکیم محمد عبداللہ مرحوم لکھتے ہیں کہ یہ وہی نسخہ ہے جس کو ہمارے ایک دوست فیس لے کر بتاتے تھے۔ یہ مرض احتلام و جریان کو دور کر کے بدن کو لوہے کی لاٹھ بنانے والا چہرے کے رنگ کو کلی انار کی مانند سرخ بنانے والا، مغلظ منی، ممسک طبی وغیرہ۔۔۔۔ یہ نسخہ آج مفت میں لکھا جاتا ہے تاکہ قارئین عبقری اس سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں۔

ھوالشافی: ستاور ایک تولہ رات کو پانی میں بھگو دیں، صبح تک نرم ہو جائے گا۔ گھوٹ کر آتا ملا دیں اور بطریق معروف "مال پوڑے" (جو عموماً گھریلو خواتین برسات یا سخت سردیوں میں گھروں میں تیار کرتی ہیں) تیار کر کے مریض کو بطور ناشتہ کھلایا کریں نہایت لذیذ مال پوڑے بنتے ہیں۔

بالوں کو گھنا کرنے کا آزمودہ نسخہ

(حمیرا فیض)

ھوالشافی: کسٹر آئل ایک چھوٹی بوتل، Evion کیپسول، چار سو ملی گرام والا ایک پتہ۔ کیپسول کی Tip کو تھوڑا سا کاٹ کر تمام دس کیپسولز کو تیل کی بوتل میں نچوڑ لیں۔ جب بھی استعمال کرنے لگیں بوتل کو ہلا لیں۔ ہفتے میں دو یا تین بار استعمال کریں۔ رات کو لگا کر صبح کسی اچھے سے شیمپو سے سر دھو لیں اور نتائج جلد آپ کو نظر آ جائیں گے لیکن آزمائش شرط ہے۔ Evion کیپسول دراصل وٹامن ای کے کیپسول ہوتے ہیں جو بالوں کے لیے نہایت ہی مفید ہیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

معدہ کیلئے دیسی پھکی

(امجد محمود راجپوت' راولپنڈی)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں ہر مہینے آپ کا عبقری شمارہ لے کر بڑی خوشی سے پڑھتا ہوں جس سے بہت کچھ حاصل ہوا ہے اور میری معلومات میں بہت اضافہ بھی ہوا ہے۔ میرے پاس قبض' گیس' معدہ کی جلن کیلئے ایک شاندار نسخہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں:۔

ھوالشافی: یہ دیسی پھکی میں نے خود اپنے گھر میں تیار کی ہے اور استعمال کر رہا ہوں۔ اس کے علاوہ میں نے بہت سے لوگوں کو تیار کر کے استعمال کروائی ہے جس جس نے استعمال کی الحمدللہ! اس سے بہت فائدہ ہوا۔

دیسی پھکی تیار کرنے کا طریقہ: چھیر زوڈی۔ اجوائن۔ سفید پودینہ جس کو پہاڑی پودینہ بھی کہتے ہیں۔ ان تین چیزوں کو ہم وزن لے کر کوٹ چھان لیں۔ پھر اس میں حسب ضرورت کالا نمک ملا کر استعمال کریں۔ آدھا چمچ چائے والا کھانے کے بعد صبح و شام کھائیں۔ قبض' گیس' معدہ کی جلن سب ٹھیک۔ استعمال کریں اور دعائیں دیں۔

رنگ سرخ و سفید کرنے کیلئے

(نور حرا' ڈی جی خان)

زیتون کا تیل چند قطرے' تین یا چار عدد زعفران ڈنڈی' پانچ یا چھ قطرے لیمن جوس ملا کر اچھی طرح مکس کر کے چہرے پر لگائیں۔ یہ ٹوٹکہ صرف سرد موسم میں استعمال کریں۔ چند دنوں کے استعمال سے ہی آپ کی جلد سرخ و سفید اور چمکدار ہو جائے گی۔

درد' گیس دور کھانا جلد فوری ہضم: ھوالشافی: نشادر' چھیر بڑی الائچی' چھوٹی الائچی' کالی مرچ' ہرڑ' جیرہ سے مولف دس' دس گرام۔ نشادر پانچ گرام اور کالا نمک حسب ضرورت۔ ان سب چیزوں کو پیس لیں اور آدھی چمچ کھانے کے بعد استعمال کریں۔ زیادہ بنانے کیلئے تمام اشیاء کی مقدار بڑھا لیں اور اپنی اس بہن کو دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔

آدھے اور پورے سر کا کامیاب دم

(عاشق حسین' فیصل آباد)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں آج آپ کو تین عدد دم بھیج رہا ہوں ان میں سے دو میرے آزمودہ ہیں اور ایک میرے دوست کا آزمودہ ہے۔

بچھو کے کاٹے کا دم

پہلے میں آپ کو اپنے دوست کا آزمودہ دم بتاتا ہوں میرے دوست نے آج تک جس پر بھی یہ دم کیا ہے اسے فوراً آرام آ گیا۔ جس کسی کو بھی بچھو کاٹ لے تو زخم کے قریب سے پکڑ کر یہ دم تین دفعہ کر دیا جائے تو فوراً آرام آ جاتا ہے۔ دم یہ ہے:۔

کالا بچھوا کینچلی والا ہری پوچھل گل سونے دیاں مالاں
لوہے کا کوٹ سمندر کی کھائی
چھوڑ بچھوا چھوڑ محمود غزنوی کی دہائی

اب میں آپ کو اپنے آزمودہ دو دم بتاتا ہوں۔

دم آدھے سر کے درد کیلئے

اُبھر دیاں چھوں ابھاریا
تو جیا میں ماریا
سر جا دھڑ تیا ماریا

پیشانی کو پکڑ کر سات دفعہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ یہ دم کیا جائے۔ انشاء اللہ آرام آ جائے گا۔

پورے سر کے درد کیلئے دم

سمندر اُتے رہندے چار پیر
اک سے گھبا ندرا دوا سر دی پیڑ
تیسرا جن تیلیا چوتھا چند رپیڑ

پیشانی کو پکڑ کر سات دفعہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ یہ دم کیا جائے۔ انشاء اللہ آرام آ جائے گا۔ یہ دونوں دم پنجابی میں ہیں۔

ایک رات میں پتے کی پتھری کا علاج

(سعدیہ اسلم' راولپنڈی)

ھوالشافی: صبح کے وقت میگنیشیم سلفیٹ چار چمچ چار گلاس پانی میں ڈالیں اور فریج میں رکھ دیں۔ 1۔ شام چھ بجے ایک گلاس اس میں سے پی لیں۔ پھر شام چھ بجے آدھا کپ لیموں کا رس اور آدھا کپ زیتون کا تیل ملا کر فریج میں رکھ دیں۔ 2۔ رات آٹھ بجے لیموں' تیل ملا آمیزہ فریج میں سے نکال کر پی لیں اور ساتھ ایک گلاس پانی بھی میگنیشیم سلفیٹ والا پی لیں۔ 3۔ رات دس بجے پھر ایک گلاس پانی میگنیشیم سلفیٹ والا پی کر سیدھا لیٹ جائیں' رات کا کھانا ہرگز نہ کھائیں۔ 4۔ صبح نہار منہ پانی کا ایک بچا ہوا گلاس میگنیشیم سلفیٹ پی لیں۔ اس طرح چاروں گلاس پورے ہوئے۔ 5۔ صبح چھ یا آٹھ بجے انشاء اللہ پتھری پاخانہ کے ساتھ نکل جائے گی۔ آپ خود دیکھ سکتے ہیں۔ یہ میرا آزمایا ہوا نسخہ ہے مجھے اس نسخہ کی وجہ سے تکلیف دہ مرض سے نجات ملی تھی۔ آپ بھی آزمائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔

سب پریشانیاں ختم

(محمد اکمل فاروق ریحان' سرگودھا)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ایک جاننے والے ہیں ان کو کچھ مسائل درپیش تھے جن کی وجہ سے وہ بے حد پریشان تھے' ان کی جائیداد پر ان کے رشتے دار قابض ہو گئے' ان کی بیوی بچوں کو لے کر میکے چلی گئی' برادری ساری ان کی مخالف ہو گئی۔ ایک دن میری ان سے ملاقات ہوئی میں نے ان کو آپ کا بتایا ہوا ایک عمل بتایا کہ 7 دنوں میں ایک قرآن پاک اس طرح ختم کرے کہ قرآن کی ہر سطر پر انگلی پھیرتا جائے اور لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ بحق اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ پڑھتا رہے۔ مدت کے بعد ملاقات ہوئی کہنے لگے میں نے ایک دفعہ پڑھا تھا' صرف سات دنوں کے اندر میرے بچے مجھے مل گئے اور آہستہ آہستہ میرے سارے کام حل ہو گئے۔ (مکمل عمل 49 دنوں میں 7 قرآن پاک ختم کرنے کا ہے)۔

دل کے والو کھولنے کا باکمال نسخہ

عبقری میں ایک نسخہ چھپا تھا کہ جس کے دل کے والو بند ہوں یا دل کی تکلیف: دودھ سنگی اور گلونجی ہموزن باریک پیس لے اور صبح و شام اس کا قہوہ استعمال کرے' چائے کی پتی کی جگہ ایک چمچ اس کا ڈال کر حسب ذائقہ چینی ڈال دیں۔ اس کے استعمال سے دل کے والو کھل جائیں گے۔

ہمارے علاقے کے ایک بہت بڑے زمیندار اور وکیل تھے۔ ان کو کچھ ماہ پہلے دل کا بہت سخت اٹیک ہوا' وہ ڈاکٹروں سے علاج کروا رہے تھے مگر افاقہ نہیں ہو رہا تھا۔ ہمارا ایک رشتہ دار ان کی عیادت کیلئے گیا اور ان کو یہ نسخہ بتایا کہ یہ ماہنامہ عبقری میں چھپا تھا انہوں نے اس نسخے کو لگاتار کچھ دن استعمال کیا۔ کچھ عرصہ بعد دوبارہ ٹیسٹ کروائے تو رپورٹ بالکل نارمل تھی۔ ڈاکٹرز حیران تھے کہ اس کی رپورٹ تو ایسے آئی ہے جیسے اس کو کبھی کوئی دل کا مسئلہ ہوا ہی نہیں تھا۔ یہ اس نسخہ کی کرامت تھی اب وہ بالکل نارمل زندگی گزار رہے ہیں۔

حسب منشاء شادی

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! حسب منشاء شادی کیلئے یَامُغْنِیُ کو گیارہ سو مرتبہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد 90 دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ مرضی کے مطابق شادی ہو گی ایام والے دن چھوڑ دیں' پھر گنتی شامل کر لیں۔ یہ عمل الحمدللہ کافی لوگوں کا آزمودہ ہے جس نے بھی یقین سے کیا انشاء اللہ اس کی مراد ضرور پوری ہوئی۔ (انیس' لاہور)

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہلکی سی ورزش سے خوش وخرم زندگی

اپنی چہل قدمی کو ایک ورزش مت سمجھئے۔ آپ کی چال ہر قسم کے دباؤ سے عاری اور ہموار وہم آہنگ ہونی چاہیے۔ گہری اور ہموار سانس لیجئے۔ ناک سے ہوا اندر کھینچئے اور منہ سے نکالیے۔ چلتے ہوئے اپنے حال پر توجہ مرکوز رکھئے بس کی فکر مت کریں کہ کل کیا ہوا تھا اور آنے والے دن کیا ہوگا۔

(شمائلہ احمد' مہر شاہ' ساہیوال)

تندرستی انسان کیلئے سب سے بڑی نعمت ہے۔ تندرستی کی قدر کسی بیمار سے پوچھو' یہ مقولہ تو عام ہے مگر صحت تباہ کرنے والے عناصر میں سب سے اہم نظم وضبط سے دوری ہے۔ دراصل سارا انتظام کائنات نظم وضبط ہی کی مرہون منت ہے۔ سورج نکلنا اور غروب ہونا' سردی' گرمی کے مہینے اور رات دن کا آنا جانا سب اوقات مقرر ہیں نہ تو کبھی سورج طلوع ہونے میں دیر سویر کرتا ہے اور نہ ہی گرمی یا سردی مقررہ مہینوں سے پہلے یا بعد میں آتی ہے۔

اسی طرح انسان کو بھی اللہ تعالیٰ نے ایک مخصوص نظام دیا ہے۔ قرآن کریم میں بھی کہا گیا کہ "عقلمندوں کیلئے نشانیاں ہیں" اب انسان اپنی زندگی کو کس طریقے سے گزارتا ہے تو فائدہ اسی کا ہے۔ صبح سویرے وقت پر بیدار ہونا' نماز فجر پڑھنا انسانی زندگی پر بہترین اثرات مرتب کرتا ہے۔ مگر جو لوگ دیر سے سوتے اور دیر سے جاگتے ہیں وہ اپنا نقصان اپنے ہاتھوں سے ہی کرتے ہیں۔ صبح سورج کی کرنیں انسانی صحت کیلئے بہت اچھی ہیں' اچھے اور موثر پیدا ہوتے ہیں۔ صبح کی سیر آنکھوں کی بینائی اور جسم کی چستی کیلئے موثر ہے۔ صبح خیزی حاصل کرنے کیلئے اہم بات یہ ہے کہ رات کو جلدی سویا جائے۔ اسی طرح ناشتہ ٹائم پر کرنا' دوپہر اور رات کا کھانا بروقت کھانا بھی نظم وضبط کا حصہ ہے۔

طلبہ کے لیے سکول وکالج' ورکرز کا دفتر وقت پر پہنچنا بھی اہم ہے' پابندی وقت سے عزت میں اضافہ بھی ہوتا ہے اور تمام امور بھی تکمیل تک پہنچتے ہیں۔ گھریلو خواتین بھی اگر نظم وضبط کا دامن چھوڑ دیں تو پورا خاندان متاثر ہوگا۔ ماں کا تندرست اور چاق وچوبند ہونا بے حد ضروری ہے۔ نظم وضبط کا یہی اصول گھر کے سربراہ پر بھی لاگو ہوتا ہے۔ اگر وہ کسی کمپنی یا مل کا مالک ہے تو ملازمین تب تک وقت کی پابندی نہیں کریں گے جب تک مالک وقت کا خود پابند نہ ہوگا۔ دکاندار اور نوکری پیشہ کیلئے بھی نظم وضبط ہی کامیابی وکامرانی کی دلیل ہے۔

نظم وضبط کو اپنانا اور ٹائم ٹیبل بنانا اگرچہ تھوڑا دشوار ہے مگر چند ہی دنوں میں انسان اس کا عادی ہو سکتا ہے۔ نظم وضبط سے چلنا ہم سب کیلئے اس لیے بھی اہم ہے کیونکہ ہر انسانی زندگی کے دوسروں پر بھی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ جیسے اگر خاوند رات کو لیٹ آئے یا دیر تک کمپیوٹر استعمال کرتا رہے اس سے بیوی بچوں کا آرام بھی متاثر ہو سکتا ہے۔ صبح وقت پر سکول جانے میں دشواری پیش آ سکتی ہے۔ رات کو نیند پوری نہ ہونے کی وجہ سے روٹین کے کاموں کو بھی سرانجام دینے کیلئے بھی تازگی کی ضرورت ہوتی ہے جو وقت کی پابندی کے بغیر لاحاصل ہے۔

ریسرچ کے مطابق جن گھرانوں کے افراد' سونے' کھانے اور آنے جانے کے اوقات مقرر رکھتے ہیں وہ خوش وخرم اور صحت مند رہتے ہیں مگر جن گھرانوں نے ڈسپلن اور ٹائم ٹیبل نہیں اپنائے وہ صحت سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ اہل خانہ مصروف ہی رہتے ہیں۔ انہیں فرصت کے لمحات دستیاب نہیں ہوتے۔ تمام افراد خانہ کو آپس میں ایک دوسرے کے ٹائم ٹیبل کو مدنظر رکھنا چاہیے تاکہ نظم وضبط اپنا کر ہم دوسروں کی زندگیاں بھی سہل کریں اور اپنی صحت کے دشمن بھی نہ بنیں کیونکہ بیمار افراد اگر ادویات بھی وقت پر نہ لیں تو فائدہ ندارد۔۔۔!!!

ورزش نہیں تو واک

ویسے تو ہم میں سے اکثر لوگوں کو کافی چلنا پڑتا ہے کبھی معمول کے کام کاج کیلئے تو کبھی کسی کے یہاں جانے کیلئے' ہمیں دن میں کئی بار چلنا پھرنا پڑتا ہے چہل قدمی سے جسم کی چربی تو ضرور کم ہو جاتی ہے لیکن یہ انسان کی ذہنی وجذباتی شخصیت پر برائے نام ہی مثبت اثرات مرتب کرتی ہے۔ آج سائنسدان اس بات پر پوری طرح متفق ہیں کہ ایک رواں اور تمام تر پریشان سوچوں سے عاری چہل قدمی انسانی جسم پر نہ صرف طبی بلکہ نفسیاتی لحاظ سے بھی اچھے اثرات مرتب کرتی ہے۔ حال ہی میں ماہرین نفسیات کی ایک ٹیم نے یہ معلوم کیا کہ ہفتے میں تین بار ہلکی پھلکی اور پرسکون دماغ کے ساتھ چہل قدمی یادداشت کو بہتر بناتی ہے جو عموماً عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ ناقص ہو جاتی ہے۔ دراصل جب آپ خود کو پرسکون کرنے کیلئے واک کرتے ہیں تو اس کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ ذہن سے تمام پریشان کن خیالات کو نکال دیں۔ اپنی چہل قدمی کو ایک ورزش مت سمجھئے۔ آپ کی چال ہر قسم کے دباؤ سے عاری اور ہموار وہم آہنگ ہونی چاہیے۔ گہری اور ہموار سانس لیجئے۔ ناک سے ہوا اندر کھینچئے اور منہ سے نکالیے۔ چلتے ہوئے اپنے حال پر توجہ مرکوز رکھئے بس کی فکر مت کریں کہ کل کیا ہوا تھا اور آنے والے دن کیا ہوگا۔ آپ کی اس سیر کی کوئی خاص سمت نہیں ہونی چاہیے۔ بس پرسکون انداز میں سیدھے میں چلتے رہیے۔ جسم کو سیدھا رکھتے ہوئے جہاں دل چاہے گویا بھٹک جانے والے انداز میں واک جاری رکھئے۔ کم سے کم 20 منٹ تک یونہی خود کو دنیا وما فیہا سے بیگانہ رکھ کر آپ نہ صرف اپنا جسم و دماغ ہلکا پھلکا محسوس کریں گے بلکہ اپنے اندر ایک نیا اعتماد اور ولولہ محسوس کریں گے۔ تحقیقات سے یہ پتہ چلا کہ جو لوگ ہفتے میں تین بار 15 سے 60 منٹ تک واک کرتے ہیں وہ ذہنی و جسمانی طور پر زیادہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ دراصل دوسری سانس کی ورزشوں کی طرح واک کرنے سے بھی دماغ تک آکسیجن کی فراہمی بڑھ جاتی ہے (جو عام طور پر عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ سست ہو جاتی ہے) اس طرح یہ دماغ کو چست اور تیز رفتار بنانے میں مدد دیتی ہے۔ بالخصوص دماغ کے وہ حصے جو منصوبہ بندی اچھے برے کی تمیز کرنے اور فوری یادداشت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں واک کرنے سے ان کی کارکردگی بڑھ جاتی ہے۔

حاملہ کی الٹیاں روکنے کا آزمودہ نسخہ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! آپ پر بھی اور آپ کے سارے عملے اور مسلمانان عالم پر رب العزت کی رحمتیں ہوں ہر برائی' ہر شر سے بچائے اور صرف اچھائی ہی اچھائی عطا کرے۔

حاملہ کی الٹیاں روکنے کا آزمودہ نسخہ: محترم حکیم صاحب! یہ نسخہ میرا آزمودہ ہے اس کے علاوہ میں نے جس کسی کو بھی بتایا اللہ نے اسے بھی شفاء دی ہے۔ ھوالشافی: کول ڈوڈے دو تولہ' طباشیر ایک تولہ' چھوٹی الائچی ایک تولہ' سفید زیرہ ایک تولہ' کوزہ مصری ایک تولہ۔ طریقہ: کول ڈوڈے کو گرم کر کے توے پر ہی چھلکا اتارتے جائیں' درمیان کی سبز چیز پھینک دیں پھر سب دوائیوں کا پاؤڈر بنالیں۔ آدھا چمچ چائے والا صبح وشام پانی سے استعمال کریں' ان شاء اللہ بہت جلد آرام آجائے گا۔ (کوثر زاہد حسین)

WWW.PAKSOCIETY.COM

گمشدہ چیز فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ

قسط نمبر 5

میں نے اس وظیفے کی برکت سے اپنے شوہر کو ان عورتوں کے چنگل سے چھڑوا لیا۔ اس کے بعد میرے شوہر مجھ پر پہلے سے بھی زیادہ اعتماد اور محبت کرنے لگے۔

قارئین! ہر ماہ حضرت حکیم صاحب کا روحانی رازوں سے لبریز منفرد انداز پڑھیے

قارئین! جب سے یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے مشاہدات بتانے شروع کیے تب سے اس وظیفے سے فائدہ پانے والوں کی ڈھیروں ڈاک آرہی ہے۔ اب بھی ایک خوشیوں سے مزین خط میرے سامنے پڑا ہے جو کہ میں قارئین کی نذر کرتا ہوں:۔

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے عبقری سے منسلک ہوئے چند ماہ ہوئے ہیں جتنی تعریف کی جائے کم ہے اور جو عوام کی آپ بے لوث خدمت کررہے ہیں وہ قابل تحسین ہے۔

میرا مسئلہ یہ تھا کہ میرے شوہر کپڑے کے تاجر ہیں' گزشتہ چند سالوں سے ہمارا کاروبار بجلی کی لوڈشیڈنگ کی وجہ سے کافی خراب ہوا اور کچھ کے بعد دیگرے تین بار ہماری دکان سے لاکھوں کا سامان چوری ہوا پہلے تو ہم بینک سے لون لے کر بیچتے رہے مگر جب تیسری بار چوری ہوئی تو وہ سارا سامان ہول سیلرز کا تھا ہم ساٹھ ستر لاکھ کے مقروض ہوگئے بینک کا لون علیحدہ سود پر تھا جو کچھ تھا سب ختم ہوگیا' نہ گھر رہا نہ دکان۔۔۔!

مگر میرے سسرال کا ہے' میری شادی کو 21 سال ہوگئے ہیں۔ میرے میاں جس کام میں ہاتھ ڈالتے بگڑ جاتا' میرے سسرال والے کہتے کہ یہ سب میری قسمت ہے' حالانکہ میں اپنے شوہر کے ہر دکھ میں ان کی ہر طرح سے مدد کرتی رہی ہوں' پہلے تو میرے میاں محسوس نہیں کرتے تھے مگر پچھلے کچھ ماہ میں انہوں نے بھی دوسری شادی کا کہنا شروع کردیا' میری ماں فوت ہوچکی ہیں اور باقی بہنیں بھائی بڑے ہیں اور وہ سب اپنی اپنی شادی شدہ زندگیوں میں مصروف ہیں' میں بہت پریشان رہی ایک دن پتہ چلا کہ میرے میاں نے دو عورتوں سے تعلقات بنا لیے ہیں' کچھ لوگوں سے استخارہ کروایا تو انہوں نے کہا کہ آپ کے شوہر کی چوریاں بھی اصل میں نہیں ہوئیں وہ بھی انہوں نے غیر عورتوں پر لٹا دیا ہے۔ گھر میں عجیب پریشانی پیدا ہوگئی' عبقری میں لکھا ہر وظیفہ پڑھتی مگر میں ایک مکمل وظیفہ چاہتی تھی کیونکہ مجھے نہیں آتی تھی کہ کیا پڑھوں' میں ڈوبے ہوئے وظائف بدلتی رہتی ہر بار اک نیا وظیفہ پچھلے وظیفے سے زیادہ اچھا لگتا۔ میرے میاں سونے میں بھی ہاتھ ڈالتے تو مٹی ہوجاتا حالانکہ میں صوم وصلوٰۃ کی پابند ہوں مگر کاروباری ازدواجی پریشانیوں نے زندگی عذاب کردی۔ ہر وقت خوف رہتا کہ پتہ نہیں کیا ہوگا۔

پھر ایک دن آپ کے درس جو میں ہر جمعرات کو نیٹ پر سنتی ہوں۔ اس میں آپ نے یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے فضائل بتائے۔ مجھے ایسے لگ رہا تھا کہ وہ درس صرف آپ میرے لیے ہی کررہے ہیں۔ میں نے اسی دن فیصلہ کرلیا کہ اب میں سارے وظائف چھوڑ کر صرف یہی وظائف یقین توجہ اور اعتماد سے کروں گی۔

اس دن کے بعد میں نے یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لاکھوں کی تعداد میں پڑھا۔ اس کا سب سے پہلا فائدہ یہ ہوا کہ میرے سسرال والے چاہتے تھے کہ میرے شوہر دوسری شادی کرلیں اسی وجہ سے میرے شوہر نے غیر عورتوں سے تعلقات بھی قائم کرلیے تھے اور میرے ساتھ انتہائی نامناسب رویہ رکھتے تھے۔ مگر میں نے ہمت نہ ہاری اور وظیفہ جاری رکھا۔ میں نے اس وظیفے کی برکت سے اپنے شوہر کو ان عورتوں کے چنگل سے چھڑوا لیا۔ اس کے بعد میرے شوہر مجھ پر پہلے سے بھی زیادہ اعتماد اور محبت کرنے لگے۔ میرے میاں حقیقت میں پہلے بھی بدکردار نہیں تھے مگر میرے سسرال والے مجھے اتنا پسند نہیں کرتے انہوں نے اپنے گھر والوں کے بار بار اصرار پر شاید ایسا کیا۔ مگر اب الحمدللہ ثم الحمدللہ میرے میاں اس وظیفے کی برکت سے راہ راست پر آچکے ہیں۔

دوسرا بڑا مسئلہ ہمارے کاروبار کا تھا جو کہ دن بدن زوال کا شکار تھا۔ ہم ایک وقت کی روٹی کو ترس گئے تھے۔ ہمارا خرچہ میرے جیٹھ اور دیور چلا رہے تھے۔ پھر میں نے اپنے شوہر کو بھی یہی وظیفہ بتایا اور کہا کہ سارا دن ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں ان شاء اللہ اللہ کرم کرے گا۔ انہوں نے بھی سارا دن یہی وظیفہ پڑھنا شروع کردیا۔ کچھ ہی عرصے میں اللہ نے غیب سے سبب بنایا اور اللہ نے میرے شوہر کے کچھ مخیر دوستوں کے دل میں ڈالا اور انہوں نے میرے شوہر کو رقم اکٹھی کرکے دوبارہ اسی بازار میں دکان ڈال کردی۔ الحمدللہ اب ہمارا کاروبار پہلے کی طرح چل رہا ہے اور میرے شوہر اپنے دوستوں کی رقم بھی آدھی سے زیادہ واپس دے چکے ہیں۔

محترم حکیم صاحب! ایک وقت تھا کہ میرے سسرال والے مجھے میرے بچوں اور میرے شوہر کو بالکل حقیر جانتے تھے ان سب باتوں کے پیش نظر میرے شوہر کہتے تھے کہ اگر خودکشی حرام نہ ہوتی تو میں اس ذلت سے بہتر تھا تم سب کو زہر دیکر خود بھی موت کو گلے لگا لیتا۔ میرے شوہر ساری ساری رات جاگتے۔ اب الحمدللہ میں نے اور میرے شوہر نے حال ہی میں عمرہ کیا ہے اور وہاں جاکر بھی عبقری کی مزید ترقی کیلئے رو رو کر دعائیں کی ہیں۔ کیونکہ عبقری کی ہی وجہ سے ہمیں یہ وظیفہ ملا۔ اگر ہمیں یہ وظیفہ نہ ملتا تو شاید آج میرا گھرانہ حرام موت کو گلے لگا لیتا۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ عبقری اندھیروں میں چراغ ہے۔

سفوف ہاضم

یہ سفوف سینے کی جلن' مدر بول' جگر کی حرارت کو بذریعہ پیشاب خارج کرتا ہے۔ تے ومتلی' سوزاک' پیشاب کی کمی' خارش کیلئے انتہائی مفید ہے۔ نسخہ درج ذیل ہے:۔

ھوالشافی: زیرہ سفید سو گرام' جو کھار سو گرام' قلمی شورہ سو گرام۔ تینوں چیزیں کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

خوراک: دو گرام صبح' دوپہر' شام بعد از غذا سادہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

گیس' قبض وبادی بواسیر: ھوالشافی: ادرک پچاس گرام' پودینہ پچاس گرام' انار دانہ پچاس گرام۔ تینوں اجزاء کی چٹنی بنالیں۔ ایک چمچ چائے والا صبح وشام بعد از غذا سادہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ گیس' قبض اور بادی بواسیر کیلئے لاجواب ہے۔ (ج۔ر۔ک)

WWW.PAKSOCIETY.COM

عبقری رسائل، ادویات، کتب آپ کے شہر میں

احمد پور شرقیہ: 0622272198
احمد پور شرقیہ: 0302-7269635
اٹک: 0321-5247893
اسلام آباد/راولپنڈی: 0336-0195368
ایبٹ آباد: 0344-9381998
(ایبٹ آباد) (0992-335347)
اوکاڑہ: 057-2602020
اوکاڑہ: 0300-6968536
بہاولنگر: 0312-5619880
(0300-7591190)
0313-5417676
بہاولپور: 0333-6320766
(0301-6749177)
بہاولپور: 0333-6367755
0673352712
0321-9632838
(0334-8552912)
0322-7836671
0314-9007293
0306-7800421
0333-9161237
0334-5800786
0314-3650234
0334-4062696
0331-6404456
0346-5771975
0963511209301-8790927
0162-511845
0333-6735442
0333-6570706
0333-6756493
0477-621733
0321-7359861
0333-5806101
0333-5480393
0306-6758452
0301-6956848
0300-6965659
0333-5788167
0333-5778510
0306-5785684
0332-2544472
0313-5417676
0333-4398677
0315-6905313
0321/0302-6989035
054-3580102
0306-5601613
0622-412439
0314-2192166
0300-3790255
0300-0936775
0300-3215348
0346-9520528
0301-5514113
0303-7372281
0685-572654
0306-5038040
0336-8603026
0333-5646351
051-5505144
0341-4037028
042-35390737
0068-5872626
0332-2560190

[illegible]

0333-6954044
0300-4069957
0302-5739156
0314-3099787
0302-5898995
0345-2567447
0300-6348123
0346-6747112
064-2017622
0315-8701970
0335-430184
0301-6762480
0321-7120318
0336-9312436
0321-6938947
0335-7724570
0300-5665317
0342-6565723
0332-7616010
0341-6616915
0300-2539685
0334-3100962
0302-7296211
0312-3710911
0333-7452600
0333-6353870
0322-7849580
0333-7674684
0344-5419941
0301-7118200
0300-6698022
0333-6843333
0828-601084
0300-3215348
0300-3218560
0333-3364127
0300-2680248
0301-2919092
0333-6008515
0922-511760
0300-7451933
0322-7616470
0333-6003070
0344-4070752
0336-0312694
08-1-2824617
0300-7780221
0307-5137855
0300-4340914
0313-4874544
0300-4992290
0334-9630911
0334-7670840
0333-7813805
0302-6292132
0333-8443093
0332-5878032
0300-6453745
0300-6422516
0344-9115511
0307-8321046
0300-8356645
0345-8709947
0313-5417876
0320-9139589

[illegible]

0322-4614031
0322-4227474
0345-3228855
0321-5734321
0300-6348123
0300-3593677
0345-6430615
0333-6031077
0346-6565765
0321-7982550
0303-7523280
0300-2753463
0300-6301461
0300-8632292
03449580095
0321-5531632
051-3411116
0300-9175500
0333-8884615
0345-8461514
0346-9616224
0333-3436222
0335-1580590
0331-7584075
0322-4861522
0321-9702005
0333-6749461
0333-8775548
0332-7845812
0306-8281075
0301-6661714
0345-6892591
0301-5497007
0321-7584846
0315-7390079
0314-9204421
0346-4934044

عبقری بیرون ممالک

201-683-1882
630-589-6432
0044-7860-9842-16

[illegible]

ایجنسی ہولڈر کیخلاف قارئین کی شکایات

ناظرین کی طرف سے مسلسل شکایات آرہی ہیں کہ ایجنسی ہولڈر عبقری کی ادویات کے ساتھ ساتھ اپنی غیر مستند اور جعلی ادویات بھی بیچ رہے ہیں۔ ادارہ نے صرف عبقری ادویات کی اجازت دی ہے۔ اس کے علاوہ ادویات کے نقصانات کے ہم ہرگز ذمہ دار نہیں ہونگے۔ قارئین صرف عبقری ادویات استعمال کریں۔ اگر کوئی ایسا ہو تو ہمیں اطلاع کریں۔ ہم ایجنسی منسوخ کرنے کے مجاز ہیں۔ کوئی بھی قیمت سے زیادہ وصول نہ کریں۔ (ادارہ)

ایجنسی ہولڈر بھی خطرناک عامل بن گئے

وہ لوگ جو عملیات، تعویذات اور وظائف کی الف، ب سے بھی واقف بھی نہ تھے انہوں نے ماہنامہ عبقری اور عبقری ادویات کی ایجنسی شروع کر دی تو انہوں نے باقاعدہ لوگوں کو دم کرنا اور تعویذ دینا شروع کر دیا جس کے نہایت خطرناک الٹ نتائج عبقری کے دفتر میں مسلسل آرہے ہیں۔ قارئین! عبقری کی طرف سے ان کی نہ کوئی اجازت ہے اور نہ کوئی ترتیب۔ ایسا کرنے میں نقصان کے ذمہ دار لوگ خود ہوں گے ادارہ عبقری اس کا ہرگز ذمہ دار نہیں ہوگا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

جو شخص تسخیر خلق کی نیت سے یا آولی کو روزانہ 1111 مرتبہ سورج نکلنے سے پہلے پڑھنے کا معمول بنالے تو ایسے لوگ بہت پسند کرنے لگیں گے۔

دردوں سے مایوس لوگوں کیلئے

دردی ہربل لیپ

اب کوئی درد نچ کر دکھائے

ایسا لیپ جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے چلنے پھرنے کے قابل بنائے اور بالکل فٹ چال دے

دردی لیپ ایک ایسی ایجاد ہے جس نے بھی استعمال کیا اسی کا ہو گیا قیمت میں کم اور فوائد میں بہت زیادہ ہے ہر وقت گھر میں رکھنے کی چیز ہے بچوں بوڑھوں جوانوں اور عورتوں کیلئے مفید ہے۔ پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو فالج لقوہ رعشہ کمر کا درد پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جانے کسی عضو کا پچک جانا پنڈلیوں کا درد نقرس لاغری ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا موچ آجانا بجلی کا جھٹکا لگنا کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا خون کا جم جانا گھٹنیا شائیکا (لنگڑی کا درد) بچوں میں نمونیا سوکڑا ہاتھ پاؤں کی ہڈیاں ٹیڑھی ہو جانا ہاتھ پاؤں کا اکڑاؤ بوڑھوں کی ہڈی ہڈی دکھتی ہو نماز کیلئے کھڑے نہ ہو سکتے ہوں خاص طور پر گھٹنے درد کرتے ہوں جوڑ جوڑ درد کرتا ہو بس دردی لیپ کا استعمال کریں اور زندگی میں سکھ چین پائیں۔ متاثرہ جگہ پر دردی لیپ کر کے اوپر گرم کپڑا باندھ لیں۔ اگر گھٹنوں میں تکلیف ہو تو دردی لیپ کر کے بینڈیج چڑھا دیں اگر بچوں کو نمونیا ہو گیا ہو تو پسلیوں پر دردی لیپ کی مالش کریں اور گرم کپڑا ڈال کر سلا دیں۔ بچوں میں ایک بیماری ہوتی ہے سوکڑا پن..... جس میں بچہ کمزور سے کمزور تر ہوتا چلا جاتا ہے۔ بچے کے پورے جسم پر دردی لیپ کی پابندی سے مالش کریں سوکڑا پن جاتا رہے گا۔ الغرض جس مقام پر بھی لگائیں کمال دیکھیں..... محسوس ہو گا کہ درد تھا ہی نہیں۔ دردی لیپ بنانے میں تھوڑی سی محنت کرنی پڑتی ہے لیکن مریض کیلئے فائدہ مند ہے جس نے بھی محنت کی صحت مند ہو گیا۔

